Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

612

उर्दू संग्रह

पुस्तक का नाम आर्य जन्तरी व
– डायरी कटरी

लेखक आर्य समाज करनाल पंजाब

प्रकाशन वर्ष 1908

आगत संख्या 612

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

612

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

612
ع ۱۰
اوم

نقشہ اوقات مشہور مقامات بموجب وقت گرینج دانگلینڈ



جب ہمبوتی ہے شام ہوتی ہے کلکتہ میں تبھی شام ہوتی ہے بمبئی

کالो नयातो वयमेव याता

آریہ جنتری و ڈائرکٹری ۱۹۰۸ء

مطابق

آریہ سمت ۱۹۷۲۹۴۹۰۱۰۹۹



612.U

مجریہ

آریہ سماج کرنال پنجاب

مطبع ہندوستان سٹیم پریس لاہور بیرس شاہ عالمی

قیمت فی جلد ۴

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱	فہرست تعطیلات سرکاری	۱
۲	ایڈیٹوریل نوٹ	۲
۳	آریوں کے روزانہ فرائض (از مہاتما منشی رام جی)	۳ تا ۱۸
۴	نگنتر وراشی۔ اور کلپ یا مرشٹی سمت کا حساب	۱۹-۲۰
۵	فہرست سمبت ہاورا یج الوقت	۲۱
۶	آریہ جنتری از جنوری تا دسمبر ۱۹۰۸ء	۲۳ تا ۴۴
۷	سنسکاروں کی ہما۔ اوتمتا اور ان کا پھل	۴۵ تا ۴۷
۸	عجیب وغریب باتیں	۴۸-۴۹
۹	چند نسخجات عطیہ لالہ گوپی ناتھ صاحب رئیس کرنال	۵۰
۱۰	ریویو چند کتب جدید الطبع	۵۱
۱۱	آریہ پرتی ندھی سبھاؤں و اُپ سبھاؤں کے حالات	۵۲ تا ۵۶
۱۲	پنڈتوں کو خوش خبری	۵۷
۱۳	فہرست اوپدیشکاں وغیرہ	۵۷
۱۴	" لوکل اوپدیشکان وغیرہ	۵۸
۱۵	حالات گورو گلہا بھارت ورش	۶۰ تا ۷۲
۱۶	" آریہ پاٹھ شالہ و سکول وغیرہ	۷۴ تا ۷۶
۱۷	کنیا پاٹشالاؤں کے حالات	۷۴ تا ۷۷
۱۸	مستریوں کے متعلق سماج و دیگر انسٹی ٹیوشنوں کے حالات	۷۷-۷۸
۱۹	حالات آریہ دنتا پرتی ندھی سبھا برہمرشی دیش جیلپور	۷۹
۲۰	" یتیم خانہ جات بھارت ورش	۷۹ تا ۸۲
۲۱	نسخہ ہون سامگری	۸۲
۲۲	فہرست آریہ سماج ہائے بھارت ورش وغیرہ	۸۳ تا ۱۰۷
۲۳	افریقہ میں دھرم پرچار	۱۰۸
۲۴	حالات دادی انسٹی ٹیوشنائے آریہ سماج	۱۰۸ و ۱۰۹
۲۵	ویدک جنرل ویدک پستکالیہ اجمیر۔	۱۰۹
۲۶	فہرست کتب جدید جو ۱۹۰۷ء میں شایع ہیں	۱۱۰
۲۷	" آریہ اخبارات ورسالہ جات وکتب فروش	۱۱۱
۲۸	آریہ سماجوں کے سالانہ جلسے	۱۱۲
۲۹	میلوں پر ویدک دھرم کا پرچار	۱۱۳
۳۰	پرایشچت (شدھی)	۱۱۴ تا
۳۱	پرچہ جات سوالات امتحان ستیارتھ پرکاش سنہ ۱۹۰۷ء	۱۱۶ و ۱۱۷
۳۲	آریوں کے ساتھ مقدمات	۱۱۷
۳۳	حالات شاستراارتھ مابین آریہ سماج و دیگر مذاہب۔	۱۱۸
۳۴	آریہ سماجک پرشوں اور استریوں کا پرلوک گمن	۱۱۹
۳۵	اشتہارات	۱۲۴
۳۶	حالات علمی واخلاقی انسٹی ٹیوشنائے بھارت ورش	۱۲۵ تا ۱۲۸

فہرست مشتہرہ سوامی دیانند سرسوتی مہاراج کی تصنیفات کی کم شدہ قیمت

نمبر	نام کتاب	قیمت
۱	رگ وید بھاشیہ (۹ حصہ)	عہ/۱۳
۲	یجر وید بھاشیہ مکمل	۳
۳	یجر وید بھاشا بھاشیہ	عہ/۸
۴	رگ وید آدی بھاشیہ بھومکا	عہ/۴
۵	وید انگ پرکاش ۱۴ حصہ	۷ للہ
۶	نروکت	۱۰/
۷	چاروں وید مول سادہ کاغذ پر	۵/
۸	" " بڑھیا کاغذ پر	۸/
۹	چاروں ویدوں کی الوکر نیکا	عہ/۸
۱۰	شت پتھ براہمن مول مکمل	للہ/
۱۱	دشن اوپنشد مول	۱۰/
۱۲	ستیارتھ پرکاش سادہ کاغذ	عہ/
۱۳	" بڑھیا کاغذ	عہ/۱۲
۱۴	" بنگالی ترجمہ	عہ/
۱۵	" گجراتی ترجمہ	عہ/
۱۶	سنسکار ودھی سادہ کاغذ پر	۸/
۱۷	" بڑھیا کاغذ پر	۱۰/
۱۸	بواہ پدھتی	۴/
۱۹	آریہ بھوشہ	۳/
۲۰	" بڑی تقطیع	۶/
۲۱	پنچ مہایگیہ ودھی	۱۰۱/
۲۲	" بڑھیا کاغذ پر	۱۲/
۲۳	اشٹادھیائی مول	۱۰۳/
۲۴	سنسکرت واکیہ پربودھ	۱۲/
۲۵	بیوہار بھانو	۱۰۲/
۲۶	بھرموچھیدن والو بھرموچھیدن فی	۱۰۱/
۲۷	ست دھرم وچار (میلہ چاندپور) ناگری (اردو ۰)	۱/
۲۸	آریہ اودیش رتن مالا۔ ناگری	-/
۲۹	" " " مراٹھی ار۔ انگریزی	-/
۳۰	گوکرنا ندھی	۱/
۳۰	سوامی نارائن مت کھنڈن	۱۰۱/
۳۱	وید وِرودھ مت کھنڈن	۱۲/
۳۲	شاستراارتھ کاشی	-/
۳۳	سومنتو پاکھنڈ پرکاش ناگری ۰ر۔ انگریزی	-/
۳۴	آریہ سماج نیم واُپ نیم	-/
۳۵	چھاندوگیہ اُپنشد کا سنسکرت و ہندی بھاشیہ	۳/

CC-0. In Public D...

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست تعطیلات برائے عدالتہاء دیوانی و دفاتر سرکاری منظورشدہ چیف کورٹ و گورنمنٹ پنجاب و ممالک متحدہ آگرہ و اودھ برائے سال ۱۹۰۸ عیسوی

نمبر شمار	نام تعطیلات	صوبہ پنجاب				صوبہ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ			
		برائے عدالتہاء دیوانی		برائے دفاتر سرکاری		برائے عدالتہاء دیوانی		برائے دفاتر سرکاری	
		تواریخ	نام ایام	تعداد	تواریخ	تعداد	تواریخ	تعداد	تواریخ
۱	اعلان قیصری دلہوروز	یکم جنوری	بدھ	۱	یکم جنوری	۱	یکم جنوری	۱	یکم جنوری
۲	سنکرانت مکر	۰	منگل	۰	۰	۱	۱۴ر جنوری (اودھ)	۱	۰
۳	عید الضحیٰ	۱۴ و ۱۵ر جنوری	منگل و بدھ	۲	۱۵ر جنوری	۲	۱۵ و ۱۶ر جنوری	۲	۱۵ر جنوری
۴	موتی اماوس	۰	اتوار	۰	۰	۱	۲ فروری	۱	۰
۵	بسنت پنچمی	۶ فروری	برہسپت	۱	۶ فروری	۱	۶ فروری	۱	۶ فروری
۶	محرم	۱۰ تا ۱۴ر فروری	سوموار تا منگر	۵	۱۰ تا ۱۲ فروری	۳	۶ تا ۱۵ فروری	۱۰	۱۱ تا ۱۳ فروری
۷	شیوراتری	۰	سنیچر و اتوار	۰	۰	۰	۲۹ فروری یکم مارچ	۲	یکم مارچ
۸	سوموتی اماوس	۰	سوموار	۰	۰	۰	۲ مارچ	۱	۲ مارچ
۹	الیش ونیڈے	۰	بدھ	۰	۰	۰	۴ مارچ (اودھ)	۱	۰
۱۰	ہولی	۱۷ و ۱۸ر مارچ	منگل و بدھ	۲	۱۷ مارچ	۱	۱۸ تا ۲۰ مارچ	۳	۱۸ و ۱۹ مارچ
۱۱	چہلم	۰	منگل	۰	۰	۰	۲۴ مارچ	۱	۲۴ مارچ
۱۲	درگا اشٹمی	۹ر اپریل	برہسپت	۱	۰	۰	۰	۰	۰
۱۳	رام نومی	۰	شکر	۰	۰	۰	۱۰ر اپریل	۱	۱۰ر اپریل
۱۴	بارہ وفات	۱۴ر اپریل	منگل	۱	۱۴ر اپریل	۱	۱۴ر اپریل	۱	۱۴ر اپریل
۱۵	گڈ فرائیڈے	۱۷ر اپریل	شکر	۱	۱۷ر اپریل	۱	۱۷ر اپریل	۱	۱۷ر اپریل
۱۶	ایسٹر سوموار	۱۸ تا ۲۰ر اپریل	سنیچر تا سوموار	۳	۱۸ تا ۲۰ر اپریل	۳	۱۸ تا ۲۰ر اپریل	۳	۱۸ تا ۲۰ر اپریل
۱۷	لب کھی	۰	شکر	۰	۰	۰	(یکم مئی (اودھ	۱	۰
۱۸	نرجلا ایکادشی	۱۰ جون	بدھ	۱	۰	۰	۰	۰	۰
۱۹	سالگرہ شہنشاہ معظم	جو تاریخ مقرر ہو	۰	۱	جو تاریخ مقرر ہو	۱	جو تاریخ مقرر ہو	۱	جو تاریخ مقرر ہو
۲۰	بیاس پوجا	۱۳ر جولائی	سوموار	۱	۰	۰	۰	۰	۰
۲۱	ناگ پنچمی	۰	اتوار	۰	۰	۰	۲ر اگست (اودھ)	۱	۰
۲۲	سلونو	۱۲ر اگست	بدھ	۱	۱۲ر اگست	۱	۱۲ر اگست	۱	۱۲ر اگست
۲۳	جنم اشٹمی	۱۹ر اگست	〃	۱	۱۹ر اگست	۱	۱۹ و ۲۰ر اگست	۲	۱۹ر اگست
۲۴	انت چودش	۶ ستمبر	〃	۱	۰	۰	۶ ستمبر	۱	۶ ستمبر
۲۵	شب برات	۱۱ ستمبر	شکر	۱	۰	۰	۱۱ ستمبر	۱	۱۱ ستمبر
۲۶	مہالیا اماوس	۰	〃	۰	۰	۰	۲۵ ستمبر	۱	۰
۲۷	دسہرہ	۲ تا ۵ر اکتوبر	شکر تا سوموار	۴	۲ تا ۵ر اکتوبر	۴	۲ تا ۵ر اکتوبر	۴	۲ تا ۵ر اکتوبر
۲۸	جمعۃ الوداع	۲۳ر اکتوبر	شکر	۱	۰	۰	۲۳ر اکتوبر	۱	۰
۲۹	دیوالی	۲۴ر اکتوبر	سنیچر	۱	۲۴ر اکتوبر	۱	۰	۰	۲۴ و ۲۵ر اکتوبر
۳۰	جم دوتیا بھیا دوج	۲۷ر اکتوبر	منگل	۱	۰	۰	۰	۰	۰
۳۱	عید الفطر	۲۸ر اکتوبر	بدھ	۱	۲۶ر اکتوبر بشرط تلیح قمر	۱	۲۶ و ۲۸ر اکتوبر	۲	۲۷ر اکتوبر
۳۲	دیوا استھان	۰	۰	۰	۰	۰	۴ر نومبر	۱	۰
۳۳	سوموتی اماوس	۰	سوموار	۰	۰	۰	۲۳ر نومبر	۱	۲۳ر نومبر
۳۴	چاند گرہن	۸ و ۹ر دسمبر	منگل	۱	۰	۰	۰	۰	۰

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایڈیٹوریل نوٹ

(۱) پرماتما کا بیحد دھنیہ باد ادا کیا جاتا ہے کہ آریہ جنتری ڈائرکٹری کی تیسویں سالگرہ بخیر و عافیت اور مسلسل طور پر ختم ہوئی یعنی آریہ جنتری کا یہ دسواں ایڈیشن ناظرین کی خدمت میں پیش کرنیکا موقعہ ملا سالگذشتہ کیطرح اسکو بھی بہت سے جدید مضامین اور حالات سے مزین کرکے حتی المقدور دلچسپ و مفید بنانیکی کوشش کیگئی ہے اگر قبول افتد زہے عز و شرف

(۲) ہمارا ارادہ ہمیشہ آریہ ڈائرکٹری کو مکمل شکل میں پیش کرنیکا رہتا ہے اور اس کیلئے ہر سال حتی الوسع کوشش بھی بہت کیجاتی ہے جس کو ناظرین ڈائرکٹری ہذا سے بخوبی ملاحظہ فرما سکتے ہیں گذشتہ سالوں کی نسبت گو اس سال بھی کچھ نہ کچھ ترقی و ایزادی کی گئی ہے مگر تاہم اسکو مکمل آریہ ڈائرکٹری کہنا کسی حالت میں بجا نہیں ہے اس نقص کے لئے زیادہ تر اُن آریہ سماجوں کے منتری مہاشے ذمہ وار ہیں جو ہمارے ٹکٹ دار جوابی کارڈ پر قلم اٹھا کر لکھنا بار سمجھتے ہیں۔ اُن بڑے بڑے سماجوں کے نام صفحہ ۸۳ پر درج کردئے گئے ہیں جن میں اول نمبر پر آریہ سماج لاہور کا نام نامی درج ہے۔ جس کو تمام بھارت ورش میں شرومنی ہونیکا فخر حاصل ہے۔ جب ایسے مکھیہ سماج سے بھی حالات موصول نہ ہوں تو دوسروں سے کیا امید ہو سکتی ہے اور ان سے گلہ شکوہ کرنا بھی بیجا ہے۔ اگر آریہ سماجیں ہی اس سلسلہ ڈائرکٹری کو مکمل شکل میں دیکھنا پسند نہ کریں تو آئندہ سال سے اس کو بند کرنیکی بابت وچار کیا جاویگا ورنہ اگر وہ اس سلسلہ کو قایم رکھنا پسند کریں تو ان کا فرض ہے کہ وہ کوئی ایسی مناسب تجاویز پیش کریں جن سے یہ سلسلہ متواتر قایم رہے اور ڈائرکٹری مکمل شکل میں ہر سال تیار ہوتی رہا کرے۔ اس کے متعلق ہماری یہ تجویز ہے کہ جس وقت کسی سماج میں کوئی جدید کارروائی (مثلاً انتخاب عہدہ داران۔ شاستراتھ۔ سنسکار۔ جلسہ سالانہ۔ شدھی۔ پرچار میلہ۔ جدید کتب کی تصنیف وغیرہ وغیرہ) قابل اندراج آریہ ڈائرکٹری ہوا کرے تو وہاں کے منتری مہاشے اخباروں میں مضمون ارسال کرتے وقت بذریعہ کارڈ دفتر ہذا کو بھی اطلاع بخشا کریں جس سے ڈائرکٹری بآسانی اور جلد مکمل تیار ہو کر شایع ہو سکے۔

(۳) آریہ جنتری کو شروع سال سے پہلے ہی شایع کرنیکا ارادہ اور انتظام کیا گیا تھا مگر ہمارے اکثر مہربان منتری مہاشیوں اور مطبع کے کارپردازان کی بد انتظامیوں اور عدم توجہی کی وجہ سے آریہ پبلک کو اس قدر انتظار کرنا پڑا۔ امید ہے کہ ناظرین ہماری محنت اور سرگرمی پر خیال فرما کر اس انتظار کی تکلیف سے درگذر کریں گے۔

(۴) اس سال جنتری ہذا بہت سی ناموافق صورتوں میں مرتب کی گئی ہے۔ لالہ بنواری لال جی طالبق ایڈیٹر جنتری ہذا کے رخصت پر تشریف لے جانے اور کارسرکار سے عدم فرصتی کے باعث آریہ سماج کرنال نے ۹ نومبر ۱۹۰۶ء کو اسکی تکمیل اور انتظام کا نام مجھ کمتر ترین کے سپرد کیا جس کے لئے مجھ کو نہ تو اس قدر بہت فرصت تھی اور نہ تجربہ۔ حتی المقدور اپنے چند سماجی مہربانوں کی امداد اور عنایت سے جسقدر مصالح دستیاب ہو سکا اس کو مرتب کرکے ناظرین کی سیوا میں پیش کرتا ہوں اگر کچھ نقص یا کمی رہ گئی ہو تو ناظرین سے التماس ہے کہ وہ معاف فرما کر اطلاع بخشیں۔

(۵) بعض حالتے جنتری ہذا کی دیسی تاریخوں اور دنمان وغیرہ کی بابت دیگر پتروں اور جنتریوں کے مطابق نہ ہونیکا اعتراض کیا کرتے ہیں اسکی آگاہی کے لئے یہ درج کرنا ضروری ہے کہ یہ جنتری نیچے کے پتر کے مطابق طیار کی جاتی ہے جو دیگر پتروں کی نسبت مستند اور صحیح مانا گیا ہے۔

(۶) اخیر میں ہم جملہ پرتی ندھی سبھاؤں۔ آریہ سماجوں۔ اور دیگر انسٹی ٹیوشنوں کے منتری مہاشیوں کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اپنی اپنی سماجوں اور انسٹی ٹیوشنوں کے حالات مرحمت فرما کر ہم کو اس کام میں امداد دی ہے:۔

ودیہ کشن دھرم کاسیوک

رہتو گیت ایڈیٹر

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

آریوں کے روزانہ فرائض

(از مہاتما منشی رام جی)

رشی دیانند تحریر فرماتے ہیں کہ "آریہ نام ودوان۔ دھارمک اور آپت پرشوں کا ہے"۔ اور اس لئے اُن کے نتیجہ کرم (روزانہ اعمال) بھی ایسے ہی ہونے چاہئیں جو ودوان۔ دھارمک اور آپت پرشوں کے یوگیہ ہوں علی الصباح کے کاموں کا آغاز جاگنے کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔ اس لئے سب سے پہلے جاگنے کا وقت مقرر کرنے کی ضرورت ہے۔ منو بھگوان کا اُپدیش ہے۔

برُاہمہ مہورت یعنی چار گھڑی رات باقی رہتے ہی اُٹھے دھرم اور ارتھ کا چنتن (غور و فکر) کرے شاریرک روگوں (جسمانی امراض) کا نِدان (کارن) اور (وید تتوارتھ) پرماتما کا بھی وہیان کرے"۔

اِسوقت آریہ سماجیوں میں صرف نام کے بھی بان پرستی یا سنیاسی بہت کم ہیں۔ برہمچریہ کا سانگ بھی تھوڑوں کو ہی اونارنا نصیب ہوا ہے۔ البتہ گرہستیوں کا کچھ ٹھکانا نہیں جہاں دیکھو سنسار کا بوجھ بڑھانے والے گرہستھ ہی گرہستھ نظر آتے ہیں۔ اون گرہستیوں کے لئے براہم مہورت میں

چار گھڑی صبح اُٹھنے کا وقت

مقرر کیا گیا ہے۔ تمام عالم کے ودوانوں کا یہ تجربہ ہے کہ علی الصباح اٹھنے سے عقل دانائی سے کام کرنا شروع کرتی ہے۔ یہ تو آزمائی ہوئی بات ہے کہ ہر موسم میں طلوع آفتاب سے پہلے ہی اُٹھنا انسان کو کاہل و مجہول بننے سے روکتا ہے۔ منو مہاراج نے گرہستھ کو "افضل ترین" لکھا ہے اور یہی آشرم بقیہ تینوں آشرموں میں سارے عالم کا بوجھ اُٹھانے والا بیان کیا گیا ہے۔ لیکن فی زمانہ نہایت افسوس کے ساتھ دیکھا جاتا ہے کہ یہ آشرم برخلاف اس کے سنسار کے بوجھ کو بڑھا رہا ہے اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ گرہستھیوں نے اُن فرائض کو قطعی ترک کر دیا ہے جو ویدنے اُن کے لئے مقرر کئے تھے۔ جن میں سب سے پہلے علی الصباح جاگنا ساتھ ہی علی الصباح اُٹھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ سونے کا وقت بھی مقرر کیا جاوے۔ ودوانوں کی اتفاق رائے ہے کہ اچھے تندرست جوان آدمی کے لئے ۶ سے ۷ گھنٹے تک سونا لازمی ہے۔ گرمیوں میں علی الصباح ۴ بجے اُٹھنا ضروری ہے جاڑوں میں ۵ بجے صبح اُٹھنے سے بھی وہی مطلب حاصل ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اُن دنوں راتیں بڑی ہوتی ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں کے لئے ۸ گھنٹے تک سونا لازمی ہے۔ اس لئے ہر ایک آریہ گھر کا یہ قاعدہ ہونا چاہئے کہ گرہ پتنی (گھر کی مالکہ) ۵ بجے

۵۵ کالین (دھرم سے دھوکہ کھا جانے والے) زمان ۱۵ اس لفظ کا کوئی مترادف نہیں ہے اس لئے ہم نے لفظ کال ہی محفوظ

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۲ برس تک کی عمر والے بچّوں کو ۹ بجے ضرور سُلا دیوے اور اُن کو ۵ بجے سے پہلے نہ اُٹھاوے اور خود مع اپنے خاوند اور دیگر بڑے مرد عورتوں کے موسم گرما میں ۹ یا ۹½ بجے ضرور سو جاوے۔ موسم سرما میں ۱۰ یا ۱۰½ بجے سو کر ۵ بجے اُٹھ جانا ٹھیک ہے جو ۷ گھنٹوں کی نیند میں گذارہ کر سکیں۔ اُن کو چاہئے کہ وہ اُٹھنے کا وقت کچھ پہلے مقرر کر لیویں مگر سونیکا وقت نہ ٹالیں کیونکہ آدھی رات سے پہلے کے دو گھنٹوں کا آرام پچھلی رات کے چار گھنٹوں کے آرام کے برابر ہے۔ اس پر بعض اصحاب یہ حجت کر سکتے ہیں کہ اُن کو جلد نیند نہیں آتی یا صبح اُٹھنے میں سستی معلوم ہوتی ہے لیکن یہ بیماری اس سے دور ہو سکتی ہے سب اندریوں پر من راجہ ہے۔ یہ عام مسلّمہ سدھانت ہے۔ مانسک شکتی کا استعمال کر من میں درڑھ سنکلپ کر کے سو جاؤ کہ فلاں وقت اُٹھنا ہے تعجب سے دیکھو گے کہ اُسی وقت آنکھ کھل جائیگی یہ بات ہر ایک آریہ کو یاد رکھنی چاہئے کہ تمام بُرائیوں کا وقت ۱۰ بجے رات سے ۳ بجے صبح تک ہوتا ہے چور اور ڈاکو شہوت پرست اور جُوئے باز اسی وقت بیخبر گھومتے اور سیدھے سادے شُدھ آتماؤں کو بھی گرانے کی خواہش کرتے ہیں۔ اس لئے یہ وقت جہاں تیسری (مرتاض) آدمی دھیان میں گذارتا ہے وہاں گرہستھ کو اپنی اندریوں کے آرام دینے میں گذارنا چاہئے۔

ادائیگی فرایض میں یکسانیت

آریہ پُرشوں کو صرف سونے اور جاگنے کا ہی خاص اصول نہیں بنانا چاہئے۔ بلکہ رات دن کے تمام کاروبار کے لئے ایک ہی قسم کا اصول بنانا چاہئے سنان۔ سندھیا اور بھوجن وغیرہ سب کے واسطے آریوں کا ایک ہی قاعدہ ہونا چاہئے۔ اس کے نہ ہونے سے اس وقت بڑا گھن پڑ رہا ہے میں نے کئی بار دیکھا ہے کہ سندھیا کا وقت ہو جاتا ہے اور آریہ پُرش بیٹھے گپ اُڑاتے رہتے ہیں معمولی آدمی تو شرم کے مارے اپنی سندھیا بھی بھول جاتے ہیں۔ البتہ کوئی غیر معمولی آدمی ہو تو اسے ناشایستہ بننا پڑتا ہے اور گھر آئے مہمانوں کا نرادر کر کے سندھیا پر بیٹھنا پڑتا ہے۔ فرض کرو میرا بھوجن کا وقت ہے اور آپ کا گپ ہانکنے کا۔ آپ بھوجن ۱۱ بجے کرتے ہیں اور میں ۱½ بجے تو پھر فرمایئے آپ میری ضرورت کو کس طرح محسوس کر سکتے ہیں۔ پھر تہذیب کا لحاظ نہ کر کے مجھے آپ سے بھوجن کرنے کی اجازت لینی پڑتی ہے۔ زیادہ مثالوں کی ضرورت نہیں اس سے ہی ظاہر ہو گیا ہو گا کہ اگر تمام آریہ سماجستھ اپنے تمام کاموں کے لئے یکساں وقت مقرر کر لیویں تو کام کرنے میں بلاشبہ بڑی آسانی رہے گی۔ پھر نہ تو مہمان نوازی میں کوئی تکلیف ہو گی اور نہ مہمانوں کو بھی کوئی دقت پیش آئے گی۔ مجھے ہندوستانیوں کے پولیٹکل حقوق مانگنے پر اسی لئے ہنسی آیا کرتی ہے کہ جنہیں وقت پر کام کرنا نہیں آتا وہ پولیٹکل حقوق حاصل کر کے انہیں بچوں کے گیند کی طرح تو اُچھالتے نہ پھریں گے؟۔ انگریزوں نے دو بجے اپنے لنچ (دجل پان) کا وقت مقرر کر رکھا ہے۔ جس وقت دوپہر چوٹ لگی جج فیصلا لکھنا بند کر دیگا بیرسٹر اپنی تقریر کو بیچ میں ہی چھوڑ دے گا۔ سوداگر سودا دینا ٹھیرا دیگا اور لنچ پر جا ڈٹے گا۔ یہاں تک کہ چلتی ہوئی ریل گاڑیوں میں بھی صاحب بہادر اپنی Lunch Time Hats (کھانے کی ٹوکری) کھول کر بیٹھ جاویں گے لیکن یہاں دیکھئے تو کوئی قاعدہ ہی نہیں کوئی دن میں دو وقت کھاتا ہے کوئی تین کوئی چار اور کوئی پانچ دفعہ دانتوں کو تکلیف دیتا ہے۔ اور کوئی تو دن بھر چرتا ہی رہتا ہے اور پھر اس کا بھی کوئی وقت مقرر نہیں آج دو بار بھوجن کیا تو کل چار بار اور پرسوں تین بار۔ اس پر طرہ یہ کہ آنے گئے کے پاس بیماریوں کی شکایت برابر موجود! میں کہاں تک لکھوں ہر ایک عقلمند اپنے اور اپنے پڑوسیوں کے جیوں سے ہی بہت سی مثالیں جمع کر سکتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kan

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سونے جاگنے کا طریقہ

سونے اور جاگنے کے متعلق ایک بات ضرور یاد رکھنی چاہیئے - پلنگ پر لیٹنے کے بعد اگر آپ کو اسی وقت نیند نہ آوے تو یاد کرو کہ آپنے سونے سے پہلے اپنے ہاتھ پاؤں دھوئے ہیں یا نہیں - اگر نہ دھوئے ہوں تو ہاتھ پاؤں اور منہ دھو کر تولیہ یا انگوچھے سے پونچھ ڈالو - اگر پھر بھی نیند نہ آئے تو ۵ منٹ ٹہل کر لیٹ جاؤ فوراً نیند آجائے گی اگر شریر کی حالت ہی ایسی ہو گئی ہو کہ اس پر بھی نیند نہ آئے تو سیدھے لیٹ کر لمبے لمبے سانس لو اور طبیعت یکسو کر کے "اوم" کا دھیان لگاؤ فوراً نیند آجائیگی - اگر شام کا کھانا ہضم ہونے کے لئے کم از کم ۲½ گھنٹے نہ دیئے جاویں تو نیند ٹھیک نہیں آسکتی اس لئے تمام آریہ سماجی گھروں میں شام کے کھانا کھانے کا وقت ۷ سے ۸ بجے تک ہونا چاہیئے اس قاعدہ کی پابندی سے گھر کے سب مرد عورت بیماریوں سے بچے رہیں گے سونے کے اس قاعدہ کے ساتھ ہی جاگنے کا یہ قاعدہ ہونا چاہیئے کہ علی الصباح جب آنکھ کھلے فوراً اُٹھ کر بیٹھ جاؤ - علی الصباح جاگتے ہوئے کھاٹ پر لیٹے رہنے سے بُرے بُرے خواب آتے رہتے ہیں اور من میں بڑی اُدھیڑ بُن رہتی ہے شریر کا من کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے - اگر شریر سادھمان نہ ہو تو من بھی گرا رہتا ہے اس لئے آنکھ کھلتے ہی (چاہے وقت مقررہ سے پہلے ہی کیوں نہ ہو) چارپائی پر اُٹھ بیٹھو اور منوہاراج کے لیکھ کے مطابق

پہلے دھرم کا چنتن کرو

دھرم ارتھ کام اور موکش منشیہ جنم کے سادھن کے چار پھل بتلائے گئے ہیں منوہاراج نے مندرجہ بالا شلوک میں کام (خواہش) کا ذکر نہیں کیا کیونکہ خواہش تو منشیہ کا قدرتی خاصہ ہے جو لوگ کاموں کی اوتپتی کو ہی بند کرنا چاہتے ہیں وہ فطرات انسانی سے ناواقف ہیں - منوجی فرماتے ہیں -

अकामस्यक्रिया काचिद्दृश्यते नेहकर्हिचित्।
यद्यद्धि कुरुते किंचित्तत्तत्कामस्यचेष्टितम्॥

بغیر کامنا (خواہش) کے کوئی کریا (فعل) دکھلائی نہیں دیتی جو کچھ انسان کرتا ہے وہ چیشٹا کامنا کے بغیر نہیں ہے جبکہ منشیہ خواہشوں کا ہی پُتلا ہے تو خواہش کرنے کے اُپدیش کی کچھ ضرورت نہیں - ضرورت یہ ہے کہ اس خواہش کو ہی قابو کر کے سیدھے راستے پر چلایا جاوے اسی لئے منوجی نے کہا ہے -

कामात्मतानप्रशस्तानचेहास्तिव्रतेसति।
काम्योहिवेदाधिगमःकर्मयोगश्चवैदिकः॥ ۲

"خواہشوں کی حد درجہ غلامی سے بچنا اور حد درجہ بلا خواہش ہونے کی موت سے اپنی حفاظت کرنا منشیہ کا دھرم ہے کیونکہ بغیر خواہش کئے نہ تو وید کا گیان ہوگا اور نہ اُس کے مطابق اعمال ہی ہو سکیں گے"

اس لئے خواہش کرنے کی تعلیم دینے کی ضرورت نہ تھی البتہ اگر ضرورت تھی تو یہ بتلا دینے کی کہ محض خواہشات کے ہی غلام نہ بن جاؤ - پس منوہاراج نے ہدایت کی کہ علی الصباح اُٹھتے ہی معمولی خواہشات کو روک کر پہلے دھرم یعنی اپنے فرائض کا وچار کرو - اُس دھرم کے مطابق جو ارتھ و سامان حصول مقاصد ہوں یعنی اُن حصول سامان دنیوی پر وچار کرو جو دھرم کے خلاف نہ ہوں یا جن کے ذرائع حصول بھی دھرم کے مطابق ہوں - اس کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ساتھ ہی اگر کوئی جسمانی بیماری ہو تو اس کے اسباب کو جان کر اس کے بُرے نتائج سے بچنے کا طریقہ سوچو۔ اس دھرم ارتھ اور امراض جسمانی کی تشخیص اسباب پر علی الصباح وچار کے سادھن رشی دیانند مفصلہ ذیل پانچ ویدمنتر[۵] بتلاتے ہیں

प्रत्यग्निं प्रातरिन्द्रं हवामहे प्रातर्मित्रावरुणा प्रातरश्विना
प्रातर्भगं पूषणं ब्रह्मणस्पतिं प्रातः सोममुत हुवेम

"اُس پرمیشور (کے ساتھ) ہم لوگ صبح کے وقت سوپرکاش سوروپ پرم ایشوریہ کے داتا اور پرم ایشوریہ یکت (قادر مطلق) پران اُودان کے سمان عزیز اور سروشکتی مان سوریہ چندر کو جس نے اُتپن کیا ہے اس پرماتما کی استتی (حمد) کرتے ہیں۔ اور بھجنیہ (معبود) سوینہ (مخدوم) ایشوریہ یکت (قادر مطلق) پشٹی کرتا (قدرت بخش)، اپنے اور پاسک وید اور برہمانڈ (عالم) کے پالن کرنے والے انتریامی پریرک (محرک) اور پاپیوں کو رُولانے والے اور سروروگ ناشک (طبیب مطلق) جگدیشور کی استتی پرارتھنا کرتے ہیں ویسے پراتہ سے (علی الصباح) ہیں تم بھی کیا کرو"۔

प्रान्निनं भगमुग्रमीमहे वयं पुत्रमदितेर्यो विधर्ता।
आध्रश्चिद्यं मन्यमानस्त्रुरश्चिद्राजाचिद्यं भगं भक्षीत्याह

"پانچ گھڑی رات باقی رہے جب شیل (دھارن مطلق) ایشوریہ کے داتا تیجسوی (نور کل) انترکش کے پُتر (سوریہ) کو پیدا کرنے والے اور جو کہ سوریہ آدی لوکوں کا خاص کر دھارن کرنے والا سب طرف سے دھارن کرتا ہر کسی کا بھی جاننے والا دُشٹوں کو بھی دنڈ دینے والا اور سب کا پرکاشک ہے ایسے بھجنیہ معبود) سوروپ کو بھی اس پرکار سے ہم (عبادت کرتا ہوں)، اور اسی طرح بھگوان پرمیشور سب کو اُپدیش کرتے ہیں کہ تم جو میں سوریہ وغیرہ جگت کا بنانے اور دھارن کرنے والا ہوں میری اوپاسنا کیا کرو اور میری آگیا میں چلا کرو۔ اسی سے ہم لوگ اس کی استتی کرتے ہیں"

भगप्रणेतर्भग सत्यराधो भगेमां धियमुदवा ददन्नः
भगप्रणो जनय गोभिरश्वैर्भग प्रनृभिर्नृवन्तः स्याम

"ہے بھجنیہ سوروپ سب کے اُتپادک (پیدا کرنے والے) ستیا چار میں پریرک (محرک) ایشوریہ پرد (فیاض مطلق)، ستیہ دھن کو دینے والے ستیا چرن کرنے والوں کو ایشوریہ داتا آپ پرمیشور ہمکو یہ پرگیا (بدھی) دیجئے اور اس کے دان سے ہماری رکشا کیجئے۔ آپ گائے اور گھوڑے وغیرہ اتم پشوؤں کے یوگ (شمولیت) سے راجیہ شری (حشمت) کو ہمارے لیے پرگٹ کیجئے۔ آپ کی کرپا سے ہم لوگوں میں اُتم اور ویر منشیہ یکت ہوویں"

उतेदानीं भगवन्तः स्यामोत प्रपित्व उत मध्ये अह्नाम्
उतोदिता मघवन्त्सूर्यस्य वयं देवानां सुमतौ स्याम

"ہے بھگوان آپکی کرپا اور اپنے پرشارتھ (محنت) سے ہم لوگ ایسے پرکرشٹا (فضیلت) کی پراپتی (حصول) میں اِس ایام میں ایشوریہ یکت اور شکتی مان ہوویں۔ اور اے پرم پُوجت (معبود مطلق) اسنکھیہ (بے شمار) دھن دینے والے سوریہ لوک کے

---

[۵] نوٹ مترجم دیکھو رگوید ۵-۴-۸ منترا تا دیگر وید ادھیائے ۳۴ منتر ۳۴ تا ۳۸، اتھروید ۲۰-۱۴ منتر ۱ تا ۵)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اووے میں (دن بھر) پورن ودوان (کامل فاضل) دھارمک لوگوں کی اچھی طرح اوتم پرکار افضل ہدایت) اور سُمتی (نیک مشورہ) کے ذریعہ ہم لوگ سدا لگے رہیں"۔

भगमेव भगवाँ अस्तु देवास्तेन वयं भगवन्तः स्याम
तं त्वा भग सर्व इज्जोहवीति स नो भग पुरएता भवेह ॥

"اے سکل ایشوریہ یکت جگدیشور (محتشم و مالک کل) جس سے آپ کی سب جن نشچے کر کے پرشنسا (حمد) کرتے ہیں۔ سو آپ اے ایشوریہ پردد (فیاض مطلق) اس سنسار اور ہمارے گرہ آشرم میں اگر گامی (ہادی) اور آگے آگے سنیتہ کرموں کی بڑھانے والے ہوویں اور جس سے سمپورن ایشوریہ یکت اور سمست ایشوریہ کے داتا کے ہونے سے آپ ہی ہمارے پوجنیہ (معبود) دیو ہوویں اور اسی لئے ہم ودوان لوگ سکل ایشوریہ سمپن ہو کے سب سنسار کے اُپکار میں تن من دھن سے پرورت (مصروف) ہوویں"۔

ان منتروں کا دل سے پاٹھ اور ان کے مطالب پر وچار کرنے کے لئے ۱۵ منٹ بہت ہیں اس کے بعد گھر کے تمام مرد عورتوں کو رفع حاجات ضروری کے لئے ۱۵ منٹ کافی ہیں۔ بعد ازاں چھوٹے بچوں کو چھوڑ کر اپنی دھرم پتنی اور دیگر اہل خانہ کو ساتھ لیکر تازہ ہوا خوری کے لئے بستی سے باہر جاویں آدھ گھنٹہ میں باہر سے لوٹ کر مرد پندرہ منٹ سے ½ گھنٹہ تک ورزش کریں اور عورتیں سنان سندھیا سے فارغ ہو کر چھوٹے بچوں کو جگائیں اور انہیں پاخانہ وغیرہ پھرا کر غسل کراویں۔ مرد بھی ورزش کے بعد ۱۵ منٹ دم لیکر سنان کریں۔ اور پھر یریم پوربک سندھیا اوپاسنا میں آسن جماویں۔ اس کے بعد تمام کُٹنب مل کر (گرمیوں میں ۵½ بجے اور سردیوں میں ۶½ بجے) اگنی ہوتر کرے۔ اس طرح گرمیوں میں ۶ بجے اور سردیوں میں ۷ بجے گھر کے سب لوگ اپنے اپنے کام میں مشغول ہونے کے قابل ہو جائیں گے۔ حاصل کلام یہ کہ ایشور اوپاسنا کے لئے دھرم۔ ارتھ پربچار۔ عوارض جسمانی کی تشخیص اسباب اور ورزش یہی طریقے ہیں۔ اس لئے جب تک منشیہ پرماتما کا ست سنگ نہ کرے تب تک اُسے اور کسی کام کو شروع نہ کرنا چاہئے۔

سُوادھیائے

اگنی ہوتر اکٹھا کرنے کے بعد سب اہل خانہ الگ الگ بیٹھ کر سُوادھیاء (مطالعہ) میں لگ جاویں اس میں بوڑھے جوان عورت اور مرد کی کوئی خصوصیت نہیں۔ بوڑھے۔ جوان۔ بچے۔ عورت۔ مرد سب کو ہی مطالعہ ہر روز کرنا چاہئے۔ بیتے اکثر دیکھا ہے کہ پورانک کُسنسکاروں (خراب عادتوں) کی وجہ سے اکثر آدمی ضعیفی کو ہی دھرم گرنتھوں کے پڑھنے کا زمانہ سمجھتے ہیں یہ بڑی غلط فہمی ہے۔ جب سب اندریاں کمزور اور جسم قابو میں نہ رہے گا۔ اس وقت تو شہ دھرم بھلا کیا جمع ہو سکیگا۔ اسی لئے آپت پُرشوں نے کہا ہے کہ بڑھاپے سے پہلے ہی انسان کو دھرم کا ابھیاس کرنا چاہئے اور دھرم کے مرم کو جاننے کے لئے مطالعہ سے بڑھکر اور کوئی طریقہ نہیں۔ عام آدمیوں کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ میں نے ایسے شاستر وان آریہ سماجی بھی دیکھے ہیں جن کو ہفتہ میں ایک مرتبہ بھی مطالعہ کرنے کی عادت نہیں ہے۔ بعض سنسکرت جاننے والے پنڈت سمجھتے ہیں کہ مطالعہ کی ہدایت ان کے لئے نہیں کیونکہ وہ خود دھرم اوپدیش اور پڑھانے کے کام میں لگے ہوئے ہیں مگر میری رائے میں یہ اُن کی بڑی بھاری غلطی ہے۔ صحیح کا مطالعہ مہامُنی پتنجلی مہاراج نے کریا یوگ کا ایک انگ (رکن)

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بتلایا ہے۔ اور سمادھی کی سدھی (حصول مراقبہ) کے لئے اس کی اشد ضرورت ہے۔ اگر کوئی آریہ پرش اپنے آپ کو پنڈت سمجھتے ہوں تو اس پنڈتائی کو قایم رکھنے کے لئے بھی انہیں مطالعہ کی ازحد ضرورت ہے۔ جو لوگ سنسکرت نہیں جانتے اُن کو رشی دیانند کا وید بھاشہ (تفسیر وید) منگا کر پاس رکھنا چاہئے۔ جو وید بھاشہ کو بھی نہ سمجھ سکیں اُن کے لئے ستیارتھ پرکاش اور رگوید آدی بھاشہ بھومکا وغیرہ گرنتھ مفید ہو سکتے ہیں۔ ہاں بہت سے ایسے بھلے مانس بھی ہیں جو کہلانے کو درڑھ آریہ ہیں مگر جنہوں نے ابتک آریہ بھاشہ کے حروف تک بھی نہیں سیکھے اُن سے میں یہی کہوں گا کہ جس بھاشہ (اردو وغیرہ) کو وہ جانتے ہوں اُسی بھاشا کی دھرم کے متعلق کسی پستک کا پاٹھ کر لیا کریں گھر میں جو مرد عورت کوئی بھاشا نہ جانتے ہوں وہ دوسروں کے پاس بیٹھکر سُن لیا کریں۔ غرضیکہ آریہ گھر میں کوئی مرد عورت ایسا نہ ہونا چاہئے جو ہمیشہ مطالعہ نہ کرے۔ اس سے دھرم میں شردھا بڑھیگی اور آپت کال یعنی مصیبت کے وقت مستقل مزاج رہنے کی عادت ہو جائے گی۔ اگر ستی کو چھوڑ کر ٹھیک طور پر روزانہ سب کام باقاعدہ کرنے کی عادت ہو تو مذکورہ بالا تمام کام، بچے تک ختم ہو سکتے ہیں اس طرح تیاری کرنے کے بعد گرہستھ کو

حصول معاش

میں لگنا چاہئے روزگار کسی طرح کا ہو سب ہی اچھا ہے۔ چوری۔ جھوٹ اور دغابازی جس کام میں نہ کرنی پڑے وہ کام چاہے۔ دنیا کی نظر میں کیسا ہی ذلیل کیوں نہ سمجھا جاوے۔ آریہ رشیوں نے اعلےٰ درجہ کا مانا ہے۔ منو بھگوان نے لکھا ہے۔

नलोकवृत्तवर्तेत वृत्तिहेतोः कथंचन।
अजिह्मामशठांशुद्धां जीवेद ब्राह्मणो जीविकाम॥

"گرہستھ روزی کے لئے بھی کبھی خلاف شاستر دنیا سازی کا برتاؤ نہ کرے۔ بلکہ جس میں کسی طرح کی دھوکہ بازی جھوٹ فریب اور مکاری نہ ہو اس وید وکت کرم سے تعلق رکھنے والی روزی اختیار کرے۔"

परित्यजेदर्थकामौ यौस्यातांधर्मवर्जितौ।
द्वौमंचाप्यसुखोदर्कौलोकविक्रुष्टमेवच॥

(ارتھات) اگر دولت اور دل کے منصوبے ادھرم سے پورے ہوتے ہوں تو بھی ادھرم کو قطعی تیاگ ہی دیوے اور وید کے خلاف برائے نام دھرم و کرم جس کے کرنے سے آئندہ دُکھ اور دنیا کی ترقی کو زوال پہنچے کبھی نہ کرے سنسکرت و دیا کے غایب ہو جانے پر بھی دھرم سے روزی کمانیکے طریق کا اس دیش میں جاری رہنا ظاہر کرتا ہے کہ منو مہاراج کا مذکورہ بالا اوپدیش کسی زمانہ میں سارے بھارت ورش میں مانا جاتا تھا۔ ایک ضرب المثل میں کھیتی کو سب سے اعلےٰ روزگار بتلا کر بیوپار (لین دین) کو اوسط درجہ دیتے ہوئے۔ ملازمت یا نوکری کو سب سے ادنے بتلایا ہے۔ اور دراصل کھیتی کا کام ہے بھی سب سے افضل ہی۔ اس کی کامل پیداوار کے مقابلہ میں اور کوئی کام نہیں۔ نوکر آدمی تو درحقیقت کماتا ہی کچھ نہیں اُس کا تو ذکر کرنا ہی لاحاصل ہے۔ لیکن بیوپار میں بھی صرف دھن کا ہیر پھیر ہی ہے۔ اس دلیل کو بھی چھوڑ کر سب کاموں میں سے ایک زراعت اور دوسری صنعت ہی ایسے کام ہیں جن میں جھوٹ بولنے یا دھوکہ دینے کی کم ترغیب ہوتی ہے۔ بیوپار میں بھی اگر آدمی کا دل صاف ہو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تو سچائی سے کام چل سکتا ہے۔ لیکن نوکری میں تو انسان کو نرک (دوزخ) ہی بھوگنا پڑتا ہے۔ البتہ اگر آقا دھرماتما ہو تو اور بات ہے۔ مگر پھر بھی نوکری میں دُکھ ہی دُکھ ہے بقول ؎

پر آدھین سپنے سُکھ ناہیں

یہ سب سچ ہے لیکن دھرماتما آدمی ہر ایک کام میں یعنی نوکری تک میں جھوٹ۔ دغا اور فریب وغیرہ سے بچ سکتا ہے اور ادھرمی آدمی کھیتی جیسے اوتم کام میں بھی پاپ کا بھاگی بن سکتا ہے اس لئے آریہ پرشوں کو ہمیشہ یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ادھرم سے کمایا ہوا دھن اُن کے گھر میں کبھی بھی داخل نہ ہونے پاوے۔ سنتوش (قناعت) دوسرا اصول ہے جس کا پالن ہر ایک آریہ کو لازمی بتلایا گیا ہے سنتوش کا مطلب پُرشارتھ ہین (یعنی نکما) ہونے کا نہیں ہے بلکہ اسکا یہ مطلب ہے کہ اگر دھرم سے لاکھوں کی جائداد آوے تو آنے دو مگر ادھرم سے کمائے ہوئے ایک پیسہ تک کو نہ چھوؤ۔ آریوں کو اول روزگار بڑے غور و خوض کے بعد اختیار کرنا چاہیئے۔ لیکن جب ایک مرتبہ کسی روزگار میں لگ گئے تو اُسے دھرم اور انصاف کے اصولوں کے مطابق نباہنا چاہیئے۔

اور اس جگہ ایک ہی دفعہ میں بھوجن کے متعلق آریہ بھائیوں سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

آریوں کے کھانے کا وقت اور سامان

مقرر ہونے چاہئیں۔ علی الصباح مطالعہ سے فارغ ہو کر سارے کُنبے کو دُودھ پینا چاہیئے ساتوک (لطیف) بھوجن کا جہانتک استعمال رہیگا اُسی قدر آریوں کی سنتان پر ٹھیک دھارمک سنسکار پڑ سکیں گے۔ جن کو مقدور ہو اپنے ہاں گائے ضرور رکھیں اگر اس کی ٹہل کے لئے نوکر نہ رکھ سکیں تو سانی وغیرہ کا کام خود سیکھے اور اس کی ٹہل سے نہ صرف گوسنگتا کا اصلی پرچار بلکہ اپنے کُنبے کے لئے بھی عمدہ اور نفیس دودھ حاصل کرے۔ جو لوگ اس کے متعلق عدم فرصتی کی شکایت کرتے ہیں انہیں یاد رکھنا چاہیئے کہ اپنی فضول گپ شپ کے وقت میں سے اگر آدھا گھنٹہ بھی بچا لیں تو اس وقت میں یہ کام نہایت آسانی کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ اگر تمباکو پینا چھوڑ دیویں تو اس سے نہ صرف بہت وقت ہی بچ سکتا ہے بلکہ آنکھوں اور کانوں کی بیماریوں سے بھی نجات حاصل ہو جاوے گی اور ان کی اولاد بھی اس بد عادت سے بچ رہیگی۔ یوروپ اور امریکہ میں تو آجکل کے بڑے بڑے فاضل ڈاکٹر بآواز بلند کہہ رہے ہیں کہ حقہ پینے والے آدمیوں کو اولاد پیدا ہی کرنے کا حق نہیں ہے اور یہ بات بھی درست کیونکہ تمباکو میں ایسا زہر ہوتا ہے کہ جس سے بڑھکر نقصان دہ اور کوئی زہر نہیں ہے۔ آریوں کے گھروں میں حقے کی آواز ایسی ہی نفرت انگیز خیال کیجانی چاہیئے جیسے کہ ایک شریف دھرماتما آدمی کے گھر میں رنڈی کا ناچ۔ ماحصل یہ ہے کہ گپ شپ حقہ بازی وغیرہ فضول عیبوں سے اگر وقت بچایا جاوے تو ایک نردھن (مفلس) گرہستھ بھی اپنے تمام کُنبے کو تازہ دودھ پلا کر انہیں دھرم مارگ پر چلنے میں مدد دے سکتا ہے۔ اگر دُودھ نہ مل سکے تو پھل یا دیگر کچھ بھوجن کر کے سب اپنے اپنے کاموں میں لگ جاویں دوسرا وقت بھوجن کا دس یا گیارہ بجے کے بیچ میں ہونا چاہیئے جنہیں آگے پیچھے کام ہو اُن کیلئے بھوجن علیحدہ رکھ دیا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر تمام آریوں کے لئے ایک ہی وقت بھوجن کا ہو تو مہمان نوازی میں بھی دقت واقع نہیں ہو سکتی

اس کا بیان آگے کیا جاوے گا۔ بھوجن تیار ہونے پر سب سے پیشتر صاحب خانہ کو چاہیئے کہ بلی ویشو دیو یگیہ کرے ہر ایک آریہ گھر میں سنسکار ودھی اور پنچ مہایگیہ ودھی وغیرہ رشی دیانند کرت گرنتھ موجود ہیں

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہ بات میں نے پہلے ہی سے تسلیم کرلی ہے۔ چولہے میں آہوتیاں ڈالنے کے بعد کتوں۔ کوؤں اور اپاہج وغیرہ کے لئے الگ الگ حصے رکھے اور بعد اڑان بھوجن شروع کرنے کی تیاری ہونی چاہیئے۔ اگر کوئی مہمان آیا ہوا ہو تو سب سے پہلے اُسے بھوجن کرا دیں اکثر دیکھا گیا ہے کہ آریہ مندروں میں آریہ اوپدیشک ٹھہرتے ہیں تو چپراسی آریہ سبھاسدوں کے گھروں سے اُن کے لئے بھوجن لے آتا ہے۔ اب کسی کے ہاں بھوجن کا وقت ۹ بجے اور کسی کے ہاں ۱۲ بجے اس لئے بیچارے اوپدیشک کے تو بھوجن کا کوئی وقت مقرر نہیں رہ سکتا اور اس لئے اس کی صحت خراب ہو جاتی ہے۔ یہ قاعدہ ہے کہ مقررہ وقت پر معمولی بھوجن بھی نفع بخش ہوتا ہے اور بیوقت طاقت دینے والا بھوجن بھی نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ شردھا پورب (عقیدت مندی کے ساتھ) گھر میں بلا کر مہمان کو کھانا کھلانے سے مہمان اور مہمان نواز دونوں میں دھرم بھاؤ کی ترقی ہوتی ہے۔ آریوں کے لئے صرف سماج کے اوپدیشک ہی مہمان نہیں ہیں بلکہ جتنے نیک آدمی اچانک بلا اطلاع کسی وقت آنکلیں وہ سب ہی مہمان ہیں اور اُن کی خاطر تواضع کرنا مہمان نوازی سمجھنا چاہیئے۔ بعض آزاد سنیاسی ایسے بھی چلتے پھرتے نظر آتے ہیں جن کو اگر دھرم کی مورت کہا جاوے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ اُن کے آسن پر ہی پریم کے ساتھ بھوجن لے جانا یا پہنچا دینا چاہیئے۔ چاہے کسی دھرم کا ماننے والا سدا چاری (نیک چلن) آدمی کسی وجہ سے اتفاقیہ آجاوے اس کو بھوجن کرانا آریوں کا فرض ہے اس بارے میں تعصب کو دخل نہ دینا چاہیئے۔ عیسائی۔ مسلمان جینی بودھ چاہے کسی مذہب کا مقلد کیوں نہ ہو سب نیک چلن مہمانوں کو تواضع کے ساتھ بھوجن کرانا چاہیئے۔ شت پتھ براہمن میں اس یگیہ کا مرتکب ہوا بتلایا گیا ہے جس میں کوئی اتھی (مہمان) نہ آیا ہو اس مضمون پر زیادہ مفصل میں نے اس واسطے لکھا ہے کہ مہمانداری کے دھرم کا پالن ترک کر دینے سے ہی آریوں کو نقصان پہنچا ہے زمانہ قدیم میں یہاں کی مہمانداری نے ہی اس دیش کی عظمت کو سارے روئے زمین پر پھیلا کر اسے آریہ ورت کے نام نامی سے پکارا جانے کے مستحق بنا دیا تھا۔ مہمانداری کے بعد اپنے بزرگوں یعنی بڑے بوڑھوں اور واجب التعظیم گھر کے مرد عورتوں کو بھوجن کرانے کے بعد مالک اور مالکہ خانہ کنبے سمیت مل کر بھوجن کریں۔ جس گھر میں نوکر نہ ہو وہاں باری باری بھوجن پروسنے کا کام لیتے رہا کریں۔ اور بقیہ تمام مل کر بھوجن کریں۔ بھوجن خوب چبا کر کرنا چاہیئے۔ ایک لقمہ کو کم از کم ۲۵ دفعہ اور زیادہ سے زیادہ چالیس دفعہ خوب چبا کر نگلنا چاہیئے بغیر اس کے بھوجن ہضم نہیں ہوتا اور طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں ایک جگہ بیٹھ کر بھوجن کرنے سے ایک یہ بھی فایدہ ہے کہ صاحب خانہ بچوں کو اچھی طرح بھوجن کرنا سکھلا سکتا ہے۔ عورتوں کو رسوئی بنانے کی ترکیب اچھی طرح سیکھنی چاہیئے۔ دال۔ روٹی۔ چاول وغیرہ کے ساتھ ہر موسم کی ساگ بھاجی (ترکاری) بھی ضرور ہونی چاہیئے موسم کے لئے جو جو ساگ فائدہ مند ہوں وہ مالکہ خانہ کو منگانے چاہئیں اسی لئے رشی دیانند نے ستیارتھ پرکاش میں ویدک (علم طب) کی بھی اشد ضرورت بتلائی ہے ویدک وہی مرد پڑھے جسے خاص طور پر علاج وغیرہ کا ہی کام کرنا ہو مگر عورتوں میں ہر ایک کو اس فن کے جاننے کی خاص ضرورت ہے سبب یہ ہے کہ دوا کے استعمال سے تندرستی خراب ہوتی ہے اور دوا کے استعمال کی ضرورت تب ہی ہوتی ہے جب کہ بھوجن ٹھیک نہ ملے اس لئے تمام کنبے کی تندرستی کا بگاڑنا یا سنوارنا مالکہ خانہ کی لیاقت پر منحصر ہے۔ صبح کے بھوجن کے ساتھ کچھ موسمی پھل بھی ضرور ہونے چاہئیں۔ اشیاء خوردنی کے متعلق آریہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ویدوں سے رائے لینی چاہیئے۔ صبح کے ناشتہ کا نام "دُگدھ پان" (دودھ پینے) کا وقت رکھکر میں ۱۰ یا ۱۱ بجے کے بھوجن کا نام "بھوجن کا وقت" رکھتا ہوں کیونکہ مقوی سے مقوی غذا اسی وقت کھائی جانے کے بعد ہضم ہو سکتی ہے تیسرا وقت بھوجن کا ۲ بجے ہونا چاہیئے کیونکہ ۳ گھنٹے ایک وقت کا بھوجن ہضم کرنیکے لئے کافی ہیں اس کا نام میں "جل پان" رکھتا ہوں۔ کچھ پکی ہوئی ہلکی چیز یا پھل یا دودھ وغیرہ اس وقت کی بھوک رفع کرنے کے لئے کافی ہو سکتے ہیں۔ چوتھا وقت بھوجن کا زیادہ سے زیادہ موسم سرما میں ۶ سے ½ ۶ بجے تک اور موسم گرما میں ۷ سے ½ ۷ تک ہونا چاہیئے۔ اس کا نام "بیالو یا بیاری" پہلے ہی سے مشہور ہے۔ رات کو اندریاں آرام کی خواہشمند ہوتی ہیں۔ پیٹ بھرا ہوا ہو تو گہری نیند نہیں آتی اس لئے شام کو کھیر وغیرہ ثقیل (بھاری) بھوجن تھوڑا کرنا چاہیئے۔ آتما رشدھی (خورد و نوش کی درستی) کے بغیر صحت جسمانی مشکل ہے اور اس کے بغیر من یا آتما کی شدھی ناممکن ہے اس لئے استریوں کو اس قابل بنانا کہ وہ سارے پریوار کی خورد و نوش کی درستی کا ذریعہ بن سکے آریوں کا اول فرض ہے۔ بھوجن کے مضمون کے ساتھ ہی میں ایک اور ضروری امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جہاں کھانے کی سب اشیاء ساتوک ہونی چاہئیں وہاں پینے کے لئے بھی تامسی[۵] اشیاء کا استعمال کبھی نہیں کرنا چاہیئے سب سے اعلےٰ امرت پان

صاف پانی

ہے پرماتما نے اپنی اپار دیا سے پیاس بجھانے کے لئے جل کی ندیاں بہا رکھی ہیں اس لئے بہتی ہوئی ندی کا جل اگر مل سکے تو اُسے چھان کر پینا چاہیئے۔ اگر ایسی خوش قسمتی نہ ہو اور رہنے کے لئے دریا کا کنارہ نہ مل سکے تو عمدہ میٹھے کنوئیں کا جل استعمال کرنا چاہیئے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ تمام کنوؤں کا جل مفید نہیں ہوتا اس لئے کنوئیں کے پانی کو جوش دینے کے بعد پینے کے کام میں لانا چاہیئے۔ جوش دئے ہوئے پانی کا نام سنتے ہی بعض لوگ تو گھبرا اُٹھیں گے۔ اور پوچھینگے کہ برسات اور موسم گرما میں ایسے گرم پانی سے کیونکر پیاس بجھ سکے گی۔ دراصل عادت بگڑ جانے سے لوگ گرم پانی کا نام سنتے ہی کانپ اُٹھتے ہیں ورنہ گرم پانی کے استعمال سے تو پیاس ہی کم لگتی ہے۔ خیر اگر سرد پانی ہی مرغوب ہو تو اس ترکیب پر عمل کرنے سے کچھ تکلف نہ ہوگی۔ شام کو ۸ بجے اتنا پانی جوش دینے کے لئے چولھے پر رکھدیویں۔ جتنا کہ دوسرے دن اور رات تک پینے کے لئے کافی ہو ٹھیک اُبل جانے پر جب پانی اچھی طرح کھولنے لگے تو پیتل کے اُسی برتن میں ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھدیویں رات کو آٹھ بجے چھان کر وہ پانی صُراحی میں ڈال گیلا کپڑا اوپر لپیٹ کر کھلے میدان میں رکھدیویں صبح کو وہ جل نہایت ہی شیریں ٹھنڈا اور پینے کے قابل ہو جاوے گا۔

سب سے عمدہ برسات کا پانی ہے اپنے صحن میں چادر تان کر نیچے برتن رکھدو پانی بیچ کے کوٹنے کر کٹ سے صاف ہو کر برتن میں گرتا رہے گا۔ وہ پانی بہت عمدہ ہوتا ہے جہاں پانی کی قلت سے برسات کا پانی محفوظ کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔ وہاں اکثر آدمیوں کی صحت جسمانی اچھی رہتی ہے مگر اس میں محنت زیادہ خرچ ہوتی ہے گو جس قدر وقت برسات کے پانی جمع کرنے میں لگتا ہے وہ صحت جسمانی اور دل کی خوشی بڑھانے والا ہی ہوتا ہے۔ تاہم جو لوگ نازک مزاج ہیں اُن کے لئے پانی اُبال کر پینا ہی درست ہے۔

پانی کو امرت (آبِ حیات) بتلانے کی یہی وجہ ہے کہ جتنی دیگر اشیاء پینے کے لئے عوام استعمال کرتے ہیں وہ ممنوع ہیں۔ شراب کے متعلق تو کچھ لکھنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ کیونکہ موٹی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ شراب۔ چرس۔ گانجہ

[۵] بدھی کو بھرمت کرنے والی (مترجم)

CC-0. Mumukshu Bhawan Varanasi Collection. Digitized by eGangotri

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

وغیرہ منشی اشیاء کا تو آریہ سماج کے ساتھ کچھ تعلق ہی نہیں ہو سکتا البتہ کچھ آریہ بھائی پرانے ہندو سنسکاروں میں پھنس کر بھنگ پینے کو پاپ نہیں سمجھتے شاید اس لئے کہ بھنگ میں شراب وغیرہ کی طرح بدبو نہیں ہوتی مگر یہ اُن کی غلطی ہے رشی دیانند شارنگدھر کے نصف شلوک مفصل ذیل کا

बुद्धिलुप्तानि द्रव्यं मऽकारि नऽ अते ।

حوالہ دے کر تحریر فرماتے ہیں کہ "جو عقل کو خراب کرنے والی اشیا ہیں اُن کا کبھی استعمال نہ کرے" اس میں کوئی شک نہیں کہ بھنگ ایک طرح تو شراب سے بھی زیادہ عقل بگاڑنے والی شے ہے یہ سب نشے تو اس لئے بھی چھوٹتے جاتے ہیں کہ مہذب اشخاص اس زمانہ میں ان سب کو بُری نگاہ سے دیکھنے لگ گئے ہیں۔ مگر ایک نشہ ایسا ہے جس نے تمام ملک خاص کر صوبہ پنجاب کا زیادہ تر ناش کر رکھا ہے وہ تمباکو ہے ڈاکٹروں کا قول ہے کہ تمباکو پینے والوں کی آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں بلکہ بعض اوقات ایسے آدمی اندھے اور زیادہ تر بہرے بھی ہو جاتے ہیں۔ دل کی بیماریوں سے حقہ باز شاید ہی کوئی بچتا ہوگا اس سے بھی بڑھکر حقہ باز غلیظ اور گندہ رہتا ہے ہاتھوں اور منہ سے بدبو آنے لگتی ہے منوجی مہاراج تو کہتے ہیں کہ "علی الصباح اُٹھکر دھرم اور ارتھ کا چنتن کرو" مگر نہایت افسوس کے ساتھ دیکھا جاتا ہے کہ آریہ سماجوں کے سالانہ جلسوں پر بھی صبح اُٹھتے ہی آریہ سماجی یا تریوں کو دھرمارتھ کی جگہ آگ اور تمباکو کی ہی فکر دامنگیر ہوتی ہے جو وقت اشنان کر کے پرماتما کے دھیان میں لگنے کا ہے۔ اُس کو آگ کی تلاش میں چلم پکڑے ہوئے ضایع کرنا کیا آریوں کو زیب دیتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ افسوس اور ہے کہ آریہ مندروں میں عین انتر سنگ سبھاؤں کے جلسوں میں حقہ کی گڑگڑاہٹ سنائی دیتی ہے اور بجائے ہون کی خوشبو کے بدبو پھیلائی جاتی ہے جب آپ کی نظر میں **عبادت گاہوں** کی اتنی بھی قدر نہیں تو پھر سماج مندروں کو دھرم مندر سمجھنے میں اگر کسی کو شک ہو تو تعجب ہی کیا ہے بچے اپنے بزرگوں ہی کی نقل کیا کرتے ہیں کیا آریہ سجنوں کو یہ نہیں سوجھتی کہ وہ اپنی حقہ بازی سے اپنی اولاد کے راستے میں کانٹے بو رہے ہیں۔ میں نے اپنے لڑکپن میں بوڑھے آدمیوں سے سنا تھا کہ جب کسی خانہ دار کے ہاں لڑکی پیدا ہو تو اُسے اپنی باگی پگڑی سیدھی کر لینی چاہئے اس کہاوت کے بنانے والے موروثی سنسکاروں کی تاثیر سے ناواقف تھے ورنہ یہ کہتے کہ اولاد پیدا کرنے کا خیال دل میں لاتے ہی سب بُری عادتوں کو خیرباد کہہ دینا چاہئے میں اپنے آریہ بھائیوں سے نہایت عاجزی سے التماس کرتا ہوں کہ اگر وہ اپنی اولاد کو برائیوں سے بچا کر ویدک سماج کا حوصلہ بڑھانا چاہتے ہیں تو حقہ کے راج روگ سے نجات حاصل کرنے کی تجویز اور کوشش کریں۔ ہمارے حقہ باز بھائی شاید ڈریں کہ حقہ چھوڑ دینے سے اُن کا معدہ کمزور ہو جاوے گا مگر ڈاکٹروں سے دریافت کرنے پر معلوم ہوگا کہ حقہ پینے سے معدہ بھاڑے کا ٹٹو بن جاتا ہے۔ حقہ چھوڑنا کچھ بہت مشکل نہیں ہے میں بھی کسی زمانہ میں حقہ پیتا تھا مگر جب چھوڑا تو بھوجن وغیرہ کے بعد کچھ ضرورت سی محسوس ہوتی رہی جس کا علاج میں نے یہ کیا کہ بھوجن کے بعد تو پان کھانا شروع کر دیا اور جن دیگر اوقات پر حقہ کی عادت تھی اس وقت پھل کھانا شروع کر دیا۔ اس سے بھوک بھی تیز ہو گئی اور یہ بد عادت بھی چھوٹ گئی۔ اس مقام پر مجھے اپنی آریہ بہنوں سے بھی کچھ عرض کرنا ہے اُنہوں نے اگر کچھ تعلیم حاصل کی ہے تو اُن کا فرض ہے کہ اپنے گھر کی **صفائی** کو مقدم فرض سمجھیں۔ پرماتما کی طرف سے جس گھر میں صبح شام ہون سے ہوا صاف کرنے کا حکم ہے وہاں حقہ سے بدبو پھیلانے کی اجازت نہ دیں۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گذرا ہے کہ ہندو مستورات اپنے گوشتخور خاوندوں کو گھر میں گوشت کھانے کی اجازت نہیں دیتی تھیں تو وہ اپنے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

طویلوں میں گوشت کی ہنڈیاں چڑھایا کرتے تھے۔ کیا آریہ دیویوں کا فرض نہیں ہے کہ وہ صاف طور پر اپنے شوہروں سے کہدیویں کہ اگر حقہ کی بدبُو پھیلانی ہے تو گھوڑوں کے اصطبل میں اسے لید کے ساتھ ملا دیں۔ مگر اس سے بھی پوری اصلاح نہیں ہوسکتی حقہ باز ہمیشہ اولاد کانوں آنکھوں اور دلوں کو کھوکر پیدا ہوتی ہے۔ کیا ایسی اولاد پیدا کرنیکا کسی کو حق ہے میری رائے میں آئندہ یہ بھی قاعدہ مقرر ہو جانا چاہئے کہ حقہ پینے والوں کی اولاد گورو کل میں داخل نہ ہو سکے مذکورہ بالا اپیل تو میں نے یہ سمجھ کر کی ہے کہ آریہ استریوں کو خود ہی حقہ سے نفرت ہے مگر ہمارے گھر ابھی آریہ گھر کہاں ہیں۔ افسوس ہے کہ میں نے کچھ استریوں کو بھی حقہ پیتے دیکھا ہے اگر میرے نزدیک حقہ پینے والا مرد بُرا ہے تو حقہ پینے والی عورت سے بڑھکر زیادہ بُرا اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ اے آریہ ماتاؤں! تمہاری سنتان سچ مچ تمہاری لخت جگر ہی ہوتی ہیں پس اگر تم ہی اُن کے رگ رگ میں زہر بھروگی تو ان کی ترقی کا راستہ کدھر سے نکلے گا تمباکو کی نسبت میں نے زیادہ مفصل اس لئے لکھا ہے کہ اس کا زہر چُپ چاپ اثر کر رہا ہے۔ اس تحریر سے بہت سے بھائیوں کے دل پر چوٹ لگے گی مگر انجام اچھا نکلے تو اتنا دکھ سہنا بھی اُن کے لئے آخر کار موجبِ راحت ہی ہوگا۔

اسنان کرنا

کھان پان کے ساتھ ہی نہانے کے متعلق بھی ایک ہی دفعہ لکھدینا لازمی ہے۔ سردی میں ایک بار ہی نہانا پڑتا ہے اگر کسی کو اس موسم میں بھی دو دفعہ نہانے کی عادت ہو تو کوئی ہرج نہیں مگر گرمیوں میں دو دفعہ اور برسات میں تین مرتبہ نہانا بھی ٹھیک ہے خواہ کتنی دفعہ نہانا پڑے۔ مگر

نہانا ٹھنڈے پانی ہی سے چاہئے

جسم کو مضبوط بنانے کا اس سے بڑھکر اور کوئی طریقہ نہیں۔ جو لوگ بچّوں کو گرم پانی سے نہلاتے ہیں وہ اُن بچوں کے جسم میں ہزاروں بیماریوں کے بیج بوتے ہیں ٹھنڈے پانی سے نہلانے سے بچوں کو درد سر زکام اور کھانسی وغیرہ کچھ نہیں ہوتا۔ سب سے اعلےٰ درجہ کا نہانا کھلے میدان ہوا میں ہوتا ہے مجھے خوب یاد ہے کہ بچپن میں گرم پانی سے زیادہ تر نہانے کی وجہ سے مجھے موسم سرما میں ہمیشہ گرم پانی سے نہانے کی عادت پڑ گئی تھی اور اسوقت مجھے زکام وغیرہ کی تکلیف برابر ہا کرتی تھی۔ جالندھر میں اپنے معزز رئیس رائے سالگرام جی کو میں نے پوہ ماگھ کی سردیوں میں بھی کھلے میدان نہاتے دیکھکر اُن سے سوال کیا۔ اُن کی عادت سے فایدہ اٹھانے کے لئے میں نے بھی اُن کی نقل کی مجھے اُس سے بڑا ہی فائدہ ہوا اور میں نے خود تقریباً دو سو مہاشیوں کو یہ عادت ڈلوادی جن میں سے ایک نے بھی ٹھنڈے پانی سے نہانیکے فواید سے انکار نہیں کیا۔

ٹھنڈے پانی سے بچوں کو نہلانے میں جو کبھی کبھی تکلیف ہوتی نظر آتی ہے اُس کی وجہ یہ ہے کہ اُن کی ماتائیں نہلانا نہیں جانتیں نہانے کے وقت بدن کو خوب ملنا چاہئے اور بدن پونچھنے کے بعد بچوں کے ماتھوں اور پیروں کو ناریل کے تیل سے رگڑ کر سہلا دینا چاہئے۔ ابھی دس سال نہیں ہوئے کہ ہندوؤں کی کمزوری کا باعث ان کا کثرت سے نہانا بتلایا جاتا تھا۔ مگر اہل جاپان نے ثابت کر دیا کہ نہانا بدن کو صاف رکھنے کے باعث اُس کو زیادہ طاقتور کر سکتا ہے۔ جاپانی کو جب زیادہ پسینہ آکر بدن بدبودار معلوم ہونے لگتا ہے تو اسی وقت غوطہ لگا لیتا ہے جب

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جل شریر کی شدھی کا سادھن ہے تو اس سے وہی کام لینا چاہیئے۔ برسات میں پسینہ زیادہ آتا ہے اس لئے صبح اور شام کے علاوہ دوپہر کو بھوجن سے پہلے نہانا بڑا فایدہ مند اور دلی فرحت کا باعث ہوتا ہے۔ بدن کی صفائی سے ہی دیگر تمام صفائیاں سنبندھ ہوتی ہیں اس لئے ہاتھ پاؤں وغیرہ جو عضو جس وقت ناپاک ہو فوراً دھونا ضروری ہے اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ

کپڑوں کی صفائی

میں آریوں کو دیگر مذاہب والوں کے لئے نمونہ بننا چاہیئے ریشمی کپڑے وغیرہ تو بچوں کو بھی نہ پہنانے چاہئیں کیونکہ وہ اکثر صاف نہیں رہ سکتے۔ مگر خوشنما کپڑوں کی بھی اس قدر ضرورت نہیں جتنی صاف کپڑوں کی ضرورت ہے خواہ وہ کیسے ہی موٹے اور سادے کیوں نہ ہوں۔

کپڑوں کی صفائی کے متعلق صرف اتنا ہی اور لکھنا ہے کہ اگر تمام کپڑے روزانہ بدلنے کی مقدور نہ ہو تو بھی جو کپڑا سب سے نیچے بدن کے ساتھ ملا رہتا ہے اُسے کم از کم ہر روز ضرور بدل لینا چاہیئے اگر اتنے کپڑے موجود نہ ہوں کہ دھوبی کے ہاں زیادہ عرصہ تک چھوڑے جا سکیں تو خود صابون وغیرہ سے دھو لینے میں کوئی کسر شان نہیں سمجھنی چاہیئے۔ بدن کے نیچے کے حصہ کے ساتھ بھی جو کپڑا ملا رہتا ہے اُسے صبح و شام دونوں وقت دھونا چاہیئے۔ صوبہ پنجاب کے کچھ اضلاع میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ نہانے کے لئے ایک لنگوٹی یا انگوچھا رکھ لیتے ہیں اور ایک ہی دھوتی سے گذارہ کر لیتے ہیں۔ یہ بڑا خراب رواج ہے دونوں وقت سندھیا سے پیشتر دھوتی۔ لنگوٹا اور انگوچھا دھو لینا چاہیئے۔ چاہے نہانا ہو یا نہ ہو۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جسمانی صفائی کے معاملہ کو کچھ کم ضروری نہیں سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ جسمانی صفائی کا دیگر تمام قسم کی صفائیوں کے ساتھ نہایت ہی گہرا تعلق ہے۔

کپڑوں کی بناوٹ

کپڑوں کی بناوٹ کا بھی جسم پر اور اس کے ذریعہ من وغیرہ پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ بچوں کو ہمیشہ اس قسم کے کپڑے پہنانے چاہئیں جن سے گلا چھاتی اور دیگر چھوٹے بڑے انگ نہ گھٹیں اور سانس کی آمد و رفت میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔ عورتوں اور مردوں کو بھی ایسے ہی کپڑے پہننے چاہئیں جن سے نہ تو کوئی انگ دبے یا وے اور نہ اس کے نشوونما میں کوئی فرق آوے۔ تنگ پتلون یا واسکٹ پہن کر اکڑنے سے کوئی فایدہ نہیں۔ ورزش کے ذریعہ جسم کو ہی ایسا سڈول کیوں نہ بنا لیا جاوے کہ ڈھیلے کپڑوں میں بھی خود بخود تنا ہوا رہے۔ پہننے کے کپڑوں اور دیگر خانگی سامان کو پاک صاف رکھنے پر زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے مگر اتنا اور دھیان دلانا ہے کہ جس طرح برہمچاریوں کے لئے یکساں لباس مقرر ہو چکا ہے اسی طرح گرہستھی مردوں اور عورتوں کے لئے بھی تمام آریہ پبلک اگر یکساں لباس مقرر کر لیویں تو نہایت اچھا ہے۔ یہ پوشاک یکساں وضع بذریعہ کمیٹی کونسل یا لیکچر وغیرہ بحث دلا کر نہیں ہو سکتی اس اصلاح کے جاری کرنے کا ٹھیک طریقہ یہ ہے کہ کچھ پریوار سوچ بچار کر ایک ہی قسم کی پوشاک مردوں عورتوں اور بچوں کے لئے مقرر کریں اور اس کا استعمال کریں دس برس پیچھے تمام آریوں میں وہی رواج ہو جاوے گا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوا کی صفائی

ہوا کی صفائی کے لئے جہاں روزانہ ہون کرنا ضروری ہے وہاں مکان کا ہوادار ہونا بھی نہایت ضروری ہے کرایہ کا مکان بھی لینا ہو تو دیکھ لینا چاہیئے کہ جہانتک ہو سکے وید کی آگیا کے مطابق ایسا بنا ہوا ہو کہ اس کے ہر ایک کمرے میں ہوا کھلے طور پر آ جا سکے جن لوگوں کو اپنے کنبے کے لئے عمدہ اناج۔ صاف پانی اور ہوا حاصل کرنے کی طاقت نہیں ہے اُن کو کوئی اختیار نہیں ہے کہ دنیا میں مردم شماری کی تعداد کو بڑھا دیں۔ اس کے لئے منو بھگوان کے اوپدیش کے مطابق رتوگامی (قواعد مباشرت کا پابند) ہونا گرہستھ کو ضرور چاہیئے اس کے متعلق عقلمندوں کے لئے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے اشارہ کافی ہے۔

شام کی سندھیا

شام کی سندھیا کا وقت ایسے طریقہ پر مقرر کرنا چاہیئے کہ اس کے بعد من کو ڈانواڈول اور پریشان کرنے والے دنیوی کام نہ کرنے پڑیں۔ شام کو اگنی ہوتر بھی اکثر تمام پریوار کے ساتھ ہی کرنا ٹھیک ہے اس سے پریوار میں آپس کا پریم بڑھتا ہے پھر کھانا بھی اکٹھے بیٹھکر کھانا چاہیئے جس کے بعد دس پندرہ منٹ تک آرام کر کے سب گھر کے لوگ ٹہلنے لگیں۔ یہ وقت ماتاؤں کے واسطے اپنی اولاد کو مانسک شکشا اور دھرمی خیالات کی تعلیم دینے کا بہت اچھا ہے جن کے گھروں میں مستورات تعلیم یافتہ نہیں ہیں وہ اس میں سے کچھ وقت استریوں کو زبانی معقول تعلیم دینے میں صرف کریں اسی وقت پر کبھی کبھی اعلےٰ آریہ پریوارؤں کو ایک یا دو گھنٹے کے لئے تمستران (بلاوا) دے کر آپس کا میل جول بڑھانا چاہیئے سدآچار کا اپنی اولاد میں طریقہ ڈالنے کا اس سے بڑھکر اور کوئی موقعہ نہیں ہے۔ سونے کے وقت سے پہلے ہی اہلیہ خانہ کا فرض ہے کہ سب بچوں کے ہاتھ پاؤں اور منہ دھو کر اُن سے ایشور پرارتھنا کے منتروں کا اُوچارن کرا دے سنتانوں کو پہلے ہی سے یہ تعلیم دی جاوے کہ وہ سونے سے پیشتر سب بزرگوں کو شردھا پورک نمستے کریں۔ پھر سب سے پیچھے اپنی ماتا کے پاؤں چھو کر نمستے کہیں اور ماتا پریم کے ساتھ آشیرباد دیکر انہیں سلا دیوے۔ یہاں پر مجھے بڑوں کو نمستے کہنے کے متعلق کچھ زیادہ لکھنے کی ضرورت ہے۔ رشی دیانند کا اوپدیش ہے کہ "وہ گرہستھ مرد عورت جب جب دن میں ملیں تب ہی ایک دوسرے کو نمستے پورک ملا کریں"۔ اس نیم کا پالن آریہ سماج میں بہت کم کیا جاتا ہے۔ وجہ اس کی یہ ظاہر ہوتی ہے کہ جن آدمیوں کو بچپن سے ہی یہ عادت نہ ڈالی گئی ہو اُن کو بڑی عمر میں ایک دوسرے کے ستکار کے نیم سکھلانا بوڑھے طوطوں کے پڑھانے سے کچھ کم مشکل نہیں ہے۔ میرا اس سے یہ مطلب نہیں ہے کہ بڑی عمر میں تعلیم حاصل ہی نہیں ہو سکتی میں نے کچھ ایسے آریہ بوڑھے دیکھے ہیں جنہوں نے بڑی عمر میں ستکار کے نیم سیکھے ہیں۔ لیکن جن بچوں کو شروع ہی سے یہ تعلیم دی جاوے تو بڑی عمر ہونے پر دوسرے کا مناسب ستکار اور عزت کرنا ان کی سوبھاوک خاصیت ہو جاتی ہے اور اس سے لاتعداد فائدے ہوتے ہیں منو بھگوان کہتے ہیں۔

अभिवादनशीलस्य नित्यं वृद्धोपसेविनः।
चत्वारि तस्य वर्धन्ते आयुर्विद्या यशोबलम्॥

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

"بڑوں کا ستکار کرنا جس کی عادت میں ہوا اور ہمیشہ جو بوڑھوں کی خدمت کرے اس کی عمر۔ ودیا شہرت اور طاقت ہمیشہ بڑھتی رہتی ہے۔"

یہاں بوڑھے سے مُراد سفید ڈاڑھی والے سے نہیں ہے بلکہ بوڑھے سے منو مہاراج کا مطلب اُس آدمی سے ہے جسکی عقل بڑھی ہوئی ہو۔ منوجی کے حکم کے مطابق بڑوں کا ستکار (سعادت مندی) ہی ایک ایسا موہنی منتر ہے جس کے بس میں تمام نیک صفات ہو سکتی ہیں۔ بڑوں کا ستکار کرنیکی عادت والا آدمی سخت سے سخت سنگدل کو بھی موم بنا دیتا ہے اس زمانہ میں ناستک پن کی جو لہر چل رہی ہے اس کی بڑی وجہ ہماری اولاد کا بڑوں کی عزت نہ کرنا ہی ہے۔ اس وقت کے جوانوں اور ادھیڑوں کی گھمنڈ کی بنیاد بچپن میں ہی پڑ چکی تھی جس کو یہ لوگ خودداری (Self respect) سمجھتے ہیں وہ بُری طرح کا غرور اور خود پسندی ہی ہوتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بوڑھے۔ بچے۔ جوان۔ مرد اور عورت سب کے لئے بڑوں کی عزت کرنے والا ہو کر ہمیشہ اپنے سے بڑے کی خدمت کرنا لازمی فرض ہے۔ خاوند اور بیوی کو بھی پریم پورک ایک دوسرے کو نمستے کر کے ہی سونا چاہئے۔

چارپائی

سونے کے لئے چارپائی اچھی ہونی چاہئے۔ گرہستھ استری پُرش تو چاہے نوار کا پلنگ اور سُتلی یا بان سے بُنی ہوئی کھاٹ کام میں لے آویں دگوان کے لئے بھی سخت کھاٹ مفید ہی ہو سکتی ہے، مگر کنوارے لڑکوں کو تو کبھی بھی لچکدار پلنگ اور نرم گدیلوں پر نہ سونے دیں۔ دس برس کی عمر کے بعد تو برابر سخت تخت کے اوپر ہی سُلانا چاہئے اس سے حفاظت منی میں بڑی مدد ملتی ہے میں جانتا ہوں کہ اس وقت آریوں کے قابل تعلیم لڑکوں میں سے دو فیصدی ایسے ہونگے جنہیں گُرو کل میں باقاعدہ داخل ہونا نصیب ہوا ہے اسی لئے آدھے گرہستھوں کی اولاد گھر ہی پر رہکر سکولوں اور کالجوں میں تعلیم حاصل کر رہی ہے۔ اُن کے واسطے بھی اعلےٰ اصولوں کی پیروی کرنا بہت مفید ہو سکتا ہے۔

بچھونے

آریہ پرتی ندھی سبھا بنگال وبہار	لیکچرار	برہمچاری فنیشورانند - برہمچاری دیکانند بابو بالکرشن سہائے - بابو جے نارائن سہائے بابو نیلامبر پرشاد - بابو لکشمی نارائن - بابو متھلاپرن - بابو جنک دھاری لال بابو نتھنی پرشاد شاہ - بابو مرلی دھرجی پنڈت تنکر ناتھ - ٹھاکر گدادھر سنگھ بابو دشنو دیال - پنڈت باسدیو - بابو بالمکند لال - بابو نرائن سنگھ
آریہ پرتی ندھی سبھا متوسط وبرار	اوپدیشک	پنڈت سری رام - پنڈت ستیہ سنکلپ پنڈت سالگرام -
آریہ پرتی ندھی سبھا ممالک متوسط	لیکچرار	پنڈت کاشی رام - پنڈت رامچرن لال پنڈت گنیشی پرشاد - جگن ناتھ پرچارک ٹھاکر شیورتن سنگھ - پنڈت بالمکند شرما
آریہ پرتی ندھی سبھا بمبئی	اوپدیشک	پنڈت بال کرشن شرما - پنڈت دولت رام شاستری - منی شنکر ناتھ پران شنکر شرما -
برہما	"	فی الحال کوئی اوپدیشک نہیں ہے -
آریہ پرتی ندھی سبھا یوپی	اوپدیشک	پنڈت شمبھودت - پنڈت بال مکند پنڈت بھولا ناتھ بھجنیک
آریہ پرتی ندھی سبھا مظفر گڑھ	اوپدیشک	پنڈت جوالا دت وشجالو دت - پنڈت بھگوان دت پنڈت ہردت - جیدیو بھجنیک

نام سماج	قسم اوپدیشک	نام
	پنجاب	
کاسن	اوپدیشک	گوردی دت
"	بھجنیک	متصدی سنگھ
لوح	"	پنڈت چھاجو رام ورادھے لال -
ہلاہر	"	کیول رام -
راگڑھ	"	پنڈت جے رام شرما -
جگرانوں	لیکچرار	بابو کشن کو پال
ٹکریاں	اوپدیشک	پنڈت کاشی رام
چھینہ	"	بھولا ناتھ -
گھسگی بانگر	بھجنیک	پنڈت منشی رام
دینانگر	اوپدیشک	لالہ بخشیش رام
امرتسر	"	ماسٹر آتمارام - پنڈت گوردت پنڈت جگناتھ - لالہ صاحب دیال
رام نگر	لیکچرار	ماسٹر لچھمن داس - ماسٹر دینا ناتھ
پنڈی بھیبال	اوپدیشک	پنڈت نرنجن دیو -
دلاور	"	لالہ بھگوتی پرشاد -
کوٹ ٹکر	لیکچرار	لالہ گوبند رام - لالہ دیوی داس
نارووال	پرچارک	پنڈت برکت رام وحویلی رام
گجرات	راگی	مرید
چکوال	بھجنیک	ہیرانند
راولپنڈی شہر	لیکچرار	لالہ ریلو رام -
میلسی	اوپدیشک	برجناتھ شرما سوامی برہمانند -
مردان	بھجنیک	شیر سنگھ
کوئٹہ	لیکچرار	لالہ کرم چند ودیارتھی
کراچی	اوپدیشک	لالہ جیدیال
	بھجنیک	لالہ نتھورام

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نام سماج	قسم اوپدیشک	نام
		ممالک متحدہ آگرہ
سہارنپور	لیکچرار	ماسٹر مولچند۔ بابو کشن چند
″	بھجنیک منڈلی	مہاشے کشن چند جی منڈلا دھیش
کیرانہ	اوپدیشک	بابو گوردھن داس
چرتھاول	اوپدیشک	پنڈت بھوج راج
بوڑھانہ	بھجنیک	چودھری منگت سنگھ
موانہ کلاں	اوپدیشک	پنڈت اجودھیا پرشاد۔
نجیبہ	بھجنیک	بھگوان سہائے
چھپور	″	ہرنس لعل ہردوار یمل
.	اوپدیشک	کھیم چند حکیم
برکشت گڑھ	اوپدیشک	سوامی چھوٹن لعل
سانکھنی	″	پنڈت دھرم دت منشی طوطا رام
	بھجنیک	ٹھاکر جسونت سنگھ۔ وبھیم سنگھ
چھتاری	اوپدیشک	پنڈت جگل کشور شرما۔
ثابت گڑھ	لیکچرار	ٹھاکر گوروسنگھ
بجولی	راگی	چھیتر مل
کوڑیا گنج	بھجنیک	گلزاری لال۔ لیلا دھر
ہلدوانی	لیکچرار	رام پرشاد مختار
نجیب آباد	بھجنیک	منشی لکشمی نرائن
پورینی	راگی	چھجو سنگھ
مرادآباد	اوپدیشک	پنڈت شنکر دت
بدایوں	بھجنیک	لالہ بھجن لال
محشم پور	″	کنور کلیان سنگھ۔
.	اوپدیشک	لالہ جگن ناتھ پرشاد
اسدپور	″	پنڈت جوتی لعل
خدا گنج	″	لچھمی نرائن
.	بھجنیک	رام بلاس شرما۔
تلہر	″	لالہ پراگ نرائن ولالہ چندی لعل

نام سماج	قسم اوپدیشک	نام
تلہر	اوپدیشک	منشی چمن لعل
پوہاں	″	پنڈت نند کشور دیوشرما
.	بھجنیک	درگا پرشاد
متھرا	لیکچرار	پنڈت پی این شرما
جینا پور	اوپدیشک	پنڈت نان گوری دت ستیہ برت رام پرشاد
مین پوری	″	پنڈت دیوی دین۔
تیرہ جاٹ	″	پنڈت انند رام
رام پور	″	پنڈت گنگا رام۔
کانپور	″	پنڈت دیوی دت شرما
جونپور	″	پنڈت رامانند شرما
.	لیکچرار	پنڈت بلدیو دت۔
لکھنؤ شہر	″	بھائی لال۔ پنڈت رگھونندن۔ مہاشے پوتن لال۔ اودھا کرشن بابو سیتا رام۔ جیون مل۔ گرش چند بوس
اناؤ	اوپدیشک	مشعل سنگھ
لکھیم پور	″	پنڈت شانتی سروپ
.	لیکچرار	بابو سیتا رام بی اے۔
.	بھجنیک	متھرا پرشاد
پرتاب گڑھ	لیکچرار	ڈاکٹر ایس۔ ایس ٹنگ ایم ڈی
.	اوپدیشک	پنڈت رام ہت
		راجستھان
بیاور	لیکچرار	بہاری لال بھارگو بی اے۔
جودھپور	بھجنیک	گردھاری داس
		ممالک متوسط
نرسنگھپور	بھجنیک	ٹھاکر سنگھ ورما۔ پنڈت پوتم چند
پلوما	اوپدیشک	گوپال پرشاد۔ گنپت لال ویش
برہانپور	″	راجہ گوبند پرشاد
		بمبئی
وچھل پور	اوپدیشک	جے کرشن
		بنگال وبہار
کلکتہ	اوپدیشک	پنڈت بشیو ناتھ
پٹنہ	″	رامیشور پرشاد گپت
سیوان	″	راس بہاری لعل
		حیدرآباد دکن
حیدرآباد	اوپدیشک	پنڈت لکشمی شنکر
		سندھ
حیدرآباد	اوپدیشک	دیولمل

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حالات گوروکل (برہمچاری آشرم) متعلقہ آریہ سماج بھائی ورش

(۱) گوروکل کانگڑی (ہردوار)

یہ گوروکل موضع کانگڑی میں جسکو منشی امن سنگھ جی رئیس نجیب آباد نے جون ۱۹۰۱ء میں دان کیا تھا۔ ۲۴ مارچ ۱۹۰۲ء سے قایم ہے مالک و منتظم شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب ہے۔ یہ گاؤں نکھل کے مقابل گنگا کے کنارے سے تقریباً سو گز کے فاصلے پر واقع ہے۔ کُل رقبہ ۱۱۹۶ بیگھہ پختہ مالیتی تقریباً ۲۴۰۰۰ روپے ہے سال گذشتہ کی آمدنی اراضی اس گاؤں کی مبلغ ۱۴۳۶ روپیہ ہوئی تھی اس گاؤں کے انتظام کا کام شریمان لکھیہ ادھشٹھاتا جی کے ہی متعلق ہے لیکن کام کو خوش اسلوبی سے انجام دلانیکی خاطر اور آمدنی میں ترقی کرانے کی غرض حہاشے رام چند بطور اسسٹنٹ منیجر کے کام کرتے ہیں۔ آب و ہوا عمدہ اور گوروکل کے لئے عین موزون ہے

برہمچاریوں کی تعداد ۱۸۴ ہے۔ جماعت بندی حسب ذیل ہے پہلی شرینی میں ۳۴۔ دوسری میں ۲۱۔ تیسری میں ۴۲۔ چوتھی میں ۲۴ پانچویں میں ۱۵۔ چھٹی میں ۲۹۔ ساتویں میں ۱۰۔ آٹھویں میں ۶۔ اور دسویں میں ۳ برہمچاری ہیں۔

تقسیم اوقات کُل جماعتوں کے دو دیار تھی ۴ بجے صبح ادھٹھاتا اپنے اپنے ادھشٹھاتاؤں کے ساتھ رفع حاجت کے لئے باہر جاتے ہیں۔ اس کے بعد دیار تھی اور اُن کے ادھشٹھاتا گنگا کے کنارے ورزش کرتے ہیں پھر کچھ دیر ٹھیر کر دودھ دھاو (یعنی دوہن کرنے میں آتا ہے) سنان وسندھیا کرتے ہیں اور ۶½ بجے آشرم سے واپس آکر بھوجن کرتے ہیں۔ اس کے بعد دودھ پیکر ٹھیک ۱½ بجے اپنی اپنی جماعت میں پڑھنے چلے جاتے ہیں۔ دس بجکر تیس منٹ تک پڑھائی ہوتی ہے۔ اس کے بعد بھوجن پاکر دو دیار تھی کچھ دیر آرام کرتے ہیں۔ پھر ایک بجے سے ۴ بجے تک پڑھائی ہوتی ہے۔ ۲ بجے کے درمیان میں برہمچاری دودھ پیتے ہیں جس کے بعد ۵ منٹ کی اُن کی چھٹی ہوجاتی ہے ۴½ بجے فراغت کیلئے باہر جاکر ورزش (فٹبال کرکٹ ہاکی ہیرہ پنتی ہال گنڈ۔ بیٹھک۔ نگدر اور کبڈی۔ ڈمبلز وغیرہ) سنان اور سندھیا کرتے ہیں۔ اور ۷ بجے بھوجن پاکر قدرے ہاٹکا میں بھرمن کرتے ہیں اور پھر سو جاتے ہیں۔ سونیکی جو ستھا اس پرکار ہے کہ پرتھم اور دویتہ شرینی کے برہمچاری ۸ بجے۔ ترتیہ چترتھ شرینی کے برہم چاری ۸½ بجے اور پنجم ششٹھ سپتم اشٹم اور دشم شرینی کے برہمچاری نو بجے سو جاتے ہیں۔ گرمیوں میں ورزش صبح کے وقت گنگا گھاٹ پر کرتے ہیں اور سردیوں کے موسم میں اپنے آشرم کے اندر لیکن شام کے وقت دونوں موسموں میں گنگا کے تٹ پر ہی کرتے ہیں

ادھیاپک آجکل گوروکل میں ادھیاپک وغیرہ حسب ذیل ہیں۔ شری پنڈت کاشی ناتھ جی شاستری۔ کاشی نگر کے مشہور ویاکرنی اور کھٹ درشنی (۲) پنڈت دھنسراج جی پانڈے۔ کاشی کے آچاریہ۔ (۳) ماسٹر رام دیو جی بی اے۔ سینیر ٹرینڈ ہیڈ ماسٹر (۴) ماسٹر گوردھن جی بی اے سینیر ٹرینڈ پدارتھ وگیان ادھیاپک (۵) حہاشے سیارام جی بی اے گنت ادھیاپک (۶) حہاشے ہری گوپال جی (سب سینیر ٹرینڈ) ادھیاپک (۷) پنڈت یگیشور جی جوتشی (۸) پنڈت وشنومتر جی ادھیاپک (۹) پنڈت رلارام جی شاستری ادھیاپک (۱۰) پنڈت نند لعل ویاس ادھیاپک (۱۱) پنڈت میلارام جی شاستری (۱۲) پنڈت یگیدت سہائک ادھیاپک (۱۳) حہاشہ گیجادھر سنگھ جی آریہ بھاشہ ادھیاپک (۱۴) حہاشے اڈا ٹسنگھ جی (ٹرینڈ) ڈرائنگ و کنڈر گارٹن ماسٹر۔ (۱۵) پنڈت شیوشنکر سام ویدی سام گائن ادھیاپک۔ ان کے سوائے اور لایق ادھیاپک جلد آنے والے ہیں۔

ادھشٹاتا دشم اشٹم شرینی کے کھیلادھشٹاتا سپتم کے حہاشے گوردھن جی بی اے۔ چھٹی کے پنڈت نند لعل ویاس و پنڈت رلارام شاستری۔ پنجم کے پنڈت وشنومتر جی۔ چوتھی کے حہاشے گوجرمل جی ترتیہ کے حہاشے ایشر داس جی۔ تتھا پنڈت میلارام جی شاستری دوسری کے حہاشے گیجادھر سنگھ جی اور پرتھم کے حہاشے بوٹا مل جی ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لالہ سالگرام جی جو جالندھر آریہ سماج کے سبھا سد ہیں بھنڈاری ہیں شریمان لالہ منشی رام جی مکھیہ ادھشٹاتا و آچاریہ ہیں۔

مکھیہ ادھشٹاتا جی کا کاریالیہ شریمان مہاشے شیام سنگھ جی آنریری خزانچی ہیں اور مہاشے بالکرشن ورما ایگزیکٹس کلرک ہیں۔ پتر دیوہار کے لئے ایک کلرک ہے۔

ملازمان واسطے رسوئی خدمت وغیرہ آٹھ رسوئیے اور نائی کہار ہیں۔ دو چوکیدار رات کے وقت پہرہ دینے والے اور ڈاک لانے کے لئے مقرر ہیں۔ چھ چپڑاسی و دیالہ سٹور اور دفتر کے لئے۔ نو ملازمان باغیچہ کے لئے اور گوشالہ اور گاڑیوں پر بارہ ملازم ہیں اور دو درزی اور ایک نائی بھی ہے

انتظام دستو بھنڈار ہر پرکار کے پہننے آدی کے وستر پڑھائی کی پستکیں قلم۔ دوات سیاہی وغیرہ کا انتظام چودھری بدھن سنگھ کے سپرد ہے جو بلا تنخواہ گورو کل کی سیوا کرتے ہیں۔

پستکالیہ پستکالیہ کا کام کرنے کے لئے مہاشے پرہلاد رائے جی نیت ہیں۔ اس میں عمدہ عمدہ سنسکرت اور انگریزی کی پستکیں موجود ہیں۔ اس میں بہت سی پستکیں مہاشے منشی رام جی کی دان کردہ ہیں۔ اور وقتاً فوقتاً نئی نئی پستکیں خرید کر پستکالیہ پڑھایا جاتا ہے۔ اسوقت پستکوں کی تعداد اڑھائی ہزار سے زیادہ ہے۔

انتظام معالجہ شفاخانہ کے لئے ایک علیحدہ کمرہ ہے جسمیں ادویات انگریزی تھا آیورویدک ہر قسم کی رہتی ہیں آجکل ڈاکٹر سکھدیو جی جو بڑے سجن اور دھرمشٹ پرش ہیں اپنی سرکاری نوکری کو خیرباد کہکر گورو کل کی اوتینک سیوا کر رہے ہیں۔ ان کے ماتحت مہاشے کرم چند جی کمپونڈری کا کام کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ دو اور آدمی ہیں جو ان کی امداد کرتے ہیں۔

ایس کریا تتھا آلیکھ بھون یعنی سائنس لیبوریٹری اس کریا بھون میں تقریباً تین ہزار روپیہ کے آلات سائنس کے ہیں تقریباً سات ہزار روپیوں کے اور آلات ولایت سے منگوانے کے لئے خط و کتابت ہو رہی ہے۔ ڈرائینگ اور کنڈرگارٹن کا سامان تقریباً پانچسو روپیہ کا ہے۔

ویایام شالا جمنیزم کے لئے ٹھاکر گوبند سنگھ جی ریٹس پاتورنے پچیس ۲۵ سو روپیہ دان دئے ہیں۔ امید ہے کہ سال آئندہ تک برہمچاریوں کے ورزش کی جگہ تیار ہو جاویگی۔

انتظام خوراک ہر روز دو مرتبہ تین پاؤ پختہ دودھ ہر ایک برہمچاری کو بلا لحاظ عمر دیا جاتا ہے۔ بھوجن میں ایک وال دو دیا ایک بھاجی (سبزی ترکاری) فی برہمچاری ایک چھٹانک گھی ڈال کر دی جاتی ہے۔ ہفتہ میں ایک بار دو بار حلوا۔ کھیر۔ میٹھے چاول۔ اور فرنی وغیرہ بنتے ہیں۔ بعض اوقات دودھ کے ساتھ مٹھائی بھی دی جاتی ہے۔

لال مرچ۔ کھٹائی پیاز اور دیگر مضر مصالحے استعمال نہیں کئے جاتے صاف پانی پینے کے لئے دیا جاتا ہے۔ الغرض بھوجن اور پانی کی پوری پوری احتیاط کی جاتی ہے۔

رہائش کے مکانات ایک احاطہ ۳۰۰ × ۲۵۰ فٹ ہے جس میں گورو کل کے متعلقین کے پریوار کے علاوہ برہمچاریوں وغیرہ کے ۶ مکان پختہ ہیں ان کے باہر ایک کنواں بنایا گیا ہے جسکا پانی نہایت عمدہ اور شیریں ہے۔ کنوئیں کے پاس ایک مکان بنایا گیا ہے۔ موسم سردی میں برہمچاریوں کو وایو آدی سے بچانے کے لئے یہ مکان اسنان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ گورو کل کے احاطہ میں دو یا تین یوں ادھشٹاتاؤں کرمچاریوں اور ڈاکٹر وغیرہ کے رہنے کے مکان۔ پاٹھشالہ سونیک کمرے بھنڈار پاک شالائیں اور آدشدھالیہ۔ تتھا مکھیہ ادھشٹاتا کاریالیہ ہیں۔ احاطہ کے بیچ میں خوشنما ۴۰ فٹ قطر ایک مشت پہلو کیگہ شالا ہے تمام مکان اونچی کرسی دیکر ہموار بنائے گئے ہیں اور سب مکانوں میں برآمدے ہیں۔ بھنڈار کے پیچھے ایک پختہ مکان غراس کے لئے اور ایک مکان بھنڈار کے سٹور کے لئے بنوایا گیا ہے۔ کل عمارت پر ۲۵۰۰ روپیہ (یعنی قریب ساڑھے پانچ سو روپیہ خرچ ہو چکا ہے سال آئندہ پڑھائی کے ۱۲ کمرے الگ بنائے جائیں گے اور ساتھ ہی ادشدھالیہ وغیرہ کے مکان بھی بڑھائے جائیں گے۔

باغکا (باغ) باغکا تقریباً ۱۲ بیگھہ پختہ میں تیار ہو رہا ہے اور ایک کنواں مذکورہ بالا کنوئیں کے علاوہ بنا ہوا یا گیا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جسپر تقریباً ڈھائی ہزار روپیہ خرچ آیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایکہزار سے زیادہ کی لاگت سے ایک غسلخانہ بنوایا گیا ہے۔ جس میں موسم سرما میں برہمچاری اسنان کیا کرس گے۔

دھرم شالہ یہ دھرم شالہ دہلی کے نواسی لالہ پرمیشور یداس جی کی بنوائی ہوئی ہے اس میں چار کمرے چار برآمدے اور دو رسوئی کے کمرے ہیں یہ مکان نہایت عمدہ اور باآرام ہے گورو کل کے پانڈی اس میں آکر وشرام کرتے ہیں) دھرمشالہ کے نزدیک ایک کنوآن بنوایا جارہا ہے۔

گئوشالہ ابھی پختہ مکان نہیں بنوایا گیا ہے۔ فی الحال چھپر بانس کی ٹٹیوں سے گھیرے ہوئے ہیں جس میں ۱۲۹ گئوئیں اور ۴ بچھڑے بچھڑی۔ دو بھینس ۴ کٹے کٹیاں ایک گھوڑا چار گھوڑیاں اور ایک سانڈ ہیں ان کے علاوہ بہت سی عمدہ بھینیں اور گاؤ مادی خرید کی گئی ہیں اور پختہ مکان گئوشالہ کی تیاری کا بھی انتظام ہورہا ہے۔

گورو دکشنا پہلے فریق کے برہمچاریوں سے جن کی پڑھائی ۱۰ سال کی ہے دس روپیہ ماہوار۔ دوسرے فریق سے (جس میں ۱۱ سے ۱۶ سال کی پڑھائی ہوتی ہے) ۷ روپیہ ماہوار لیا جاتا ہے۔ اس میں بھوجن وستر دودھ اسباب واخراجات شامل ہیں۔ شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کے پاس خرچ کے لئے اس قدر کافی سرمایہ ہوجانے پر جسکے سود سے کل اخراجات پورے ہوسکیں کسی دیا رتھی سے کچھ نہیں لیا جاوے گا۔ یعنی پراچین رشی پرنالی کے انوسار بھوجن وستر وغیرہ اخراجات کا بھی بندوبست سرکو وِدیادان دیا جاویگا۔ اس وقت بھی سات برہمچاری بالکل مفت پڑھتے ہیں اور باقیوں کو بھی ۵۲ روپیہ سالانہ کی رعایت دی گئی ہے۔ اس لئے ہر سجن پرش کا فرض ہے کہ گورو کل جیسے مہان سنستھا کی پورتی کے لئے تن من دھن سے سہائتا کیا کریں۔

سالانہ جلسہ گورو کل پانچواں سالانہ جلسہ تاریخ ۲۹ لغایت ۳۱ مارچ و یکم اپریل ۱۹۰۷ء کو بڑی دھوم دھام اور عظیم الشان کامیابی سے ہوا جس میں (۶۰۰۰) ساٹھ ہزار مرد عورت کے قریب شامل ہوئے اور گورو کل کی سہائتا کے لئے پینتالیس ہزار روپیہ سے زیادہ نقد جمع ہوا۔ اس دھارمک میلہ میں علاوہ بہت سے وِدوان پنڈتوں اور صدہا تعلیم یافتہ اور معزز عہدہ داروں اور دھارمک پُرش واستریوں کے کچھ فاضل انگریز بھی تشریف لائے تھے۔ جو نہایت عمدہ خیالات گورو کل کی نسبت لیکر گئے اور جنہوں نے اپنے خیالات کا اظہار انگریزی کے اعلےٰ رسالوں کے ذریعہ کیا۔

گورو کل سیوا اُپادھی شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب نے اپنے سالانہ اجلاس میں یہ منظور کیا ہے کہ جو آچاریہ پریکشا تک پڑھے ہوئے سنسکرت کے وِدوان ہوں اور جو انگریزی اور انیہ وشیوں میں وشیش یوگیتا رکھنے والے گریجویٹ ۷۰ سے سو روپیہ تک ماسک گزارے پر آجیوبھر کے لئے گورو کل کی سیوا کرنا نکاہرن کریں تو اُن کو اوتیننک دبلاتنخواہ سمجھا جاویگا۔

اس پرکار کام کرنے کے لئے ایک دو درخواستیں آگئی ہیں آشا ہے کہ کئی اور وِدوان بھدر پُرش ان شرائط پر گورو کل کی سیوا کرنے پر اودیت ہونگے۔

ویدک میگزین اور گورو کل سماچار یہ انگریزی رسالہ یکم اساڑھ ۱۹۶۴ سے جاری کیا گیا ہے انگریزی زبان کے اعلےٰ اعلےٰ اخباروں اور رسالوں نے اس کی بڑی پرشنسا (تعریف) کی ہے اور امید کی جاتی ہے کہ جلد اس کا شمار بھارت ورش کے اعلےٰ ماسک پتروں میں ہوگا۔ خریداروں کی تعداد بھی دن بدن بڑھتی ہے اس کے مضمون نگار پنڈت گنگا پرشاد جی ایم۔ اے۔ بابو رام گوپال جی بی اے بیرسٹر ہرچرن داس جی ساروا۔ بی۔ اے۔ ایف۔ آر۔ ایس۔ ایل امیر چند جی وِدوان ہیں۔ ایڈیٹر مہاشہ رام دیو جی بی اے ہیڈ ماسٹر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گوروکل ہیں۔ آریہ لوگوں کا فرض ہے کہ اس رسالہ کی اشاعت کو بتھا شکتی بڑھانیکی کوشش کریں تاکہ ویدک دھرم کا پوتر سندیسہ بھارت کی انگنت جماعت تک پہنچ سکے۔ سالانہ چندہ کیول ۳ روپیہ ہے۔ درخواستیں لالہ سندر داس منیجر ویدک میگزین پیروں بھاٹی دروازہ لاہور کے نام آنی چاہئیں۔

گوروکل مستقل فنڈ گوروکل مستقل فنڈ میں اس وقت ۹ پائی ۱۱ - ۱۷ ۱۳ ۲۰۱ میں جن میں ۱۹۵۰۹۰۷ کی قیمت کی عمارت اور ۱۸۱۰۲۰۹۰ کی قیمت کی اراضی بھی شامل ہیں گوروکل کی ضرورت کا اگر خیال کیا جاوے تو یہ رقم بہت ہی قلیل ہے۔ ویدک دھرم کے سیوکوں ستیہ شکشک کے حامیوں بھارت ورش کے براجین گوروکو پنر جیوت کرنیکی خواہش رکھنے والوں اور سنسکرت ودیا کے پرچار میں دلچسپی لینے والوں کا یہ کرتو یہ ہے کہ اس پوتر ودیالیہ کی اونتی میں تن من دھن سے کوشاں ہوں

(۴) گوروکل سورج کنڈ بدایوں

یہ گوروکل بمقام سورج کنڈ جو شہر بدایوں سے بفاصلہ پونے دو میل جانب مشرق لب سڑک پختہ داتا گنج اور آر کے آر ریلوے سٹیشن بدایوں سے بفاصلہ ایک میل ہے ۲۵ اپریل ۱۹۰۳ء کو شریمان سوامی درشنانند کے اُپدیش سے کھولا گیا ہے اس میں اس وقت پختہ عمارت کوٹھڑی وکمرے وغیرہ تیار برہمچاریوں کے رہنے کے لایق تیار ہو چکے ہیں اور درمیان میں اس قدر برہمچاریوں کے پڑھنے کے لئے ایک عالیشان پختہ کوٹھی بھی تیار ہو چکی ہے اور تعمیر جاری ہے اور مکانات بن رہے ہیں اس کے متعلق گوروکل پریس بھی ہے جسکا علیحدہ مکان گوروکل کے مکانات کے سامنے بنا ہوا ہے اس میں اس وقت ۷۵ ودیارتھی برہمچاری تعلیم پا رہے ہیں۔ ۴ ادھیاپک ہیں جن کی تنخواہ ماہوار ۴۰ سے ۶۰ تک ہے تعلیم رشی دیانند کی اسکیم کے موافق ہوتی ہے کسی قسم کی فیس وخرچ وغیرہ برہمچاریوں سے نہیں لیا جاتا ہے انتظام شریمتی گوروکل کمیٹی کرتی ہے۔ اس کی رجسٹری باضابطہ فروری ۱۹۰۴ء کو ہو گئی ہے ۷ برس سے کم اور ۱۱ برس سے زیادہ عمر کے برہمچاری نہیں لئے جاتے ہیں عہدہ داران شریمتی گوروکل کمیٹی یہ ہیں۔

رائے گوردھن سنگھ صاحب رئیس و وکیل سپیشل مجسٹریٹ بدایوں پریسیڈنٹ
بابو برج بہاری لعل صاحب رئیس و وکیل — وائس پریسیڈنٹ۔
پنڈت رامجی مل صاحب رئیس — وائس پریسیڈنٹ و مینیجر
منشی بھولا ناتھ صاحب سب انسپکٹر پنشنر — سکریٹری
منشی جوگل کشور صاحب رئیس وکیل — خزانچی
پنڈت پوشاکی لال صاحب رئیس۔ اسسٹنٹ سکریٹری
چوبے چھوٹے لال صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ۔ معالج

عمارات متعلقہ گوروکل قیمتی تخمیناً ۱۰۰ ہزار روپیہ کے اور دیگر اراضی و باغ وغیرہ متعلقہ گوروکل بھی قیمتی تخمیناً ۴ ہزار روپیہ کے ہیں اس گوروکل کا کوئی مستقل سرمایہ نہیں ہے اس کا خرچ دھرماتماؤں کے دان سے چلتا ہے قریب پچاس کے گائیں بھی برہمچاریوں کے دودھ کے لئے ہیں۔ گوروکل کا خرچ تقریباً سات آٹھ ہزار روپیہ سالانہ کا ہے گوروکل کو علاوہ اور ضرورتوں کے ایک دھرم شالہ کی آنے جانے والوں کے لئے ضرورت ہے۔ جس کی بنیادیں بھر گئی ہیں عنقریب کوئی دھرماتما اس کو پورا کرینگے اور ایک شفاخانہ کی بھی ضرورت ہے۔ اراضی موجود ہے صرف عمارت کیلئے روپیہ کی ضرورت ہے۔ جو صاحب دو سو روپیہ نقد کسی عمارت کے لئے دان دیویں گے اُن کا نام نامی پتھر دروازہ عمارت پر لگا دیا جاوے گا۔ اس کا سالانہ وارشک اُتسو شوراتری کے دن اس لئے مقرر کیا گیا ہے کہ اس روز رشی دیانند کو عرفان پیدا ہوا تھا جو آریہ ورت میں ویدودیا کے سورج کے برکاش کا باعث تھا۔ اس گوروکل میں ڈاک خانہ عمر کائنتھ کھولدیا ہے اور گوروکل سماچار ماہوار نکلتا ہے۔ جس میں گوروکل ہذا کا ماہوار آمدنی و خرچ درج ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ۱۲ ر ماہوار ہے۔ اس سال میں ایک پختہ شالا جسکی لاگت ۱۵۰۰ روپیہ ہے لالہ بلدیو سہائے جی رئیس سلانے بنوادی ہے جس میں بیٹھ کر ۵۰ برہمچاری

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہون کر سکتے ہیں اور ایک کمرہ پختہ لالہ پیارے لال اجودھیا پرشاد جی رئیس بدایوں کا جسکی لاگت چھ سو روپیہ ہے تیار ہو چکا ہے صرف کواڑ چڑھنے باقی ہیں۔ ایک کمرہ پختہ ڈاکٹر نکندرام جی شرما بدایوں نواسی کا ۲۰ فٹ مربع لائبریری یعنی پستکالیہ گوروکل کے لئے بن رہا ہے جو عنقریب تیار ہو جاویگا۔ شفاخانہ کی عمارت بھی جلد بننے والی ہے اور تین کمرے پختہ ایک ہزار کی لاگت سے اور دو تین تین چار سو کی لاگت سے اگلے جلسہ سالانہ تک تیار ہو جاویں گے۔ آب وہوا نہایت اچھی ہے

(۳) گوروکل فرخ آباد

اس کا انتظام شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا ممالک متحدہ وآگرہ کے ہاتھ میں ہے۔ پہلے یہ گوروکل سکندرآباد میں تھا۔ مستقل فنڈ میں ۱۲۳۴۰ روپیہ ۱۰ر ۲ پائی جمع ہے (مفصل حالات موصول نہیں ہوئے)

(۴) گوروکل برالسی ضلع مظفرنگر

یہ گوروکل جون سنہ ۱۹۰۵ء سے شری سوامی درشنانندجی سرستی کی تحریک اور ٹھاکر مولاج سنگھ ورما زمیندار برالسی کی کوشش سے قایم ہے۔ اس وقت اس میں ۳ شرینی ہیں جن میں ۳۲ برہمچاری شکشا پاتے ہیں۔ دشیش شرینی ایک برہم چاری پڑھتا ہے۔ چوتھی شرینی ماہ جون سنہ ۱۹۰۸ء میں سالانہ امتحان کے بعد بنے گی۔ مدت کے لحاظ سے تعلیم قابل اطمینان ہے۔ پنڈت بھاگیرتھ دت جی شاستری پرتھم اودیا ایک ودراد ھشٹھاتا ہیں۔ پنڈت بلدیو سہائے جی پراگیہ دویم اودیا پک میں۔ فیس کچھ نہیں لی جاتی پڑھائی رشی دیانند کی سکیم کے مطابق ہوتی ہے۔ جون سنہ ۱۹۰۶ء سے اب تک کل آمدنی قریباً چار ہزار روپیہ اور خرچ بھی اتنا ہی ہوا ہے مستقل فنڈ میں ایک صد روپیہ ہے۔

مکانات ابھی تک صرف دو بڑے بڑے مکانات بنے ہیں ایک میں رسوئی اور نوکروں کے رہنے کا انتظام ہے اور دوسرے میں جو ۲۴ × ۵ گز ہے برہمچاریوں کے پڑھنے اور رہنے کا انتظام ہے۔ دفتر اور ادھشٹھاتا کا مکان بھی اسی میں ہے۔ امسال ایک برآمدہ اور گئوشالہ بن گئی ہے۔

انتظامیہ کمیٹی اس کا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے جس کے ارکان حسب ذیل ہیں۔ ٹھاکر مولاج سبھاپتی۔ چوہدری روپ رام، چودھری پھول سنگھ اوپ سبھاپتی۔ پنڈت رام چندر سہائے ویدراج منتری۔ لالہ کشوری لال خزانچی۔ ٹھاکر قبول سنگھ پنڈت رام ٹھاکر شیو دیال سنگھ حکیم۔ محرر ٹیکارام۔

یہ گوروکل آبادی سے کچھ فاصلہ پر جنگل میں واقع ہے۔ زمینداران برالسی نے ۱۵ اگست سنہ ۱۹۰۶ء کو لکھ ۲ بیسوہ اراضی خام اس گوروکل کے نام ہبہ کر کے رجسٹری اور داخل خارج کرا دیا ہے۔ ہبہ شدہ زمین موضع برالسی میں واقع ہے جسکا ایک ہزار ایک سو بیگہ خام کاہے کل رقبہ گوروکل ہی کے تصرف اور کام میں آرہا ہے۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ آہستہ آہستہ برالسی کی اودارتا سے کل رقبہ باضابطہ گوروکل کے ارپن ہو جائیگا بالفعل جتنی زمین کا ہبہ نامہ ہوا ہے اس میں سے تخمیناً ۷۰ بیگہ گوروکل کے واسطے تجویز کر کے اس کا احاطہ گھروا دیا گیا ہے۔ ۲۵ بیگہ کے قریب زمین میں ثمردار باغ لگانے کی تجویز کی گئی ہے۔ ایک بیگہ بھی احاطہ گھیر دیا گیا ہے۔ پچاس بیگہ زمین زراعت کے لئے مخصوص کی گئی ہے باقی زمین میں بان پرستھ آشرم والوں کے لئے کٹیاں بنوائی جاویں گی گوروکل کے احاطہ میں بہت اچھا اور قابل اطمینان کنواں بھی بن گیا ہے۔ اس وقت ۴ بھینسیں ہیں جن میں ۲ بیل گاڑی باقی گائیں اور ان کے بچھڑے ہیں موضع ٹکانہ کے زمینداروں نے گئوشالا کا پرتبندھ کر دیا ہے جسکے متعلق ۵۰ بیگہ زمین ہے اور گئوشالہ کی رہائش کے لئے ایک بڑا احاطہ بھی مل گیا ہے۔

چودھری جگرام سنگھ اور چودھری مولاج سنگھ نے دو بڑے بڑے جدید مکان بنوانے کا اقرار کر دیا ہے جو یقین ہے کہ جلد شروع ہو جاویں گے۔ ایک پختہ کوٹھی سوامی درشنانندجی نے بنوانے کا وعدہ کیا تھا امید ہے سوامی جی جلد وعدہ پورا کرینگے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس گروکل کا دوسرا سالانہ جلسہ ۲۲ تا ۲۴ فروری سنہ ۱۹۰۶ء کو ہوا تھا جس میں سوامی درشنانند سرستی جی اور کئی اوپدیشک اور بہت سے پرش اور استری تشریف لائے تھے جلسہ بڑے اطمینان اور کامیابی سے ہوا اور دو ہزار روپیہ کے قریب نقد چندہ جمع ہوا۔ ۱½ اسو من غلہ بنجہ اور متفرقات سامان برتن و کپڑہ وغیرہ بھی آیا تھا۔

(۵) گورو کل گوجرانوالہ

یہ گورو کل جون سنہ ۱۹۰۲ء میں بکوشش بابو لالا رام جی انسپکٹر ریلوے۔ بابو حاکم رائے جی بی اے پلیڈر اور منشی کیول کرشن جی منصف پنشنر جاری ہوا تھا۔ آجکل اس میں ۳۵ برہمچاری ہیں اور سات شرینی ہیں۔ پہلی میں ۵۔ دوسری میں انتیسری ۵۔ چوتھی میں ۱۲ پانچویں ۵ چھٹی میں ۴۔ اور ساتویں میں ۲ برہمچاری ہیں۔

ستھان گوجرانوالہ ریلوے سٹیشن سے نصف میل کے فاصلہ پر جرنیلی سڑک کے کنارے گورو کل آشرم واقع ہے دوسری طرف ریلوے لائن کی سڑک ہے۔ آب وہوا نہایت خوشگوار اور معتدل ہے موسم سرما اور بہار میں میلوں تک ہرے گیہوں کے کھیت لہلاتے ہوئے نظر آتے ہیں اور موسم برسات میں چاروں طرف ہریاول ہی ہریاول دکھائی دیتی ہے

گورو کل کے اغراض (۱) نئے طریقہ کے بموجب مغربی و مشرقی تعلیم دینا۔

(۲) آریہ سماج کے دس اصولوں کے مطابق دھارمک و سماجک شکشا دینا۔

(۳) برہمچریہ کے نیموں پر چلانا اور موجودہ حالات زندگی اور جسم و دماغ کی اونتی کو مدنظر رکھکر سخت قسم کی زندگی یعنی ریاضت پر زور دینا۔

(۴) دماغی اور دھارمک شکشا دینی کہ جس سے برہمچاری سدا چاری رہیں۔

تعلیم موجودہ حالت میں آٹھ برس تک تعلیم دینے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس عرصہ میں باقی مضامین میں تو امتحان انٹرینس کی لیاقت ہو جاتی ہے۔ اور سنسکرت میں ایف اے تک کے درجہ کی۔ مہرشی پانینی کا مشہور دیاکرن اشٹادھیائی بھی ختم ہو جاتی ہے۔ انگریزی اور سنسکرت پہلی جماعت سے ہی شروع کرائی جاتی ہے اور برہمچاری انگریزی اور سنسکرت میں ہی بات چیت کرتے ہیں۔

تقسیم اوقات بڑے برہمچاری صبح ۴ بجے اٹھتے ہیں اور چھوٹے برہمچاری ۵ بجے اٹھکر اپنے اپنے دھشٹاتاؤں کے ساتھ رفع حاجت کو جاتے ہیں۔ سنان آدی باہر ہی کرتے ہیں سندھیا اور ہون کے پیچھے دھارمک شکشا شرینی الوساردی جاتی ہے۔ پاٹ شالہ کی پڑھائی ۴ گھنٹہ ہوتی ہے جسمیں بڑے لڑکوں کو ½ گھنٹہ اور چھوٹے برہمچاریوں کو ایک گھنٹہ کی فرصت ملتی ہے

ورزش ورزش پر بہت زور دیا جاتا ہے تاکہ برہمچاری پہلوان ہوں۔ ڈنڈ۔ بیٹھک ڈرل کی ورزشیں دوڑ۔ سینڈو کی ڈمبل کی ورزشیں کرکٹ اور دیسی کھیل جاری ہیں۔ برہمچاری دونوں وقت کھلے میدان میں دیایام کرتے ہیں اور کئی برہمچاری جمناسٹک کے کرتب سیکھتے ہیں۔

باغ گورو کل کے احاطہ میں ایک چھوٹا سا باغیچہ ہے جس میں پھولوں کے پودے اور پھلدار درخت ہیں برہمچاریوں نے گیہ شالہ کے اردگرد کئی پرکار کے پھولوں کے پودے لگا رکھے اور باغ کے کام میں فرصت کے وقت بڑی دلچسپی لیتے ہیں

خوراک ہر روز بڑے برہمچاریوں کو ایک بار اور چھوٹے برہمچاریوں کو دو بار دودھ دیا جاتا ہے بھوجن میں ایک دال اور ایک بھاجی اور ایک چھٹانک گھی ہر روز ملتا ہے ہفتہ میں ایک دو بار کھیر اور حلوا دیا جاتا ہے سہ پہر کو پھل یا مٹھائی ملتی ہے۔

ادھیاپک گورو کل میں ۷ ادھیاپک ہیں وہی ادھشٹاتا کا کام بھی کرتے ہیں اور وہ اپنے اپنے شرینی کے برہمچاریوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حفاظت اور نگرانی کرتے ہیں۔ ادھیاپک حسب ذیل ہیں بابو لالارام صاحب مکھ ادھشاتا۔ پنڈت جگن ناتھ شاستری سنسکرت ادھیاپک۔ پنڈت شری نواس بی۔ اے ہیڈ ماسٹر۔ لالہ بھگت رام صاحب سکنڈ ماسٹر پنڈت گنگا رام جی دوم سنسکرت ادھیاپک۔ پنڈت کیشو ناتھ ڈرائنگ و کنڈر گارٹن ماسٹر اور لالہ لکھمی داس صاحب اسسٹنٹ ٹیچر۔ بابو کرتار سنگھ صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ مشیر طبی۔

فیس فیس ماہواری مبلغ ۲ فی برہمچاری لی جاتی ہے۔ جس میں بھوجن بستر۔ کتب اور تعلیم کے جملہ اخراجات شامل ہیں

حالات دیگر سنسکرت و انگریزی کے تعلیمی پاٹھ شالا و مدرسہ جات وغیرہ متعلقہ آریہ سماج بھارت ورش

(۱) دیانند اینگلو ویدک کالج لاہور

یہ کالج ۱۸۸۵ء سے قایم ہے جس میں پنجاب یونیورسٹی کی سکیم کے مطابق بی اے تک تعلیم دی جاتی ہے علاوہ ازیں انجینیرنگ کلاس۔ درزی کلاس۔ آیورویدک کلاس۔ اور برہم ودیا کلاس بھی ہیں۔ کالج کا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے جسکے پریزیڈنٹ لالا الیشور داس جی ایم اے اور سکریٹری لالہ درگا داس جی بی اے وکیل لاہور ہیں۔ اخیر سال پر کالج میں ۴۷۰ طلباء تھے جن کی تعلیم کے لئے لالہ ہنسراج جی بی اے آنریری پرنسپل اور ۱۳ پروفیسر دیگر مضامین کے لئے تھے۔

انجینیرنگ کلاس۔ باوجود گورنمنٹ انجینیرنگ سکول کھل جانیکے حالت اچھی ہے۔ آمدنی فیس مبلغ ۲۱۰۴ روپیہ اور اخراجات مبلغ ۲۲۷۶ روپیہ ہوئے۔ تعداد طلباء ۸۶ ہے۔

درزی کلاس میں ۳۱ دسمبر ۱۹۰۷ء تک ۱۳ لڑکے درج رجسٹر تھے علاوہ کار درزی ان کو ہندی اور سندھیا وغیرہ بھی سکھائی جاتی ہے۔

آیورویدک کلاس میں ترقی کی زیادہ امید ہے کیونکہ مینجنگ کمیٹی نے حال میں کالج بورڈنگ ہوس کے پیچھے ایک ڈسپنسری خرید کر اس میں طلباء کے استعمال کے لئے جڑی اور بوٹیاں لگانا منظور فرمایا ہے۔ لالہ رامانند جی بی اے کے دان سے آیورویدک اوشدھالیہ تیار ہو جانے پر عملی تعلیم کا کام شروع کیا جاویگا۔ امتحان کلکتہ کے مشہور کوی راجوں دوارا ہوتا ہے۔ تعداد طلباء ۱۱ ہے

برہم ودیا کلاس میں ۲۰ طلباء تھے۔ یہ تجویز آپ بہادر لالہ مولراج ایم اے کی تحریک پر ہوئی تھی مگر درخواستوں کی کمی رہنے سے اس سلسلہ میں کچھ کامیابی نہ ہو سکی۔

فنڈ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۰۷ء کو کالج فنڈ کی تعداد مبلغ ۵۸۲۶ روپیہ ۱۴ آنہ ۵ پائی تھی بمقابلہ سال گذشتہ کے اس سال اس فنڈ میں ۸۸ روپیہ ۱۰ آنہ ۵ پائی کی بیشی ہوئی۔

آمدنی سال زیر رپورٹ میں کل آمدنی ۱۱۷۹۲ روپیہ ہوئی اس میں سے ۴۳۷۰ روپیہ مستقل فنڈ میں جمع کیا گیا اور مبلغ ۳۰۲۸۱ روپیہ ۴ آنہ ۵ پائی خاص عطیات اور مبلغ ۱۴۱۴ روپیہ ۳ آنہ ۷ پائی عارضی امانت میں جمع ہیں

خرچ۔ خرچ کی مدات حسب ذیل ہیں۔

	روپیہ	آنہ	پائی
تعلیم و انتظام و پیشگی اخراجات بلڈنگ وغیرہ	۷۵۲۰	۱۱	۱۱
اسپیشل فنڈ	۱۲۰۹۷	۱	۸
عمارت مستقل سرمایہ	۲۰۷۲	۰	۰
سیکیورٹی			
میزان			

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سماجہا، کالج پارٹی کے عطیات

۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۰۷ء تک لاہور و مفصلات کی سماجوں نے جو عطیات کالج کے لئے دئے تھے اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے

		روپے	آنہ	پائی
(۱)	لاہور	۱۹۸۶	۱۰	۶
(۲)	شملہ	۲۶۹۲	۸	۱۱
(۳)	حصار	۴۱۷۷	۹	۳
(۴)	جہلم	۱۷۰۰		

اِس کے علاوہ ان کے متعلق ۲۲ دیگر چھوٹی سماجوں نے بھی چندہ بھیجا تھا جو سب ملکر مبلغ ۱۸۱۶۸ روپیہ ۱۴ر ۵ پائی ہوتا ہے مبلغ ۱۰۹۵۷ روپیہ ۹ر ۶ پائی مینجنگ کمیٹی کو براہ راست موصول ہوئے تھے جو مستقل فنڈ میں شامل کئے گئے۔

دیگر عطیات (الف) (۱) لالہ رامانند جی بی اے وکیل کرنال نے مبلغ پانچہزار کی رقم شہر لاہور میں آیورویدک اوشدھالیہ کھولنے کی غرض سے عطا فرمایا ہے جس میں مفت علاج ہوا کریگا۔ عمدہ زمین خرید کرنے کے لئے کوشش کیجارہی ہے

(ب) **متعلق وظایف** (۱) مہاراجہ کمار دولت سنگھ جی ولیعہد مہاراجہ ایدر نے مبلغ ۳۰۰ روپیہ گھوڑوں کی سواری میں اول طالبعلم کو تمغہ دینے کے لئے عنایت فرمایا ہے (۲) لالہ شیودیال بی اے مرتسر نواسی نے پورٹ بلیر سے مبلغ دوہزار روپیہ خاص شرایط پر وظیفہ دینے کے لئے عطا فرمایا ہے۔

(ج) **ہبہ یا مال متروکہ**۔ ڈاکٹر چھنولال صاحب مرحوم بنارس نواسی جو کالج کے زبردست حامیوں میں تھے مبلغ ۹ ہزار روپیہ کا جو املاک متروکہ کالج کے لئے وصیت کر گئے تھے اُس میں مئی سنہ ۱۹۰۶ء میں مبلغ ۲۰۱۹ روپیہ ۷ر مینجنگ کمیٹی کو وصول ہو چکا ہے۔

(د) آنریبل جسٹس لال چند جی ایم۔ اے نے مبلغ صمار بھارت ورش کی پرانی تاریخ کی تحقیقات کرنیکے عطا فرمایا ہے

(لا) ایجوکیشن فنڈ جو محب قوم لالہ لاجپت رائے جی کی تحریک سے کھولا گیا تھا اس میں مبلغ ۱۷۹ روپیہ ۷ر ۶ پائی بقایا ہے۔ مسٹر گوکھلے پروفیسر جاپانی زبان کے چلا جانے سے یہ کلاس بند ہو گئی ہے۔ اس مد کے روپیہ کو کسی اور مفید کام میں لانیکا وچار ہے۔

(ک) بھائی پرمانند جی ایم اے لنڈن میں تعلیم پا رہے ہیں اُن کے لئے مبلغ پندرہ سو روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر کیا گیا تھا۔ اس کے لئے علیحدہ اپیل کی گئی جس میں صرف مبلغ ۴۲۵ روپیہ ۱۰ر جمع ہوا۔

ہندی اور سنسکرت پرائمری ڈپارٹمنٹ کی تیسری جماعت سے سنسکرت کی تعلیم شروع کی جاتی ہے۔ مڈل میں ہندی سب پڑھتے ہیں سنسکرت تیسری مڈل (ب) کو پڑھائی جاتی ہے تاکہ انٹرینس میں دوسری زبان سنسکرت لازمی لیکر پڑھے پنجم انٹرینس میں ۸ طلباء اختیاری سنسکرت پڑھتے ہیں اس سال مڈل میں ۴۸ لڑکوں نے سنسکرت لے رکھی ہے

مذہبی و اخلاقی تعلیم۔ سب لڑکوں کو سندھیا سکھائی جاتی ہے۔ ویدمنتر۔ انتخاب از منوسمرتی۔ ستیارتھ پرکاش اور اوپدیش سپتک بھی زیر تعلیم ہیں۔ لالہ ہنسراج جی پرنسپل کی تصنیف کردہ دھرم شکشا مائی ڈپارٹمنٹ میں داخل ہے

(۲) دیانند اینگلو ویدک ہائی سکول ڈیرہ دون

یہ مدرسہ ۸ جولائی سنہ ۱۹۰۴ء میں قایم ہوا تھا۔ انٹرینس تک تعلیم دی جاتی ہے۔ نیگی پورن سنگھ صاحب زمیندار و سوداگر نے مبلغ ساٹھ ہزار روپیہ کی مالیت کی جائداد عطا کی تھی۔ عمارت اعلےٰ درجہ کی ہے۔ دو منزلہ بورڈنگ ہوس اور تالاب وغیرہ انہیں صاحب کے عطیات ہیں۔ آپ نے سندھیا اور ہون منڈپ بھی بنوا دیا ہے اور پرائمری سیکشن کے لئے ایک بنگلہ عطا فرمایا جس کے کرایہ سے چھ سو روپیہ سالانہ کی آمدنی ہوتی ہے۔ شریمتی نکندہ دیوی جی دھرم پتنی راوت پرتھوی سنگھ جی زمیندار عجب پور نے ۲۰ بیگہ زمین سکول کے احاطہ کے لئے اور بابو بنسی دھر صاحب رئیس کانپور نے دس ہزار روپیہ دان کئے تھے علاوہ ازیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar.

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

امسال رائے بہادر بابو درگا پرشاد جی رئیس فرخ آباد نے ۱۰ ہزار روپیہ اور لالہ پرشوتم نرائن جی رئیس فرخ آباد نے دو ہزار کل ۱۲ ہزار روپیہ جو شروع سے اس سکول کے لئے وعدہ کر رکھا تھا عنایت فرما دیا ہے۔ میونسپل بورڈ اور رائے بہادر درگا پرشاد جی سے پچاس پچاس روپیہ ماہوار کی امداد بھی ملتی ہے۔ سکول میں ۲۵۰ سے زیادہ لڑکے درج رجسٹر ہیں۔ انتظامیہ کمیٹی کے سکریٹری بابو جیوتی سروپ جی صاحب وکیل ہیں۔ مدرسہ میں علاوہ دیگر اقسام کی تعلیم کے مذہبی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ ورزش بھی باقاعدہ کرائی جاتی ہے۔ یہ سوسائٹی کے ہاتھ میں ۲۵۰۰ روپیہ نقد اور تقریباً ۱۰ ہزار کی مالیت کی زمین ہے۔ تجویز ہے کہ صنعت و حرفت کی شاخ کھول دی جاوے تیرنا اور گھوڑے پر چڑھنا بھی سکھایا جاوے اور ایک بان پرستھ آشرم بنایا جاوے۔ اور جو شخص ویدک دھرم پر چار میں اپنا جیون لگانا چاہیں اُن کے لئے ایک برہمچاری شریمنی بان پرستھ آشرم والوں کی نگرانی میں کھولی جاوے۔ یہ بھی تجویز ہے کہ سکول سے ۳-۴ میل کے فاصلے پر ایک خوبصورت پہاڑی پر برہمچاریوں اور بان پرستھیوں کے لئے آشرم بنوائے جاویں۔

اس سکول کے متعلق ایک بورڈنگ ہوس بھی ہے جس میں ۹۵ طلباء رہتے ہیں پنڈت سیوک رام جی صاحب سپرنٹنڈنٹ ہیں جو نہایت سنجیدہ حلیم سلیم اور پکے اور سچے سماجک ہیں اور نہایت ہردلعزیز ہیں۔ طلباء کی خبر گیری مثل والد کے کرتے ہیں باقی تین صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ہیں۔

(۱) پنڈت سندر لال جی جو سنسکرت ٹیچر بھی ہیں (۲) پنڈت برجانند جی جو خاص توجہ اور دلداری کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ (۳) ڈاکٹر رام لال جی جو بورڈرز کی تندرستی کے نگران اور کھان پان اور علم حال کے دیکھنے والے ہیں، ان کا سارا وقت بورڈنگ ہوس میں صرف ہوتا ہے۔ اس بورڈنگ ہوس میں طلباء کے برہمچریہ کی تائید کی طرف خاص توجہ دی جاتی ہے اور یہ قاعدہ مقرر ہے کہ کوئی شادی شدہ لڑکا داخل نہیں کیا جاتا ہے

(۳) جمنا پرشاد آریہ ہائی سکول لودھیانہ

یہ سکول تقریباً سنہ ۱۸۷۳ء میں قایم ہوا تھا۔ اور اٹھارہ سال سے آریہ سماج کے ہاتھ میں آیا۔ اپریل سنہ ۱۹۰۶ء تک اس کی تعلیم مڈل تک تھی۔ اس کے بعد ہائی سکول ہو گیا۔ اس کا انتظام ایک مینجنگ کمیٹی کے ہاتھ میں ہے۔ بابو صاحب ایس اے وی فرسٹ گریڈ پرمینٹ سند یافتہ سابق ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول لودھیانہ اس کے ہیڈ ماسٹر ہیں۔ اس وقت ۱۲ جماعتیں ہیں اور ۲۴۲ طلبا تعلیم پاتے ہیں۔ ہائی میں ۷۲ مڈل میں ۶۸۔ اور پرائمری میں ۱۰۲۔ ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۷ء میں تقریباً ۲۶۰ طلبا تمام جماعتوں میں تعلیم پاتے تھے۔ علاوہ ازیں دھارمک شکشا بھی دی جاتی ہے۔ سندھیا اور بھون منتر سورسمت سکھائے جاتے ہیں۔ سکول کے لئے کوٹھی ۳۰ کے ماہوار پر کرایہ پر رکھی ہے سکول اور بورڈنگ ہوس کے لئے ایک پائیں باغ تقریباً سمنہ ۶۰۰ روپیہ میں خرید کیا ہے جس کا رقبہ ۴۵ بیگہ ہے ایک بورڈنگ ہوس اس کے متعلق ہے جس کا انتظام علیحدہ ہے۔ علاوہ تعلیم سکول میں ورزش بھی کرائی جاتی ہے۔ سنگل بار۔ پرلیل بار۔ ہوری زنٹل بار کے علاوہ کرکٹ فٹ بال کا بھی سامان سٹاک میں رہتا ہے۔

مینجنگ کمیٹی اسے بورڈنگ سکول کی شکل میں تبدیل کرنا چاہتی ہے تاکہ گورو کل سسٹم کے مطابق طلباء کو ۲۴ گھنٹے زیر نگرانی رکھکر ان کے آچار بیوہار کو درست کر کے برہمچریہ آشرم کی بنیاد ڈالی جاوے۔ فروری سنہ ۱۹۰۶ء لغایت جنوری سنہ ۱۹۰۷ء کل آمدنی و خرچ ۴۵۲۰ روپے ۱۲ / ۹ پائے ہوا

(۴) دوآبہ ہائی سکول جالندھر شہر

یہ سکول لالہ بھورام جی بی۔ اے مرحوم کی پریرنا سے ہی موجہ ۱۷ مارچ سنہ ۱۹۰۶ء کو کھولا گیا۔ گویا لالہ جی آریہ سماج کے گنجہء امید تھے اور یہ سکول اس کی ایک کلی ہے۔ کیونکہ وہی اس سکول کے پہلے ہیڈ ماسٹر تھے۔ مگر افسوس کہ انکی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عمر نے وفا نہ کی۔ ابتداً اس سکول کا انحصار پرائیویٹ چندہ پر تھا آریہ سماج سے اس کا چنداں تعلق نہ تھا۔ مہاتما لالہ منشی رام جی اس کے پہلے مینجر تھے اور زیادہ خرچ کا بوجھ ان پر پڑتا تھا مگر آپ کے گورکل چلے جانے پر لالہ رام کرشن جی پردھان آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب اس کے مینجر مقرر ہوئے ۱۹۰۵ء میں آریہ سماج جالندھر نے اس سکول کو اپنے زیر اہتمام لے لیا۔ اور لالہ رام کرشن جی بدستور اس کے مینجر رہے۔

اب ۱۹۰۷ء سے اس سکول کی اپنی عمارت بن گئی ہے مگر بورڈنگ ابھی تک کرایہ کے مکان میں ہے۔

بلحاظ نتائج اس سکول نے تمام سکولوں میں اچھی پوزیشن حاصل کی ہے اور لوکل سکولوں میں سخت مقابلہ کی سپرٹ پیدا کی ہوئی ہے۔

(نتائج امتحان) سنہ ۱۹۰۳ء میں ۱۳/۱۸ و سنہ ۱۹۰۴ء میں ۱۴/۱۹ و سنہ ۱۹۰۵ء میں ۲۲/۲۶ و سنہ ۱۹۰۶ء میں ۲۰/۲۸ و سنہ ۱۹۰۷ء میں ۱۸/۳۰ طلباء امتحان میں کامیاب ہوئے۔

سنہ ۱۹۰۷ء میں اگرچہ تعداد طلباء کے لحاظ سے لوکل سکولوں میں دوآبہ ہائی سکول تیسرے درجہ پر رہا ہے مگر نمبروں کے لحاظ سے بہت اعلےٰ رہا ہے دو لڑکے اول درجہ میں اور ۱۲ دوسرے درجہ میں پاس ہوئے ہیں اس پہلو میں گورنمنٹ ہائی سکول کے علاوہ باقی لوکل سکولوں پر فوقیت لے گیا ہے اس سال ایک لڑکے نے ہائی سکول کا اور ایک نے مڈل سکول کا وظیفہ حاصل کیا ہے کئی سالوں سے اس سکول نے کھیلوں میں نمایاں ترقی کی ہے۔ دو سال متواتر فٹ بال کی شیلڈ جیتتا رہا جو اب سکول کی ملکیت ہو گئی ہے۔ اور باقی مختلف کھیلوں میں لڑکوں نے اس سال مبلغ ۱۰ روپیہ انعام حاصل کیا ہے۔ تعداد طلباء ساڑھے تین سو کے قریب ۳۵۰ ہے اور اب دن بدن بڑھ رہی ہے۔ بورڈنگ ہوس کے طلباء کی تعداد ایک سو سات کے قریب ہے سیکنڈری ڈیپارٹمنٹ میں نصف سے زیادہ بورڈر ہیں۔

اس سکول کا ابھی تک مستقل فنڈ نہیں ہے۔ کمی ماہواری چندہ سے پوری ہوتی ہے۔ اب مستقل فنڈ کھولا گیا ہے اور بورڈنگ ہوس کا مکان بنانے کی بھی تجویز درپیش ہے سیکنڈری ڈیپارٹمنٹ کو بورڈنگ ہوس بنانے کی تجویز ہے مگر قدر دان پبلک کی مدد کی ضرورت ہے۔ آجکل اس سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب لالہ کالنشی ناتھ جی بی اے ہیں جو کہ سنہ ۱۹۰۶ء سے کام کر رہے ہیں۔

(۵) آریہ پاٹھ شالہ مظفر گڑھ

ادھیاپک پنڈت مدن موہن جی۔ وہانشے لیکھرام جی اس میں اناتھوں کی تعلیم کا انتظام بھی ہے جن کو کھانا بھی دیا جاتا ہے۔ گورو کل کانگڑی میں داخل ہونے والے لڑکوں کے واسطے بھی ابتدائی تعلیم کا انتظام ہے۔ دو یا بالک (جن کے گورو کل میں داخلہ کی درخواست گئی ہوئی ہے) آجکل یہاں پڑھتے ہیں۔ علاوہ ازیں چند اور لڑکے ہیں اور چند بھاگیرتھی آریوں کے بھی لڑکے یہاں تعلیم پاتے ہیں

(۶) اُنل ویدک پاٹھ شالہ جون پور

اس پاٹھ شالہ کے ادھیاپک پنڈت بلدیو دت جی شرما ہیں آپ مہابھاشیہ اشٹادھیائی اور چھ درشنوں کی تعلیم ودیارتھیوں کو دے سکتے ہیں آپ کو مبلغ ۱۵ روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے ودیارتھی اس وقت صرف ۶ ہیں۔ یہ پاٹھ شالہ آریہ سماج جونپور کے آدھین ہے۔

(۷) ویدک پاٹھ شالہ۔ نرسنگہ پور

یہ شالہ کئی سال سے قایم ہے۔ انتظام شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا ممالک متوسط کے آدھین ہے ماہانہ ۱۳ سالانہ سرکار سے امداد ملتی ہے۔ شالہ کا نیج کا مکان بہ لاگت دو ہزار روپیہ موجود ہے (مفصل حالات موصول نہیں ہوئے)

(۸) ویدک پاٹھ شالہ شاہجہان پور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس میں ۳۷ طلباء (۲۵ لڑکے ۱۲ لڑکیاں) تعلیم پاتے ہیں بابو دیبی پرشاد جی کھیر ادھشٹاتا ہیں خرچ عیسے ماہوار کا ہے۔ میونسپل کمیٹی سے صہ ماہوار امداد ملتی ہے۔ چوتھی جماعت میں اشٹادھیائی اور تیسری میں لگھو کومدی پڑھائی جاتی ہے

(۹) پاٹھ شالا کیرانہ ضلع مظفر نگر

اس میں مُفت تعلیم دی جاتی ہے۔ منیجر لالہ کیول رام جی رئیس کیرانہ۔ اوھیاپک پنڈت ہردوار دت جی۔ آریہ سماج کیرانہ کے ماتحت ہے۔ مبلغ ۵ روپیہ ڈسٹرکٹ بورڈ سے امداد ملتی ہے۔ اس میں ۳۰ طلباء پڑھتے ہیں۔

(۱۰) آریہ سنسکرت پاٹھ شالا سانکھنی ضلع بلند شہر

انتظام ایک مینجنگ کمیٹی کے سپرد ہے جسکے پردھان ٹھاکر نول سنگھ جی اور منتری منشی پنالال جی گپت ہیں۔

یکم اکتوبر ۱۹۰۶ء لغایۃ ۳۰ ستمبر ۱۹۰۷ء مالیہ آمدنی۔ بارہ روپیہ خرچ

اس پاٹھ شالا میں سنسکرت کالج کاشی کی سکیم کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے اشٹادھیائی اور بیجوید سوریہ پڑھائی جاتے ہیں۔ بالفعل ۸ ودیارتھی تعلیم پاتے ہیں۔ امسال دو ودیارتھی پرتھم پریکشا میں پاس ہوئے اور آیندہ سال پرتھم پریکشا میں دو اور مدھیم پریکشا میں ایک ودیارتھی بھیجا جاویگا۔ پنڈت بنسی دھر جی شرما اور لالہ ہاری لال جی ادھیاپک ہیں۔

(۱۱) سنسکرت پاٹھ شالا بھرت پور

اس میں پیشتر سوامی گرانند جی مہاراج ادھیاپک رہے اُن کے بعد جولائی ۱۹۰۶ء میں تین ماہ تک پنڈت انکار دت جی نے کام کیا اب پنڈت ناتھو رام جی ادھیاپک ہیں ۴۰ ماہوار راج سے ملتا ہے۔ ودیارتھیوں کی اوسط حاضری ۷ رہی ہے علاوہ ازیں آریہ سماج کے کچھ سبھاسد بھی ودیادھین کرتے ہیں۔ پربندھ سماج ہذا کی اشٹرنگ سبھا کے ہاتھ میں ہے

(۱۲) دیانند آشرم اینگلو ویدک ہائی سکول اجمیر

یہ سکول سوامی دیانند سرسوتی کی پوتر یادگار میں ۱۸۸۸ء سے قایم ہے اس کا انتظام ایک مینجنگ کمیٹی کے آدھین ہے جس کے پریزیڈنٹ سیٹھ سُکھن لال جی بھارگو بی اے ایل ایل بی وکیل۔ اور سیکرٹری بابو ہیرا لال جی ہیں ۳۱ مارچ ۱۹۰۷ء کو تعداد طلباء ۵۳۳ تھی۔ سنسکرت کلاس فنڈ کی کمی سے بند ہو گئی ہے۔ ایک قطعہ زمین نزد سیلا تالاب کھیل کود کے لئے رکھی ہے جہاں طلباء کرکٹ ہاکی اور فٹ بال وغیرہ کھیلتے ہیں۔ تاریخ مذکور تک کی آمدنی ۵۳۹۳ روپیہ اور ۴

دیگر متفرق پاٹھ شالا و سکول وغیرہ

متعلقہ متفرق آریہ سماجہا بھارت ورش

نمبر	نام مقام	نام درس گاہ
۱	جوبنیر (جے پور)	سنسکرت ہائی سکول
۲	بھاگ پور	ویدک پاٹھ شالہ
۳	بلدوانی (نینی تال)	〃
۴	تھرپولی (دہرہ دون)	〃
۵	چندوسی (مُراد آباد)	سنسکرت پاٹھ شالہ
۶	گجرا (مظفر نگر)	〃
۷	بجنور	〃
۸	بیاور	〃
۹	جودھپور	〃
۱۰	حیدر آباد دکن	〃
۱۱	بمبئی	〃
۱۲	کاسگنج	〃
۱۳	پٹنہ	〃
۱۴	بڈھاپورہ	〃
۱۵	مظفر نگر	〃
۱۶	نگلہ ہریرو	〃
۱۷	مدراس	لکشمی میموریل آریہ پاٹھ شالہ
۱۸	داناپور	آرین اینگلو سنسکرت سکول
۱۹	منگھیر	سامبھر ویدک پاٹھ شالہ
۲۰	پنڈی بھٹیاں	آریہ کمار پاٹھ شالہ
۲۱	کانگڑہ	گورونت اینگلو ویدک مڈل سکول
۲۲	موانہ کلاں (میرٹھ)	اینگلو ویدک سکول
۲۳	بدایوں	بلدیو سنسکرت پاٹھ شالہ
۲۴	تلہر (شاہجہانپور)	ویدک سنسکرت پاٹھ شالہ
۲۵	چھتاری	〃
۲۶	بسی (بدایوں)	〃
۲۷	سیانہ (بلند شہر)	ڈی اے وی مڈل سکول
۲۸	میرٹھ	دیانند اینگلو ویدک ہائی سکول
۲۹	کھنگول (پٹنہ)	پاٹھ شالہ
۳۰	بنارس	〃
۳۱	سوجت (جودھپور)	شریمد یانند پاٹھ شالہ
۳۲	انبالہ شہر	اینگلو سنسکرت ہائی سکول
۳۳	کروڑ	مڈل سکول
۳۴	کانپور	نائٹ سکول
۳۵	بریلی	ہائی سکول بورڈنگ ہوس
۳۶	علی گڑھ	ویدک آشرم 〃 〃
۳۷	نجیب آباد	پرو پکارنی پاٹھ شالہ
۳۸	ناروال	آریہ پنجابی مڈل سکول

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

صرف ستریوں کے لئے

دی کنیا مہاودیالیہ جالندھر شہر

انتظام کنیا مہاودیالیہ کا انتظام کمیٹی سبھا کے آدھین ہے جس کی باضابطہ رجسٹری ۱۸۹۶ء میں ہو چکی ہے معمولی کاروبار چلانے کے لئے کمیٹی سبھا ایک کمیٹی قایم کرتی ہے جو پربندھکرتی سبھا کے نام سے نامزد ہے۔

ممبران کمیٹی سبھا کے ممبراں کا ہر چوتھے سال انتخاب ہوتا ہے۔ جس میں مفصل ذیل اصحاب شامل ہوتے ہیں۔ آریہ سماجوں کے پرتی ندھی آریہ سماج کے وہ ممبر جنہوں نے تین صد روپیہ سے زاید ودیالیہ کو دان دیا ہے۔ ممبران بلحاظ عہدہ یعنی پردھان آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب و منتری آریہ سماج جالندھر شہر۔ پرتشٹھت ممبران جن کو کمیٹی سبھا بلحاظ خاص قابلیت کے مقرر کرے۔ اس سال ۲۲ ممبران کمیٹی سبھا کے تھے۔ جن میں شریمتی سبھدرا بائی جی شریمتی ساوتری دیوی جی بھی شامل تھیں

کارکناں اس سال مفصلہ ذیل کارکناں رہے۔

لالہ دیوراج جی پردھان۔ شریمتی سبھدرا بائی جی اوپ پردھان۔ لالہ بدری داس جی ایم اے منتری۔ لالہ رام کشن جی اکونٹنٹ۔ لالہ جیٹھا مل جی بی اے خزانچی۔ لالہ کرم چند جی بی اے مینجر کنیا آشرم۔ لالہ بدری داس جی ایم اے مینجر کنیا مہاودیالیہ۔

کنیا مہاودیالیہ میں اس وقت ۹ جماعتیں ہیں جن میں ۱۸۰ کنیائیں تعلیم پاتی ہیں۔

شیکشا مفصلہ ذیل مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔

سنسکرت۔ دھرم شکشا۔ ہندی۔ انگریزی سنگیت۔ ہارمونیم۔ سلائی کڑھائی۔ کشیدہ وغیرہ۔ مٹی کے کھلونے۔ انتظام خانہ داری دکھانا بنانا وغیرہ۔ اشیاء کے سبق۔ حساب۔ جغرافیہ۔ تاریخ۔ ڈرائینگ۔ ان میں سے بعض مضامین خاص طور پر قابل ذکر ہیں دھرم شیکشا کی طرف خاص توجہ دی جاتی ہے محض کتابوں کو ہی ذریعہ تعلیم نہیں سمجھا جاتا۔ بلکہ ستیارتھ پرکاش۔ وید بھاشیہ بھومکا پنچ مہایگیہ ودھی۔ آریودیش رتن مالا۔ ہون منتر وغیرہ وغیرہ اعلےٰ کتابیں پڑھانیکے علاوہ خاص اوپدیش نصیحت آمیز حکایتوں اور دیگر وسایل سے اس مضمون کو عمدہ طریقہ سے ذہن نشین کرایا جاتا ہے۔

سلائی وغیرہ کے متعلق کپڑے کاٹنا اور مشین سے سینا سکھلایا جاتا ہے کشیدہ وغیرہ میں جالی اور پھلکاری کا کام سکھایا جاتا ہے۔ ہوم بیدایمبرائیڈری مشین سے اُن کے ساتھ سیل بوٹا بنانا سکھایا جاتا ہے ان کے علاوہ گلوبند جراب جوتے ٹوپی وغیرہ بنانا عمدہ عمدہ زیبائشی سامان تیار کرنا اور کروشے ورک سکھلایا جاتا ہے۔ ان مضامین میں ودیالیہ کی کنیاؤں نے خوبیاں ترقی کی ہے۔ چنانچہ کئی ایک آریہ سماجوں کے سالانہ جلسوں پر ودیالیہ کی کنیاؤں کے ہاتھ کا بنا ہوا کام دکھایا گیا ہے۔ جس کے لئے ہمیشہ تعریف و تحسین ہوتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کھانا پکانے کے متعلق علاوہ معمولی بھوجن بنانے کے مختلف اقسام کی مٹھائیاں۔ اچار اور چٹنیاں بنانا بھی سکھایا جاتا ہے چنانچہ آریہ سماج جالندھر شہر کے سالانہ جلسہ پر کنیا آشرم کی بنی ہوئی مٹھائیاں فروخت بھی کی جاتی ہیں جو ہاتھوں ہاتھ بک جاتی ہیں۔

ڈرائینگ سال حال میں شروع کیا گیا ہے۔ اس مضمون میں کنیاؤں نے تسلی بخش ترقی کی ہے۔

ورزش ودیالیہ میں جسمانی ورزش کا خاص انتظام ہے۔ پاٹھ شالا میں ایک معین وقت پر کُل کنیائیں ورزش کرتی ہیں۔ آشرم میں رہنے والی کنیائیں شام کو پیدل پھرنے کے لئے باہر جاتی ہیں۔ علاوہ اس کے ودیالیہ میں کئی ایک کھیل خاص طور پر طیار کئے گئے ہیں جن سے جسمانی ورزش کے ساتھ دھرم شکشا بھی ہو جاتی ہے۔

مکان ودیالیہ کا مکان اپنا ہی ہے۔ جو فراخ اور ہوادار ہے۔ صحن بھی کافی ہے۔ جس سے کنیاؤں کو کھیلنے میں بھی سہولیت رہتی ہے۔ مگر بانھمہ گذارہ کے لئے کافی نہیں ہے۔ بعض اوقات جماعتوں کو برآمدوں میں بیٹھنا پڑتا ہے چند کمروں کی اور ضرورت ہے سال حال میں پانی وغیرہ کے لئے اور کھانا پکنے کے لئے ایک جدید مکان بنایا گیا ہے۔

پاٹھ ودھی سال حال میں از سر نو بنائی گئی ہے۔ جس میں سنسکرت ہندی اور دھرم شکشا کی تعلیم پہلے کی نسبت بہت اعلیٰ کر دی گئی ہے

آمدنی و خرچ گذشتہ سال ودیالیہ کو ۱۷۰۰ کی آمدنی ہوئی اور ۱۷۰۰ خرچ ہوا سال حال میں خرچ بہت بڑھ گیا ہے۔ ادھیاپک اور ادھیاپکاؤں کی تعداد زیادہ کی گئی ہے۔ اور تعلیمی حالت کو ترقی دینے کے لئے تنخواہیں معقول کر دی گئی ہیں۔ جس طریقہ سے اس وقت کام چل رہا ہے اگر پربندھک دھن سے امداد کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں نمایاں کامیابی اور نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔

کنیا آشرم ودیالیہ کے متعلق کنیاؤں کی رہائش کے لئے ایک بورڈنگ ہوس ہے۔ جس میں اس وقت ۱۰۵ کنیائیں رہتی ہیں۔ کنیا آشرم کی لیڈی سپرنٹنڈنٹ شریمتی سوبھدرا بائی جی ہیں جن کے اعلےٰ انتظام اور محنت و جفاکشی کسی بیان کی محتاج نہیں ہے۔ شریمتی بائی جی صوبہ برار سے ودیالیہ کی سیوا کے لئے آئی ہیں اور دن رات ہمہ تن اسی کام میں مصروف رہتی ہیں۔ آشرم کی موجودہ کنیاؤں کی تعداد سے بخوبی ظاہر ہوگا کہ کس قدر ترقی اس پوتر انسٹیٹیوشن نے کی ہے۔ بہت سی درخواستیں کنیاؤں کو داخل کرنے کے لئے پربندھ کرنا جی کے پاس موجود ہیں مگر جگہ کی قلت کی وجہ سے داخل نہیں ہو سکتیں۔ کنیا آشرم کے لئے اپنا مکان نہیں ہے۔ اس لئے انسٹیٹیوشن کی ترقی میں ایک سخت رُکاوٹ حایل ہو رہی ہے۔ کھیہ سبھا کوشش کر رہی ہے کہ ودیالیہ اور آشرم کے لئے کسی ایکانت جگہ میں مکان تیار ہو سکے چنانچہ اس غرض کے لئے شہر کے قریب ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر مالا کنال کے قریب اراضی خریدی گئی ہے اگر استری شکشا کے حامی اس وقت دھن سے مدد کریں تو بہت جلد مکان تیار ہو سکتا ہے۔ اس وقت آشرم میں تین تنخواہ دار اسسٹنٹ لیڈی سپرنٹنڈنٹ ہیں۔

آشرم کی فیس ہر ایک کنیا سے ۷ روپیہ ماہوار لی جاتی ہے

بدھوا بھون مارچ ۱۹۰۷ء میں کنیا مہاودیالہ کھیہ سبھا نے اس اہم اور نہایت ہی ضروری انسٹیٹیوشن کی بنیاد رکھی۔ ادھیاپکاؤں کی وجہ سے جس قدر رکاوٹ کا استری شکشا کی ترقی میں پڑ رہی ہے اس کو وہی لوگ ٹھیک طور پر محسوس کر سکتے ہیں جو کسی نہ کسی پتری پاٹھ شالا سے تعلق رکھتے ہیں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اور دیش کی بدقسمت بدھواؤں کے اکارتھ جیون کو اعلےٰ اور فائدہ مند بنانے کے لئے ودیالیہ کے تعلق میں یہ بھون کھولا گیا ہے جسکا یہ مقصد ہے کہ اگر کافی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سرمایہ میسر آسکے تو بدھواؤں کو بلافیس شکشا دی جاوے تاکہ وہ ادھیاپکائیں اور پرچارکائیں بن کر بجائے مصیبت اور ظلم کی ایام شماری کے ملک اور قوم کے لئے اپنی زندگی کو منبع فیض بنا سکیں۔ فی الحال اس کی فیس ۵ ماہوار مقرر ہے۔ بدھواؤں کی لیڈی سپرنٹنڈنٹ شریمتی ساوتری دیوی جی ہیں جو آنریری طور پر نہایت محنت اور خوشی سے کام کر رہی ہیں۔ شریمتی جی ودیالیہ کی مکھیہ ادھیاپکہ بھی ہیں۔ بدھواؤں کے پربندھ کرتا لالہ لالجی رام ہیں۔

(۲) سالانہ رپورٹ کنیا پاٹشالہ ڈیرہ دون

اس پاٹھ شالہ کے ڈائرکٹر بابو جیوتی سروپ جی صاحب وکیل اور سکرٹری بابو درگا پرشاد جی ہیں۔ اندرونی انتظام کا کام استریوں کے ہاتھ میں ہے۔ جس کی سب کمیٹی کی ممبر شریمتی کورا دیوی شریمتی کیشوی دیوی۔ دھرم پتنی بابو درگا پرشاد شریمتی سُرا بالا بوس۔ دھرم پتنیاں بابو ایشان چندر دیو۔ بابو گنگا پرشاد جی ماتھر۔ بابو گنگا پرشاد جی بھٹناگر۔ و بابو ہرد ے چندر داس۔ شریمتی کامنی بوس۔ شریمتی مہادیوی جی آنریری سپرنٹنڈنٹ ہیں جو کلکتہ یونیورسٹی کی انٹرنس پاس ہیں اور جن کی سنسکرت کی لیاقت نہایت ہی اعلےٰ درجہ کی ہے شریمتی کامنی بوس جو مکھیہ ادھیاپکہ ہیں اور ۵۰ روپیہ ماہوار تنخواہ پاتی ہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی کی بی اے ہیں۔ اور دوسرا مضمون جنکا سنسکرت تھا۔ دویم ادھیاپکہ ہیں۔ شریمتی ہرنیہ کمار بوس ۵ ماہوار تنخواہ پاتی ہیں۔ سوم ادھیاپکہ دھرم پتنی مسٹر کرشنہ ماہوار پاتی ہیں۔ چہارم ادھیاپکہ شریمتی سُرا بالا بوس ۴ ماہوار پاتی ہیں۔ کل ۱۳ ادھیاپکائیں اس وقت تعلیم دیتی ہیں۔ سٹاف نہایت اعلےٰ درجہ کا ہے۔ مشکل سے کسی کنیا پاٹھ شالہ میں اتنی قابل اور ودوان ادھیاپکائیں ہونگی۔ مذہبی تعلیم لازمی ہے۔ انگریزی اختیاری مضمون ہے۔ علاوہ ازیں سنسکرت۔ ہندی۔ حساب۔ تاریخ و جغرافیہ۔ سائنس۔ حفظ صحت۔ گائن و ویا بھجن کیرتن۔ رسوئی بنانا۔ سینا پرونا۔ اور ورزش وغیرہ سکھلائی جاتی ہیں۔ ہر پورنماشی و اماوس کو سب لڑکیاں مل کر عام ہون کرتی ہیں۔ اور شاستروں کے متعلق بحث و مباحثہ ہوتا ہے جس میں شہر کی اور استریاں بھی شامل ہوتی ہیں۔ کنڈرگارٹن کی طرز تعلیم کا بھی رواج ہے۔ ۳۱ مئی ۱۹۰۷ء کو ۸۲ لڑکیاں درج رجسٹر تھیں۔ جن میں برہمن ۲۵ کشتری ۱۷۔ کایستھ ۲۲۔ ویش ۸ مسلمان ۱۔ عیسائی ۲۔ دیگر مذاہب کی ۷ لڑکیاں تھیں۔ ۵۱ لڑکیاں سالانہ امتحان میں شریک ہوئیں جن میں سے ۴۷ کو ترقی دی گئی۔ ۴ لڑکیاں اپریل ۱۹۰۷ء میں امتحان گورنمنٹ مڈل سکول میں شامل ہوئیں جن میں دو پاس ہوئیں اور ایک نے ۵ ماہوار کا وظیفہ حاصل کیا انکا نام شریمتی دیوی ہے جو بابو جیوتی سروپ جی موصوف کی دختر نیک اختر ہے۔

ماہ نومبر ۱۹۰۷ء سے ایک لیڈی گورنیس بھی آگئی ہے اور جنوری سے دو اور لیڈی ٹیچر کے آنے کی امید ہے۔

پاٹھ شالہ کے متعلق ایک بورڈنگ ہوس ہے جو ۱۹۰۴ء سے قایم ہے اس میں اس وقت ۴۰ کنیائیں داخل ہیں اور بوجہ قلت مکان کئی کنیاؤں کو جواب دینا پڑا۔ اجمیر۔ جے پور۔ لایلپور۔ بنارس۔ اور فیض آباد وغیرہ سے لڑکیوں کا اس بورڈنگ ہوس میں داخل ہونا اس کی ہر دلعزیزی کا پورا ثبوت ہے۔ بورڈنگ ہوس کی فیس حیثیت کے موافق ۱۲ اور ۱۵ ماہوار لی جاتی ہے۔ عمارت کی تجویز ہو رہی ہے۔ پبلک سے جو دان وصول ہوا ہے اس کی تعداد ۲۷ ہزار روپیہ ہے جس میں سے تقریباً نصف پورٹ ۱۹۰۵ء میں دکھلایا جا چکا ہے۔ دس ہزار کی مالیت کی جائداد علیحدہ ہے۔ میونسپل کمیٹی ڈیرہ دون سے ۴۰ ماہوار امداد ملتی ہے۔ مہاراجہ صاحب ٹہری ۱۵ روپیہ سالانہ اور رانی صاحبہ پرتاپگڑھ ۵ ماہوار عطا فرماتی ہیں۔ اور مبلغ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عرصے ماہوار چندہ جمع ہوتا ہے جو ابھی تک افسوس ہے کہ موصول نہیں ہوا۔
اس پاٹھ شالہ کے ساتھ کنیا انا تھالیہ۔ بدھوا آشرم۔ اور اودھیا پاک کلاس بنانے کی تجویز ہے۔ ستمبر ۱۹۰۶ء میں دسہرہ کے موقعہ پر رانی صاحبہ پرتاب گڑھ نے خود اپنے دست مبارک سے کنیاؤں کو انعام تقسیم کیا تھا۔ بحیثیت مجموعی پاٹشالہ کی حالت ہر پہلو سے قابل اطمینان ہے اور ڈیرہ دون کے اصحاب اس کے لئے مبارک بادی کے مستحق ہیں۔

(۳) رپورٹ بھگوتی پتری پاٹھ شالا ہریانہ بابت ۱۹۰۷-۱۹۰۶ء

(۲) ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء کا مبارک دن اور صبح کا سہانا وقت تھا جبکہ موضع بنتھرا (ضلع اٹاوہ) کے وسیع میدانوں میں اُدم، مشبد کی آواز گونجنے لگی اور آن کی آن میں بنتھرا کے جنگلوں کی اُداسی اور خاموشی آنند میں تبدیل ہوگئی اس میدان میں گرداگرد ۱۸ چھولداریاں - ۲ بڑے خیمے اور ۲ دسیع شامیانے نصب تھے درمیان میں ۸ ہون کنڈ ایک دائرہ میں بنے ہوئے تھے جن کے بیچ میں آچاریہ کے بیٹھنے کے لئے عمدہ تخت بچھایا گیا تھا۔ تقریباً ۱۰ بجے صبح کے شریمان پنڈت بھوجدت جی اڈیٹر اخبار "مسافر" آگرہ نے کارروائی شروع کرائی ہر ایک ہون کنڈ کے گرداگرد سولہ سولہ ہونے والے بھائی براجمان ہوئے۔ ہوں تقریباً ایک من سے زیادہ تھی آچاریہ کے تخت پر پنڈت جی موصوف معہ چار دیگر آریہ پنڈتوں کے براجمان تھے۔ خیر کارروائی شروع ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے بنتھرا کے میدان جن پر کسی زمانے میں اورنگ زیب کے بہادر راجپوتوں کے نہایت بے رحمی سے خون بہائے تھے اور ان موجودہ راجپوتوں کے بزرگوں کو بزور شمشیر مسلمان بنایا تھا خوشبودار ہون سامگری سے سوگند حدت ہوگئے۔ دوسری طرف ٹھاکر بلونت سنگھ جی کے مکان کے اندر دیانند اینگلو ویدک کالج کے طلباء استریوں اور بچوں سے ہون کرا رہے تھے غرضیکہ اسی طرح ان "سواہا" کے نعروں میں ۷۰ سے بھائی شدھ ہوئے جن کے ہاتھ سے حلوا تقسیم ہوا جو سب نے بخوشی کھایا اس کے بعد شریمان پنڈت بھگوان دین جی نے نصف گھنٹہ تک ایک عمدہ اور موثر طریقہ میں شدھ شدہ بھائیوں کو اُپدیش دیا۔ ۱۲ بجے کے قریب سب نے جن میں فوجی برہمن تک شریک تھے شدھ ہوئے ہوئے بھائیوں کے ہاتھ کا پروسا ہوا کھانا بخوشی کھایا۔ اس وقت کے فوٹو بھی لئے گئے جو بابو چندر بھی لال فوٹو گرافر صدر بازار آگرہ سے مل سکتے ہیں۔

کھانا کھانے کے بعد قریب ۳ بجے دوپہر سب بھائی پھر جمع ہونے شروع ہوئے اور پنڈال بالکل بھر گیا۔ کنور اودے بیر سنگھ جی بیرسٹرایٹ لا میر مجلس قرار پائے۔ اس کے بعد ٹھاکر مہابیر سنگھ جی نے ایک مختصر سی لیکن موثر تقریر کی۔ بعدہٗ پنڈت بھوجدت جی کا لیکچر ویدک دھرم کی فضیلت پر ہوا۔ آپ نے کامل ۱½ گھنٹہ تک نہایت ہی فصاحت سے دیکر ظاہر کرتے ہوئے بھولی بھٹکی آتماؤں کو ایسے پرجوش و دردانگیز لہجہ میں ویدک دھرم کی دعوت دی کہ جو مسلمان راجپوت وہاں موجود تھے اونہوں نے بھی ویدک دھرم کی بزرگی کے روبرو سر تسلیم خم کیا یہاں تک کہ سینکڑوں مسلمان راجپوتوں نے اگلے ہی روز شدھی کے لئے درخواستیں پیش کیں جن کی تاریخ شدھی مقرر کرکے شائع کی جاوینگی۔

(۳) ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء کو موضع فرخہ ضلع بلند شہر میں پنڈت بھوجدت جی نے ٹھاکر چنتر سنگھ جی رئیس اعظم کے پریوار کو شدھ کیا جسمیں ۱۱ ممبر ہیں۔ حاضرین کی تعداد اس وقت ۵۰ ہوگی۔

بنتھرا کی شدھی میں مندرجہ ذیل معاشیوں نے خاص طور پر حصہ لیا

۱ پنڈت بھوجدت جی۔ ۲ پنڈت مراری لال جی۔ ۳ ٹھاکر کرپا رام جی ٹھاکر بلونت سنگھ جی۔ ۵ پنڈت بھگوان دین جی۔ ماسٹر چھوٹے لال جی بابو شیام سندر لال جی۔

(۱۰) ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء کو آریہ سماج بنگلور و دکن نے ڈاکٹر باسپ کو معہ اس کے کنبہ کے (جن میں پانچ آدمی شامل تھے) اور جو چالیس سال ہوئے عیسائی ہوگئے تھے ایک بڑے مجمع میں پرائشچت کرا کر شدھ کرنے کے بعد ویدک دھرم میں شامل کیا۔ پرائشچت کرانے والے پنڈت وینکٹ کرشن راؤ نج آچاریہ اور منتری سماج تھے شدھی کے بعد بہت سے مقرر حاضرین کا مستطلی شدھی پتر دیا گیا اور ان کے ہاتھ سے پان تقسیم کرائے گئے۔

ہیبت مری بلا ہے

ایک عجیب شدھی

عید کے دن پسرور میں ایک شخص جو اپنے تئیں تیجا رام قوم کھتری سکنہ سنگوئی ضلع جہلم برادر کرم چند ظاہر کرتا تھا بوقت نماز مسلمان ہوا اور اس کا نام عبداللہ رکھا گیا بجائے اس کے کہ ہم خود بھانڈا پھوڑیں اصل واقعات بجنسہٖ ایک معزز مسلمان کی زبانی مختصراً تحریر کرتے ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نماز کیوقت نام بردہ آیا اور کہا کہ میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں محمدیوں کی رضامندی دیکھ کر لیکچر دینے کے لئے کھڑا ہو گیا اور کہا کہ میں کُل مذاہب کی سیر کر چکا ہوں آریہ سماج کا لیکچرار رہا ہوں عیسائیوں کی کتابیں دیکھیں مگر تسلی نہیں ہوئی۔ نیوگ پر اعتراض کئے۔ بائیبل پر نکتہ چینی کی۔ اور بتایا کہ تین سال ہوئے کہ قرآن مجید کا مطالعہ شروع کیا تھا اسی دن سے قایل ہو گیا مگر اب باضابطہ مسلمان ہوتا ہوں۔ لوگ عموماً دل سے اسلام کا معتقد ہوتا ہوں وہ ادھر سے پہلے کھڑا ہوا لیکچر سنا رہا تھا کہ ساتھ کے آدمی نے میرے کان میں کہا کہ یہ پرانا مسلمان ہے پہلے سیالکوٹ دو دروازہ والی مسجد میں مسلمان ہوا تھا ۷ ہزار روپے ہم مسلمانوں نے اکٹھے کر کے دیئے تھے۔ میں نے کہا جانے دو اس کا کچھ بن جائے تو ہمارا کیا ہرج ہے چنانچہ لیکچر کے بعد سب نے اس کو کہا کہ ہندو مذہب کے نشان اڑا دو تو اس نے بڑے بڑے بالوں سے کچھ بال پکڑ کر کہا کہ یہ میری چوٹی ہے کاٹ ڈالو چنانچہ کاٹی گئی پھر کرتہ کے اندر ہاتھ ڈال کر ایک دھاگا ہاتھ میں اکٹھا کیا ہوا نکال کر پھینک دیا۔ کہ یہ جنیو ہے اور کلمہ پڑھ دیا۔ چنانچہ ۸ ہزار روپے عیدگاہ میں ہی اکٹھے ہو گئے بعد ازاں ۴ ہزار روپے شہر سے اکٹھے ہوئے مگر سنا ہے کہ بعد ازاں پولیس نے بلایا اور حسب نسب پوچھا اور دھوکا میں چالان کرنے کو کہا تو آپ کو بھگتنے ہی بنی اور بیچارہ جیطرح آیا تھا اپنی کمائی سے ہاتھ دھو کر ایک بنیی ودوگوش چلتا بنا

(از اخبار پرکاش)

پرچہ جوابات الات امتحان ستیارتھ پرکاش ۱۹۰۷ء

پہلا پرچہ نمبر ۱۰۰۔ وقت ۳ گھنٹے از ڈاکٹر چرنجیو جی ہار دوارج

(۱) "اوم" کا مفصل ارتھ لکھو اور یہ بھی لکھو کہ پرماتما کے اس نام میں اور ناموں سے کیا خصوصیت ہے۔ (۱۳)

(۲) ویدیہ کی رکشا اور اس کے خراب کرنیکے نفع نقصان لکھو اور نیز ویدیہ رکشا کی ترکیب بھی لکھو۔ (۱۰)

(۳) ہوم کیوں کرنا چاہئے۔ اور اس میں کتنے پرکار کے پدارتھ ڈالنے چاہئیں ہر ایک منشیہ کو صبح شام کم از کم کتنی آہوتیاں دینی چاہئیں اور ایک آہوتی کا کتنا اندازہ ہے۔ (۱۰)

(۴) برہمچریہ کتنی قسم کا ہے استری اور پرش کے لئے بواہ کا اعلےٰ ترین کونسا وقت ہے۔ بال بواہ کیوں ممنوع ہے۔ (۱۰)

(۵) چار آشرموں کے نام اور اُن کے فرایض لکھو۔ (۱۰)

(۶) نرگن اور سگن استتی کا کیا مطلب ہے مثال دیکر سمجھاؤ۔ (۱۰)

(۷) کارن کتنی قسم کے ہوتے ہیں ہر مثال لکھو۔ (۸)

(۸) سوبھاؤ سے انادی اور پرواہ سے انادی میں کیا فرق ہے سوبھاؤ سے انادی کتنے پدارتھ ہیں اُن کے نام لکھو۔ (۱۰)

(۹) آریہ۔ دسیو۔ دیو۔ راکشس۔ پلیچھ شبدوں کے ارتھ لکھو (۱۰)

(۱۰) بھکشیہ۔ ابھکشیہ کتنے پرکار کا ہوتا ہے۔ جھوٹھ کا کیا مطلب ہے جھوٹھا کہلانے میں کیا دوش ہے۔ دلیل اور حوالہ سمیت سمجھاؤ۔ (۱۰)

دوسرا پرچہ نمبر ۱۰۰۔ وقت ۳ گھنٹے

از لالہ کاشی رام جی۔

(۱) آریہ ورت کا قدیم عروج اور اس کی وجہ اس کے بعد کا تنزل اور اس کی وجوہات بیان کرو۔ (۱۲)

(۲) دام مارگ کی تعلیم مفصل بیان کرو۔ (۶)

(۳) ویدوں میں مفصل ذیل شبدوں کے کیا ارتھ ہیں۔ رُدر دِشٹو۔ گنپتی۔ سُوریہ۔ تپ کس کو کہتے ہیں۔ سچے تیرتھ کون سے اصل میں پران کونسے ہیں۔ (۱۰)

(۴) پرانے عہد نامہ کے خدا کا روپ اور سوبھاؤ بیان کرو (۴)

(۵) بودھ اور جین مت کے مطابق مکتی کیا ہے۔ (۶)

(۶) مورتی پوجا کا دلیل سے کھنڈن کرو اور اسکے دوش بیان کرو (۱۰)

(۷) حضرت یسوع کے جنم اور مر کر پھر جی اٹھنے کا حال جو نئے عہد نامہ میں بیان کیا گیا ہے اس کی سمیکشا کرو۔ (۸)

(۸) قرآن شریف میں لکھا ہے کہ جس کو چاہتا ہے معاف کرتا ہے۔ جس کو چاہے دکھ دیتا ہے جو کسی کو بھی نہیں دیا وہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تمہیں دیا" (منزل ۲ - سپارہ ۶ - سورۃ ۵ - آیت ۱۷-۱۸)
اس کی سمیکشا کرو۔ (۷)

(۹) جیو اور ایشور کے بھید میں وید کا پرمان دو۔ اور ستمکتی میں جیو - ایشور کی ایکتا کا کھنڈن کرو۔ (۸)

جواب مضمون -

ہر ہمچریہ کی عظمت (۲۵)

آریوں کے ساتھ مقدمات

مسافر کا مقدمہ

یوں تو جس روز سے کہ سہارنپور کے عظیم الشان مباحثہ میں ممالک متحدہ و دہلی کے علماء اسلام کی مجموعی طاقت کو شریمان پنڈت بھوجدت جی اڈیٹر "مسافر" نے شکست فاش دیکر اسلام کی کمر توڑ دی تھی اسی روز سے مسلمانوں کی طرف سے پنڈت جی کو قتل و مقدمہ وغیرہ کے گمنام الٹی میٹم ملنے لگے تھے لیکن اس کے ساتھ آگرہ جیسے شہر سے جو کہ برسوں تک مغلیہ خاندان کا پایہ تخت رہ چکا ہے اور ابھی تک اسلامی گدی" کے نام سے مشہور ہے - "مسافر" جیسے اخبار کا نکلنا مقدمات کے خطروں سے کیونکر بری ہو سکتا تھا۔ پس آخرش ۷ مارچ ۱۹۰۷ء کو وہ دن بھی آن پہنچا کہ جب سچ مچ پولیس کی طرف سے مسافر" کو باقاعدہ مقدمہ کا نوٹس مل گیا۔

یہ مقدمہ ظاہراً زیر دفعہ ۲۹۲ تعزیرات ہند گورنمنٹ ہی کیطرف سے تھا لیکن دراصل مسلمانوں کی کوشش کا نتیجہ تھا۔ مقدمہ کی بنا "مسافر" کے پرچہ جات مطبوعہ ۸ ستمبر و ۱۵ اکتوبر ۱۹۰۶ء کے دو مضامین پر مبنی تھی۔ جو کہ امرتسر کے ایک اسلامی پرچہ کے جوابات میں لکھے گئے تھے۔ اس اسلامی اخبار نے ہندوؤں پر علاوہ دیگر الزامونکے ایک الزام یہ بھی لگایا تھا کہ ہندو قوم زنا کاری میں یورپین اقوام سے بھی بڑھی ہوئی ہے۔ اس الزام کا تحقیق جواب دینے کے بعد الزامی جواب میں مسافر نے فقہ کی کتب سے چند فتوی یہ ثابت کرنے کے لئے نقل کئے تھے کہ اسلام کی تعلیم ہی زنا کاری سے بھری پڑی ہے۔ بس کتب فقہ کے یہ خاص فتوی ہی جو ۱۵ اکتوبر کے پرچہ کے مضمون میں نقل کئے گئے تھے اصل مقدمہ کی بنیاد تھے۔ گورنمنٹ کہتی تھی کہ فتوی فحش ہیں۔ اور مسافر کے وکلا کا دعوی تھا کہ یہ فتوی قانوناً فحش کی تعریف میں نہیں آتے اور نہ عام طور پر فحش ہیں بلکہ مذہبی مباحثوں میں ہمیشہ استعمال ہوتے رہتے ہیں۔ خیر مقدمہ کی پہلی پیشی مسٹر ہینٹ صاحب جانٹ مجسٹریٹ آگرہ کے روبرو ۲۴ اپریل کو ہوئی۔ مسافر کی طرف سے آگرہ کے مشہور وکیل پنڈت کیلاش ناتھ جی بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل ہائی کورٹ بابو پریاگ نرائن جی۔ بی۔ اے۔ ایل۔ ایل بی۔ بابو لکشمی نراین جی۔ بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ وبابو سالگرام پلیڈر پیروکار تھے۔ اس روز سرکار کی طرف سے مسافر کے خلاف چار گواہ گذرے اور چاروں پر جرح ہوئی۔ ان سب سرکاری گواہوں نے یکزبان ہو کر اپنی شہادت میں کہا کہ "مسافر" کے فقرات زیر تنازعہ ہرگز فحش نہیں ہیں۔ اس کے بعد دوسری پیشی پر صرف گورنمنٹ رپورٹر کی شہادت ہوئی جس نے بیان کیا کہ ہر دو اخبارات کے ہر دو مضامین بحیثیت مجموعی فحش ہیں لیکن جب وکیل نے جرح میں پوچھا کہ ستمبر کے پرچہ کے مضمون میں سے کوئی فقرہ جملہ یا لفظ جو فحش ہو نکالکر دکھلاؤ تو آپ نہ دکھلا سکے اس پر سرکاری پیروکار نے ۸ ستمبر کے پرچہ کو الزام سے بری کر دیا اور مقدمہ صرف ۱۵ اکتوبر کے ہی پرچہ پر رہا۔ گورنمنٹ رپورٹر نے ۱۵ اکتوبر والے مضمون کے متعلق آخرش جرح میں کہدیا کہ اس مضمون کے متعلق بھی میرے وہی بیانات ہیں جو ۸ ستمبر والے مضمون کے متعلق تھے۔ اس موقعہ پر مسٹر ہینٹ صاحب تبدیل ہو گئے۔ اور مقدمہ مسٹر ایڈورڈ صاحب مجسٹریٹ ضلع نے اپنے ہاتھ میں لے لیا اور صفائی طلب کی صفائی کے لئے مسافر نے ۸ گواہ طلب کئے اور دو معززین کے نام کمیشن جاری کرایا۔ ان آٹھ گواہوں میں ۴ مسلمان۔ ۲ سناتنی اور دو آریہ تھے۔ اور بلحاظ حیثیت یہ لوگ بڑے بڑے زمیندار محکمہ والم۔ رئیس پروفیسر اور یونیورسٹی کے گریجویٹ تھے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ان سب گواہوں نے عدالت میں حلفیہ بیان کیا کہ مضامین زیر تنازعہ میں ایک لفظ بھی فحش نہیں ہے آخر شں وکلا کی بحث سننے کے بعد صاحب مجسٹریٹ بہادر نے بروز سالگرہ ملک معظم شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم ۲۹ جون کو جو کہ تعطیل کا دن تھا فیصلہ سنا دیا۔ پنڈت جی کو ایک ماہ سخت کی سزا عطا فرمائی اور زیر حراست پولیس جیل خانہ بھیجدیا اسی وقت سیشن جج صاحب کے ہاں درخواست ضمانت دی گئی لیکن صاحب سیشن جج نے ضمانت نامنظور کردی آخر ہائی کورٹ جانا پڑا اور چار روز بعد ضمانت ہائی کورٹ سے منظور ہوئی اور پنڈت جی جیل سے آگئے سیشن جج کے ہاں اپیل ہوئی جو کہ اسی روز خارج ہوگئی۔ آخر کار ہائی کورٹ میں اپیل کی گئی "مسافر" گیزٹ ممالک متحدہ کے سب سے زبردست بیرسٹر مسٹر السٹن صاحب پیروکار تھے سر جارج ناکس چیف جسٹس نے مقدمہ خود اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

مسٹر السٹن کی تقریر سننے

کے بعد سر جارج ناکس نے پانچسو روپیہ جرمانہ میں تبدیل کردیا جرمانہ داخل ہوگیا۔ اس طرح اس مقدمہ کا خاتمہ ہوا۔ اس مقدمہ کے متعلق ایک خاص باتیں ہیں۔ مثلاً وہی فتوی جن کے نقل کرنے پر اڈیٹر مسافر کو جیل بھیجا گیا۔ مسافر سے پیشتر محمدی اخبار اہل حدیث امرتسر اور کئی ایک جدید اسلامی کتب میں نقل کئے جا چکے تھے۔ لیکن ان کتب کے مصنفوں اور اہل حدیث کے اڈیٹر پر کوئی مقدمہ نہ چلایا گیا۔ پھر جس حالت میں کہ استغاثہ وصفائی کے کل معزز گواہ بجز ایک گورنمنٹ رپورٹر کے بکزبان ہوکر حلفیہ بیان کر گئے کہ مضامین زیر تنازعہ ہرگز فحش نہیں ہیں۔ تو بھی صاحب مجسٹریٹ نے جو "مسافر" کا اصل زبان میں خود ایک فقرہ تک نہ سمجھ سکتے تھے نہ معلوم مضامین زیر تنازعہ کو کیسے فحش قرار دے لیا۔ غرضیکہ بہت سی باتیں ابھی تک اس مقدمہ کے متعلق مخفی ہی ہیں جن کا مفصل ذکر پنڈت کیلاش ناتھ جی نے نہایت ہی قابلیت سے عدالت سیشن جج والی تقریر میں کیا ہے جو مسافر میں نکل چکی ہے۔ اس مقدمہ میں آریہ پبلک نے پنڈت جی کو بڑی ہی فراخ دلی سے امداد دی جس سے مقدمہ کا سب کام بخوبی سرانجام ہوگیا۔

حالات بعثت آنحضرت صلعم اور آریہ سماج و دیگر مذاہب

زبردست مباحثہ

یہ زبردست مباحثہ آگرہ میں شریمان پنڈت بھوجدت جی اور حافظ احمد مسیح صاحب دہلوی کے مابین نہایت ہی کامیابی کے ساتھ ہوا ہے۔ مباحثہ برابر پانچ روز تک بڑے زور و شور سے ہوتا رہا۔ مباحثہ کی یہ ایک شرط تھی کہ پہلے تین روز تک حافظ صاحب ویدک دھرم پر دل کھول کر اعتراض کرلیں اور پنڈت جی جواب دیں۔ بعدہٗ تین روز تک پنڈت جی عیسائیت پر اعتراض کریں اور پادریصاحب جوابدیں۔ پہلے ہی روز پادریصاحب نے مسئلہ تناسخ پر اعتراضات کئے۔ اور پنڈت جی نے معقولیت سے جوابدیئے۔ دوسرے روز بھی تناسخ ہی پر بحث رہی۔ تیسرے روز ویدوں کے الہامی ہونے پر پادری صاحب نے اعتراضات کئے جن کے نہایت ہی معقول جوابات دیئے گئے۔ چوتھے روز پنڈت جی کی اعتراض کی باری آئی اور آپنے بائبل کے الہامی ہونے پر ۲۵ ایسے زبردست و عالمانہ اعتراضات کئے کہ پادری صاحب چکرا گئے اور میدان مناظرہ سے بھاگنے کے لئے بہانہ ڈھونڈنے لگے۔ جواب ایک سوال تک کا نہ دے سکے اور آخر میں کہدیا کہ بائبل کو کلام الٰہی ماننا چونکہ عیسائیت کے اصولوں میں شامل نہیں ہے اس لئے کل آپ ہمارے اصولوں پر اعتراض کریں۔ خیر اگلا روز آیا اور پنڈت جی نے مسیح کے ابن اللہ ہونے پر دس اعتراض کئے لیکن جب پادری صاحب پنجاہ دس کے ایک سوال کا بھی اعتراض نہ دے سکے تو پندرہ اور سوال کئے کہ ان میں سے کسی کا جواب دو۔ اس روز آخر میں پادری صاحب نے کہدیا کہ میں مسیح کو بحیثیت انسان خدا کا بیٹا نہیں مانتا بلکہ روحانی تعلق کی وجہ سے ایسا مانتا ہوں آخر جب تیسرا روز آیا تو پادری صاحب کو بالکل ہی تاب مباحثہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نہ رہی اور وہ دوران مباحثہ ہی میں پنڈت جی کے اعتراضات سے تنگ آکر بھاگ نکلے۔ اس مباحثہ میں ہر روز سامعین کا اتنا ہجوم ہوتا رہا کہ سماج مندر کے احاطہ میں تل رکھنے تک کو جگہ نہ ملتی تھی اور چونکہ حافظ احمد مسیح صاحب دہلوی مسیحی دنیا میں ایک لاثانی عالم سمجھے جاتے تھے اس لئے مباحثہ میں ہر روز کئی ایک انگریز صاحبان بھی مباحثہ سننے کے لئے تشریف لاتے تھے اس مباحثہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگلے ہی روز ایک عیسائی واعظ آریہ سماج میں آکر شدھ ہوا اور ایک نے شدھی کے لئے درخواست دی۔ یہ مباحثہ مفصل طور پر اخبار "مسافر" میں نکل چکا ہے۔

نوٹ۔ ممکن ہے اس کے علاوہ اور جگہ بھی کہیں شاستراارتھ یا مباحثہ ہوئے ہوں مگر ہمارے پاس اطلاع نہ پہنچنے کی وجہ سے درج نہ ہو سکے۔

آریہ سماجک پُرشوں اور استریوں کا پرلوک گمن

سنہ ۱۹۰۷ء میں جن مشہور اور سجن آریہ سماجک پُرشوں اور استریوں کی افسوسناک اور بے وقت جس قدر اموات واقعہ ہوئیں ان کے جیون اور موت کا مختصر بر تانت ذیل میں درج کیا جاتا ہے

لالہ سومناتھ جی روپڑ نواسی کا پرلوک گمن

۲۶ جولائی سنہ ۱۹۰۷ء

پرماتما کے بھگت نیچ سے نیچ مانوستان کو بھی جس نے اپنے گلے سے لگا کر دھرم شیکشا دینے کی چیشٹا کی سدآچاری کی مثالوں کو اپنے عمل میں لاکر جس نے اوروں کی سدآچاری بننے کے لئے اُتساہت کیا وہ لالہ سومناتھ جی روپڑ نواسی ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۰۷ء کو پرلوک باسی ہو گئے۔ سرو سادھارن جن رہتیوں کو بڑی نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے ان کو اپنی چھاتی سے لگا کر اپنا بھائی بنا کر مرحوم ساتھ نے جو تکلیف اُٹھائی وہ ناظرین سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اگرچہ کچھ ایام تک آپ پر ایک حملے ہوتے رہے مگر آخر کار حملہ کرنے والوں کو آپ کے وشال ہردے کی تعریف ہی کرنی پڑی پورانی یا قرآنی روپ ریکھا کے تقریباً سبھی آدمی آپ کے پردیپکار کو دیکھ کر تعریف ہی کرنے لگے۔ آپ گو دھنی بہت نہ تھے مگر پھر بھی آپ کا زیادہ تر دھن آریہ دھرم کے پرچار ہی میں خرچ ہوا کرتا تھا آپ نے جالندھر میں اگر ایک سال کنیا مہاودیالیہ کا انتظام بنا تنخواہ ہی کیا۔ آپ کو بستر مرگ پر بھی آریہ دھرم پرچار کا ہی خیال لگا ہوا تھا۔ آپ کی عمر کچھ زیادہ بھی نہیں تھی صرف ۳۶ سال میں ہی اس قدر کام کیا تھا۔ پرماتما ان کے ضعیف پتا ماتا اُن کی دھرم پتنی اور اُن کے بچوں کو شانتی پردان کریں

پنڈت دامودر پرشاد جی شرما کا پرلوک گمن

جولائی سنہ ۱۹۰۷ء

پنڈت دامودر پرشاد جی مشہور و معروف شرجان پنڈت رودروت جی ایڈیٹر آریہ متر آگرہ کے چھوٹے بھائی تھے جن دنوں پنڈت امبکادت جی ویاس علاقہ بہار میں آریہ سماجوں کے برخلاف دیا کھیان دے رہے تھے اُن دنوں آپ ٹی این جوبلی کالج بھاگل پور میں سنسکرت کے پروفیسر تھے پنڈت رودروت جی سمیت آپنے پورانکوں سے تحریری اور تقریری شاستراارتھ کر کے علاقہ بہار کے آریہ سماجوں کی امداد کی تھی۔ کلکتہ سے جو "وِنچ" نام کا ماہواری رسالہ شائع ہوتا تھا اس میں مذاق کے بہانہ آپنے اینک پورانک سدھانتوں کا کھنڈن کیا تھا۔ آپ بہت روز تک ریاست سورج پور کے پردھان پنڈت رہے۔ کچھ دنوں سے آپ اپنی جنم بھومی دھام پور ضلع بجنور میں رہنے لگے تھے آپ کی جسمانی حالت عرصہ سے خراب تھی۔ جولائی سنہ ۱۹۰۷ء میں آپنے پران تیاگ کئے۔

ماسٹر کنہیا لال جی گھوگھڑی پور نواسی کا پرلوک گمن

۲ جون سنہ ۱۹۰۷ء

موضع گھوگھڑی پور میں ۲ جون سنہ ۱۹۰۷ء کو ہوا۔ آپ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کرنال سماج کے پرشٹھت سبھاسد تھے۔ آپ آریہ سماج کے پرانے اور یوگیہ ہتیشی تھے۔ علاقہ کرنال کی سماجوں کے سالانہ جلسوں پر اکثر شامل ہوا کرتے تھے اور اپنے منوہر اور زبردست لیکچروں سے لوگوں کو آریہ دھرم کی طرف آکرشت کیا کرتے تھے آپ کی اوستھا پچاس سال کی تھی۔

لالہ کرپارام جی ساہنی راولپنڈی نواسی کا پرلوک گمن

نومبر سنہ ۱۹۰۷ء

لالہ کرپارام جی ساہنی آریہ سماج کے مشہور دانی ہتیشی اور شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کے ٹرسٹی۔ راولپنڈی کے رئیس اور پنجاب کے مشہور ساہنی خاندان کے معزز رکن تھے۔ آپنے ہزاروں روپیہ آریہ سماج انسٹی ٹیوشنوں اور ویدک دھرم پرچار کے لئے دقتاً فوقتاً دان دیا آپ کی موت آریہ سماج میں ایک ایسا خلا پیدا افسوس واقعہ ہے کہ مدتوں بھلایا نہیں جا سکتا۔ کیونکہ ان کا بدل ویسے ہی نایاب ہے جیسے کہ دیگر مرحوم آریہ سماج کے لیڈروں کا ثابت ہوا ہے آپ کی اودارتا کے بارے میں ستیہ دھرم پرچارک کی اس شہادت سے زیادہ کہنا عبث ہے کہ انکی تھیلی کا منہ آریہ سماج کے کاموں کے لئے بالخصوص ہر وقت کھلا رہتا تھا۔

ایک ودوشی کماری کی مرتیو:۔

۲۵ جنوری سنہ ۱۹۰۸ء

شریمتی منوہر دیوی دختر شریمان بابو گوراند تال جی لاہور نواسی جو کہ شاستر دیا میں پٹن لاہور کے پرسدھ وکیل ہیں کا دیہانت ۱۳ سال کی عمر میں ہو گیا۔ رشی دیاس کرت اور منوسمرتی وغیرہ پستکیں عموماً پڑھی ہوئی تھیں اور کئی دیدمنتر معہ ارتھ دیوی کو کنٹھ تھے۔ اس کی ودوتا دیکھ کر پنڈت لوگ حیران رہ جایا کرتے تھے۔ اور عموماً شریمتی جی کو پنڈتا کہکر پکارا کرتے تھے۔ ان کی منگنی ڈاکٹر بھاندتی کے بھائی کے لڑکے سے ہوئی تھی۔ جہانکہ واقعی ایک آریہ گرہ میں ورش کر کے دیوتا اور دیویاں اتپن کرنی تھیں۔ شریمتی جی کی ایسی بیوقت موت پر عموماً استری جاتی کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ جن دنوں شریمتی جی کا دیہانت ہوا وہ عین شادی کے دن تھے ؎

پھول کھلنے بھی نہ پایا پھول خود کملا گیا
بیاہ سے پہلے ہی پہلے موت کا دن آگیا

ایک دیوی کا پرلوک گمن

۱۱ مئی سنہ ۱۹۰۷ء

پنڈت لکشمن داس جی سب اوورسیر کے نام سے عام طور پر آریہ بھائی واقف ہوں گے اور گورو کل کے پریمی تو انہیں خاص طور پر جانتے ہونگے کیونکہ گورو کل ہردوار کے "دس لاکھ مستقل فنڈ" کی اعلیٰ تجویز انہیں کے عالی دماغ سے نکلی تھی اور انہیں کے نام سے اس کا آرنبھ بھی ہوا ہے۔ ۷ رمئی سنہ ۱۹۰۷ء کو آپ کے ہاں ایک پتری کا جنم ہوا اور ان کی دھرم پتنی کو چیچک نکل آئی ۱۱ رمئی کو علی الصباح ۴ بجے دیوی نے اپنے سیوگیہ اور دھارمک پتی سے مفصل ذیل شبد کہے کہ تمہارا من معلوم ہوتا ہے کہ شاید میں زندہ نہ رہوں پر ہمنما آپ کو تندرست رکھے لڑکے اور لڑکیوں کو آریہ پتروں کی طرح پالیں اور ودوان اور ودشی بنا دیں جس سے مجھے شانتی ہو۔ مبلغ ۲۰ عدد گورو کل کو دان بھیجیں اور ایک گائے کسی براہمن کو دیدیں"۔ چنانچہ ۸ بجے دیوی نے پران تیاگ کئے۔ اس پتی ورتا اور وردھ بشواسنی دیوی نے اپنے دھرم بھاؤ سے اپنے آس پاس کے رہنے والوں کو کرتارتھ کر رکھا تھا۔

شریمتی درو پدی دیوی جی کا پرلوک گمن

۲۹ مارچ سنہ ۱۹۰۷ء

یہ دیوی شریمان بابو بھگت رام جی سب ڈویژنل آفسر جالندھر کی دھرم پتنی تھی لڑکا پیدا ہونیکے بعد ۵ ماہ بیمار رہکر ان کا دیہانت ہو گیا۔ ان کی عمر ۲۸ سال کی تھی ان کی ۳ لڑکیاں اور ایک لڑکا ہے۔ گو ان کا جنم ناخواندہ اور کٹر سناتنی گھر میں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوا تھا۔ تاہم دھرم کی طرف اُن کی خاص رُچی تھی اور سوامی جی کی تصنیفات کے مطالعہ کرنیکا بڑا شوق تھا ۳ سال کے مطالعہ کے بعد وہ بھاشہ اچھی طرح لکھ پڑھ سکتی تھی اور سنہ ۱۹۰۱ء سے رگوید آدی بھاشیہ بھومکا اور ستیارتھ پرکاش برابر پڑھنا شروع کر دیا تھا۔ آپ استری شیکشا کی بڑی حامی تھیں اور بھارت ورش کے بہت سے ناگری اخبار منگایا کرتی تھیں۔ پنچ مہایگیہ ودھی کے مطابق روزانہ فرائض کی بڑی پابند تھیں اور سوائے ایام بیماری کے روزانہ ہون کرنے میں کبھی ناغہ نہ کی۔ آپ کو شردھا آریہ پتی نہ ہی سبھا پنجاب سے خاص اُنس تھا۔ گو خود اپنے پتی کے ساتھ ممالک متحدہ میں رہتی تھیں مگر لاہور اور جالندھر کے مشہور سالانہ جلسوں میں ہمیشہ شامل ہوا کرتی تھیں۔ سکندر آباد میں رہتے ہوئے گورو کل کے جلسے میں ہمیشہ شریک ہوا کرتی تھیں ان انسٹی ٹیوشنوں کی دھن سے امداد کرتی تھیں اس سال بھی اس قدر دور رہتے ہوئے کنیا مہا ودیالیہ اور گورو کل کے جلسوں میں شریک ہونیکی بڑی خواہش رکھتی تھیں مگر افسوس کہ موت نے اُن کی اس خواہش کو پورا نہ ہونے دیا۔ آپ بڑی مستقل مزاج اور استری شیکشا کی چُپ چاپ کام کرنے والی تھیں اور سنہ ۱۹۰۲ء سے اپنی سنتان کے کل سنسکار کرنے میں کوتاہی نہ کی۔ ۱۷ مارچ کو حالانکہ آپ میں اپنے سہارے بیٹھنے کی ذرا سی بھی طاقت نہ تھی مگر پھر بھی اپنے پتر کا شنکر من سنسکار کیا۔ انکی دو کنیائیں کنیا مہا ودیالیہ جالندھر میں تعلیم پاتی ہیں۔ مرتے سنسکار پورن ویدک رتی سے کیا گیا اور مفصلہ ذیل دان ملا۔

(۱) مبلغ ۵۰ کنیا مہا ودیالیہ جالندھر۔ (۲) کنیا مہا ودیالیہ کی کسی یوگیہ یا اناتھ کنیا کو ایک سال تک ۵ روپیہ ماہوار وظیفہ۔

آپکی بیوقت موت سے کنیا مہا ودیالیہ اور آریہ سماج کو بڑا صدمہ پہنچا۔

آریہ ناماولی

کاوں ورنوں کے سنسکرت کے شُدھ اور بامعنی ناموں کی کوئی فہرست یکجا نہ ملنے کی وجہ سے اکثر والدین کو اپنے بچوں کے نام رکھتے وقت نہایت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اور اکثر دفعہ ایسے خراب اور بھدے نام رکھ لیا کرتے تھے جن کی وجہ سے بڑا ہونے پر اُن کو ہر وقت شرمندہ ہونا پڑتا تھا اس وقت کو محسوس کر کے سماج ہذا نے ڈیڑھ ہزار (۱۵۰۰) سنسکرت کی عمدہ سندر اور سارتھک ناموں کی ایک ناماولی نہایت محنت اور تلاش سے تیار کرائی ہے جس میں چاروں ورنوں کے پُرش اور استریوں کے نام ردیف وار درج ہیں۔ بچوں کے سندر اور شُدھ اور بامعنی نام رکھنے کے لئے ایسا نادر مجموعہ اور کسی جگہ دستیاب نہیں ہو سکتا۔ یہ نامولی آریہ جنتری سنہ ۱۹۰۶ء میں درج کی گئی تھی جسکی کچھ جلدیں باقی ہیں۔

قیمت فی جلد ۱ر ۰ر ۰ سمہ اور ناگری ۴ر ۰ر ۰

ملنے کا پتہ

رشوکل گپت ایڈیٹر و مینجر آریہ جنتری کرنال

پاسُدیو آریہ پُستکالیہ۔ دھامپور

واضح ہو کہ آریہ دھرم کے متعلق تمام کتابیں عموماً اردو اور سب بھجنوں کی نئی نئی پستکیں خصوصاً نہایت قلیل قیمت پر ہمارے ہاں سے ملتی ہیں۔ کیونکہ یہ پستکالیہ محض اس غرض سے کھولا گیا ہے کہ کل بھجن پستکیں بآسانی ایک ہی جگہ سے مل سکیں۔ اس لئے آریہ بھجنوں کے پریمیوں کو لازم ہے کہ ہمارے پاس سے بھجن پستکیں منگا دیں۔ ہمارے تصنیف کردہ نئے پرانے بھجن سب یہاں سے مل سکتے ہیں اور بھی کئی طرز کے بھجن چھپ رہے ہیں اور چھپ رہے ہیں۔ تھوک فروشوں کو مناسب کمیشن بھی دیا جاتا ہے۔ خط و کتابت مفصلہ ذیل پتہ سے کیجئے۔

المشتہر۔ باسُدیو شرما۔

پستک ملنے کا پتہ ۔ نیا در وت شرما۔ مینجر باسُدیو آریہ پستکالیہ دھام پور۔ (بجنور)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ماتا کی خوشنودی

سُکھ سنچارک کمپنی متھرا کا "سُدھا سندھو" اب اس قدر مشہور ہو گیا ہے کہ بڑے بڑے آدمی تو درکنار مستورات بھی اس دوا کو گھر کا ضروری سامان سمجھ کر رکھتی ہیں۔ اور بچوں کو ذرا سی شکایت محسوس ہونے سے پیشتر استعمال میں لاتی ہیں۔ کیونکہ اس دوا سے کف۔ کھانسی۔ جاڑے کا بخار ہیضہ۔ درد دست۔ بدہضمی یا پیچش کے دست۔ قے ہونا۔ جی متلانا۔ رات کو نیند نہ آنا۔ چھوٹے بچوں کو ہرے پیلے دست آنا۔ دودھ نکال ڈالنا اور بار بار رونا وغیرہ وغیرہ بیماریوں کو شرطیہ دور کرنے کے لئے ۱۵ برس سے مشہور ہو رہی ہے۔ ہندوستان کے سبھی علاقوں میں ۳۰۰ سے زیادہ اس کے ایجنٹ ہیں۔ مشہور دوا فروش پنساری وعطاروں کے ہاں بھی ملتی ہے۔ پینے میں میٹھی اور ذائقہ دار ہے جس سے بچے بھی بخوشی پی لیتے ہیں۔ ایسی نادر اور مفید دوا کی قیمت عوام کے فوائد کی غرض سے صرف ۸ر فی شیشی مقرر کی گئی ہے۔ نصف درجن کے خریداروں کو ایک شیشی مفت اور ایک درجن لینے سے ۵ روپیہ میں ملیں گی۔ محصول ڈاک ایک شیشی ۲ر۔ ۲ شیشی کا ۳ر۔ مفصل کیفیت دریافت کرنے کے لئے ۱۲۵ تصاویر کی فہرست کارڈ ارسال کرنے پر مفت ارسال کی جاتی ہے۔

سرٹیفکٹ

شریمان راجہ اندرجیت پرتاب بہادر شاہ جی ساکن تمکوہی ضلع گورکھپور تحریر فرماتے ہیں کہ "مہاشے۔ آپکا ایک درجن سدھا سندھو پہنچا جو آپ نے بھیجا تھا یہ دوا بہت فائدہ مند ہے۔ بخار اور پیٹ کے روگوں میں تو بہت ہی فائدہ مند اور بہت روگوں میں بھی ویسا ہی فائدہ کرتا ہے۔

علاوہ ازیں اور بھی ہزاروں سرٹیفکٹ ہیں۔

دوا منگانیکا پتہ

المشتہر

کشیترپال ورما مالک سُکھ سنچارک کمپنی متھرا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حصہ سیوم

حالات علمی و اخلاقی انسٹی ٹیوشن ہائے بھارت ورش

(۱) ناگری پرچارنی سبھا کاشی

یہ سبھا کاشی (بنارس) میں ۱۶ جولائی سنہ ۱۸۹۳ء سے ناگری بھاشہ پرچار کے غرض سے قایم ہے جس میں کئی ممبر ایسے بہت سے ذی رتبہ تعلیم یافتہ اور ساہوکار وغیرہ شامل ہیں

ممبران سال گذشتہ میں تعداد ممبران سبھا ۱۰۷ تھی سال سنہ ۱۹۰۷ء میں تعداد ممبران ۱۲۸۱ اور سہایکان ۱۰۷ تھے۔ اس سال ۱۷ ممبران کا انتقال ہو گیا جن میں کئی ایک تو ہندی کے بڑے سہایک اور مصنف تھے اور ان کی جگہ پوری ہوتی دکھائی نہیں دیتی۔ مثلاً بابو رادھا کرشن داس۔ بابو رام کرشن ورما منشی اودت نارائن لال۔ ڈاکٹر شری کرشن ورمن۔ پنڈت کالی شنکر ویاس وغیرہ وغیرہ۔ ان میں سے سبھا نے بابو رادھا کرشن داس کی یادگار بھی قایم کرنیکی کوشش کی ہے گو ابھی تک یہ فیصلہ نہیں ہوا کہ یادگار کس قسم کی ہو گی تاہم خیال ہے کہ یادگار اس قسم کی قایم کی جاوے جس سے ہندی کے پریمیوں اور مصنفوں اور ہندی بھاشہ کو فایدہ پہونچے اس فنڈ میں بمبلغ مارکہ ۲۸۶ جمع ہو چکے ہیں۔

عہدہ داران حسب معمول ۲۸ شری مان پنڈت سدھاکر دویدی جی سبھاپتی۔ بابو جگل کشور جی منتری اور مہاراجہ سیندھیا والے گوالیار اور مہاراجہ صاحب والے ریوان کشک ہوئے سبھا کے کام کا مختصر بیان حسب ذیل ہے۔

(۱) سنہ ۱۹۰۲ء و سنہ ۱۹۰۴ء کی رپورٹیں اس سال شایع ہو گئی ہیں۔

بابو شیام سندر داس کی تجویز کو سبھا نے منظور فرما کر گورنمنٹ میں غور کے لیے بھیجا اور وہ منظور ہو گئی ہے یعنی "ہر سال ایک مختصر رپورٹ لکھی جایا کرے اور ایک علاقہ کی کھوج ختم ہونے پر وہاں کی مفصل رپورٹ شایع کی جاوے لیکن اگر کسی علاقہ میں تین سال تک کام ختم نہ ہو تو رپورٹ تیسرے سال خود شایع کی جاوے" اس کے مطابق سنہ ۱۹۰۲ء کی رپورٹ مختصر لکھی گئی ہے۔

اس سال بندھیل کھنڈ میں ۲۵۰ ہندی کی پرانی دستی لکھی ہوئی کتابوں کی جانچ کی گئی ہے جن میں سے ۱۲۶ مصنفوں کی بنائی ہوئی تھیں جنکا زمانہ حسب ذیل ہے

۱۵ ویں صدی	۱۶ ویں صدی	۱۷ ویں صدی
۲	۹	۳۰

۱۸ ویں صدی	۱۹ ویں صدی	نامعلوم زمانہ کی
۲۲	۳۹	۴۴

۲۹ گرنتھوں کے مصنفوں کا پتہ نہ لگ سکا۔

اس سال کی پڑتال میں بے شمار نئے گرنتھوں اور شاعروں کا پتہ لگا ہے۔

(۱) بندھیلکھنڈ میں ناتھ سمپردائے کا بڑا زور ہے۔ اس کے بانی سوامی پران ناتھ سنہ ۱۷۱۸ء میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۷۱۴ء میں مرے۔ اس سمپردائے میں ذات پات اور دھرم بھید نہیں مانا جاتا۔ ان کی دو شاخیں ہیں جو لوگ ذات پات کے شادی بیاہ کرتے ہیں اور سوامی پران ناتھ کے چیلے ہیں ان کو پرنامی کہتے ہیں لیکن جو اپنے گرو کے سدھانتوں کو تو مانتے ہیں۔ مگر برشتہ شادی وغیرہ اپنے طریقہ پر ہی کرتے ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

وہ دھامی کہلاتے ہیں۔ سوامی پران ناتھ کا سب سے مشہور گرنتھ "کل جم سورودپ" ہے جس کی پوجا کی جاتی ہے اس سال ان کے دو گرنتھوں کا پتہ لگا "بیس گرہو نکا کیرتن" اور "پرگٹ بانی"۔

(۲) کبیر داس اور ان کے چیلے دھرم داس کے کئی گرنتھوں کا پتہ لگا۔ کبیر داس کی ایک چھتری سنہ ۱۲ء کی بنی ہوئی ضلع بستی میں موجود ہے جس سے ان کی موت کا پتہ لگتا ہے۔

دو سال ہوئے گورنمنٹ ہند سے خط و کتابت کر کے بنگال کی ایشیاٹک سوسائٹی نے ہندی کی قدیم اتہاسک گرنتھوں کی کھوج کا کام جاری کرایا تھا اور ۲۴۰۰ روپیہ اس غرض کے لئے منظور بھی فرمایا تھا۔ یہ کام پیجر ہیڈ پنڈت کے سپرد کیا گیا تھا۔ سبھا نے یہ کام بھی اپنے ہاتھ میں لینے کے لئے گورنمنٹ سے درخواست کی تھی مگر گورنمنٹ نے سبھا ہذا کی خدمات کی تعریف کر کے یہ درخواست نامنظور کر دی ہے۔ بدیں وجہ کہ یہ کام پہلے ایشیاٹک سوسائٹی کے سپرد کیا جا چکا ہے۔

(۲) اس سال گرنتھ مالا کے چار نمبر شایع ہوئے۔ پتر کا بھی چار دفعہ شایع ہوا۔ پرتھوی راج راسو کے ۳ نمبر شایع ہوئے۔ اور سارا لش سرمد بھی چھپنے لگ گیا ہے۔

وِنتا ولی کا ترجمہ بزبان بنگالی چھپ رہا ہے۔

(۳) سرکاری مدارس کے طلباء کو ہندی خوش خطی کے امتحان پر سبھا کی طرف سے ۶ روپیہ انعام اور ۱۵ سرٹیفکیٹ عطا کئے گئے۔ ریاست گوالیار کے سکولوں میں بھی ۶ روپیہ انعام نقد اور ۲۰ سرٹیفکیٹ دئے گئے کئی معاشیوں نے مختلف مضامین پر تمغے عطا فرمانیکا وعدہ کیا ہے۔

(۴) سنہ ۱۹۰۵ء سے سبھا بھون میں مختلف مضامین پر لائق تعلیم یافتہ صاحبان کے ذریعہ لیکچر دلانے کا سلسلہ قایم کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی جس کے انتظام سے اس سال مختلف مضامین پر ۴ لیکچر ہوئے جو اپنی ڈھنگ کے نرالے تھے۔

(۵) ممالک متحدہ میں ناگری کا پرچار کم ہوا جس کی وجہ حکام کی لاپرواہی اور سستی ہے۔

عدالت ہاء کے عملوں کی مخالفت بھی ہوتی رہی جس کو سبھا حتی المقدور دور کرتی رہی۔ چنانچہ رائے بہادر لالہ نہال چند کی معرفت کونسل میں سوال بھی پیش ہوا تھا کہ "کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ کبھی کبھی دیوناگری میں تحریر شدہ عرضی دعوی بوجہ اردو میں نہ لکھے جانے کے دیوانی عدالتوں میں نہیں لئے جاتے۔ مثلاً منصف صاحب کی عدالت میں سنہ ۱۹۰۵ء کے عرضی دعوی ع ۶۳۶۳۳۵ لالہ شیو پرشاد بنام بہادر مچھار واہم جن کے نامنظور ہونے کی ایک وجہ ان کا دیوناگری میں لکھا ہونا بھی تھی۔

(۲) کیا گورنمنٹ اجازت دیگی کہ آئندہ کوئی عرضی دعوی محض دیوناگری حروف میں لکھا ہونے کی بنا پر نامنظور نہ کیا جاوے" اس پر گورنمنٹ کی طرف سے یہ جواب ملا کہ منصف صاحب نے عرضی دعوی کو اس لئے واپس کر دیا کہ اردو میں لکھا جاوے۔ یہ اس مضمون کے صاف حکم کو ان کے نہ سمجھنے کی وجہ سے ہوا۔ ہائی کورٹ کے ذریعہ ان کو حکم دیا گیا ہے کہ آئندہ دیوناگری میں لکھے ہوئے عرضی دعوی ضرور قبول کریں۔ دیکھو گورنمنٹ گزٹ الہ آباد ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۰۸ء

اس سال سبھا نے ناگری جاننے والے محرروں کے ملنے کی آسانی کے لئے اور ناگری جاننے والوں کو نوکری ملنے کی غرض سے ایک رجسٹر کھولا ہے جس میں نوکری چاہنے والوں کا نام لکھ لیا جاتا ہے اور مانگ آنے پر ان کو اطلاع دیدی جاتی ہے۔

(۷) پستکالیہ میں اس سال ۵۰۳ پستکیں ایزاد کرنے کے بعد کل ۱۵۳۴ کتب ہندی کی ہو گئی ہیں۔ ان کے علاوہ ۲۳۹ کتابیں انگریزی کی موجود ہیں۔ سبھا میں ۲۰ اخبار و رسالہ جات مختلف زبانوں کے آتے رہے جنکو دیکھنے کی عام اجازت ہے۔ پستکالیہ سالہا میں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۳۳۰ دن کھلا رہا اور ۳۰۳۲ - اصحاب اخبار اور کتب پڑھنے تشریف لاتے رہے - تعداد ممبران ۱۰۷ ہے - (۷) سال مذکور میں آمدنی ۷۸۲۴ روپیہ ۲ پائی اور خرچ ۸۷۵۵ روپیہ ۱۹ ہوا - اب سبھا ہذا کو مبلغ ۷ ہزار روپیہ قرض دینا باقی ہے - جس کی امید ہے کہ سبھا کے پریمی جن جلد بیباق کرنے کی کوشش کریں گے -

(الوٹ) اجمیر میں بھی ایک ناگری پرچارنی سبھا ہے جسکا نام "منالال ناگری پرچارنی سبھا ہے" مفصلہ حالات موصول نہ ہونیکی وجہ سے درج نہ ہو سکے -

(۲) ایک لیپی وستار پریشد - کلکتہ

یہ کلکتہ میں اس غرض سے قایم ہوئی ہے کہ تمام بھارت ورش میں ناگری کے ایک ہی قسم کے حروف تحریر میں استعمال کئے جاویں جسکی پورتی کے لئے ایک ماہواری رسالہ "دیوناگر" نکلتا ہے جس میں ہندوستان کے مختلف حصوں کی زبان کے حروف ناگری بھاشا میں لکھے جاتے ہیں سالانہ چندہ ۳ روپیہ ہے - مندرجہ ذیل اس سبھا کے عہدہ دار ہیں -

پردھان - مہامہوپادھیائے شریمان پنڈت چندر کانت ترکالنکار (سابق ادھیاپک گورنمنٹ کالج کلکتہ)

اوپ پردھان - ڈاکٹر - ای - ڈی - راس - اسسٹنٹ سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا (۲) مولوی محمد یوسف خاں بہادر ایم - اے - بی - ایل - ہائی کورٹ - (۳) راجہ گوپیندر کرشن دیو بہادر ایم - اے - بی - ایل (۴) بابو رامانگر نارائن سنگھ - (۵) مسٹر آر ڈی - مہتہ سی آئی ای

منتری - شریمان آنریبل جسٹس سارداچرن متر ایم - اے - بی - ایل - پی - آر - ایس نج ہائی کورٹ کلکتہ

سہکاری منتری (۱) پنڈت رماولبھ مصر ایم اے سیکرٹری بورڈ آف ریونیو بنگال - (۲) پنڈت سومناتھ چھڑ کھنڈی بی - اے ٹرانسلیٹر بنگال گورنمنٹ،

دھن رکشک - بابو گیانی رام ہلوداسیا سکرٹری مارواڑی ایسوسی ایشن کلکتہ -

اڈیٹر - بابو پھول چند چودھری -

(۳) گندھروہا ودیالیہ - لاہور

یہ مہاودیالیہ ۵ رمئی ۱۹۰۱ء سے پنڈت وشنو دگامبر گاٹن آچاریہ کی کوشش اور اہتمام سے پراچین طریقہ پر گاٹن ودیا کی تعلیم دینے کے لئے قایم ہے (مفصل حالات موصول نہیں ہوئے)

شری کور وکشیتر گوشالا کرنال

یہ گوشالا ۱۳-۱۴ سال سے قایم ہے مگر باقاعدہ اور باضابطہ کام ۵ رجنوری ۱۹۰۲ء سے شروع ہوا ہے - موجودہ کمیٹی انتظامیہ کی کوشش سے جنوری ۱۹۰۲ء سے دسمبر ۱۹۰۶ء تک ۱۰-۱۲ ہزار روپیہ کی جائداد اور نقد بعد منہائی اخراجات جمع ہو گیا ہے دسمبر ۱۹۰۶ء میں بموقعہ سالانہ جلسہ مبلغ ۱½ ہزار روپیہ کے قریب نقد چندہ جمع ہوا - اور جنوری ۱۹۰۷ء بموقعہ میلہ سوج گرہن تھانیسر مبلغ ۲ ہزار روپیہ چندہ جمع ہوا - اس وقت اس گوشالا میں ۱۵۰ مویشی (بیل - گائے - بچھڑے بچھڑی اور سانڈ) ہیں - ماہواری آمدنی ۱۵۰ روپیہ اور خرچ سارے روپیہ ہے - جو مستقل فنڈ میں سے خرچ کیا جاتا ہے اگر امراء - رؤسا - اہلکاران و جاگیرداران علاقہ کرنال و پیروجات اس پوتر کام کی طرف توجہ دیکر امداد فرماویں تو اس کام کا پورا ہو جانا کچھ بڑی بات نہیں ہے - اس سبھا کی باضابطہ رجسٹری ہو چکی ہے - پریزیڈنٹ لالہ اجودھیا پرشاد رئیس و ایس پریزیڈنٹ میونسپل کمیٹی کرنال - اور سکرٹری دیوان جگن ناتھ صاحب مختار ہیں -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نقشہ تعداد بیوگان ہندوستان بموجب مردم شماری ۱۹۰۱ء

اس مردم شماری کے بموجب کل ہندوستان میں ہندو بیوگان کی کل تعداد ۱۹۷۳۸۴۶۸ ہے جس میں سے ۳۲۱۴۷ ایسی بیوہ ہیں جن کی عمر ۱۵ سال سے کم ہے اور ۱۵۶۹۶ بیوہ ایسی ہیں جن کی عمر ایک اور پانچ سال کے درمیان ہے اور ۸۵۹ بیوہ کم از کم ایک سال عمر کی ہیں جن کی مفصل تعداد صوبہ وار حسب ذیل ہے:-

رپورٹ ہذا مردم شماری سے یہ بھی پایا جاتا ہے کہ ہندوستان میں ہندو بیوگان کی تعداد ہر سال بڑھتی جاتی ہے۔ اور ہندوؤں کی آبادی اسی نسبت سے کم ہوتی جاتی ہے۔ چنانچہ حساب کی رو سے پایا گیا ہے کہ دس سال میں ہندوؤں کی تعداد دس لاکھ کم ہوگئی۔ اور مسلمانوں اور عیسائیوں کی تعداد دس فیصدی سے بھی زیادہ بڑھ گئی ہے ۱۸۹۱ء کی نسبت ۱۹۰۱ء کی مردم شماری میں ہندوؤں کی مردم شماری میں ۷۴۴۷۰۳۶ مردمان کی کمی واقع ہوئی۔ اب کل تعداد ہندوؤں کی ۲۰۷۰۷۵۲۷۷ ہے اس حساب کے بموجب ۳۴۳۱ سال میں ہندو قوم کا خاتمہ ہو جائیگا۔

عمر	تعداد بیوگان تمام مذاہب بھارت و برہما	تعداد ہندو بیوگان بھارت ورش	بنگال	بمبئی	مدراس	پنجاب	ممالک متوسط آگرہ	ممالک متوسط
کم از کم ۱ سال	۱۰۶۴	۸۵۹	۴۲۶	۹۲	۱۵	۳	۱۳۱	۹
۱ تا ۲ "	۱۲۱۷	۱۰۳۹	۵۷۳	۸۱	۴۳	۰۰	۱۷۵	۱۹
۲ " ۳ "	۲۲۷۱	۱۸۸۶	۷۴۰	۱۵۱	۵۹	۱	۲۶۲	۲۷
۳ " ۴ "	۴۵۱۳	۳۷۳۲	۱۷۳۲	۵	۱۵۷	۲	۴۵۰	۵۴
۴ " ۵ "	۱۰۴۲۲	۸۱۸۰	۳۷۵۵	۶۰۵	۳۶۲	۱۴	۷۷۵	۱۷۸
میزان ۵ سال سے نیچے	۱۹۴۸۷	۱۵۶۹۶	۷۱۲۶	۱۲۴۷	۶۱۶	۲۰	۱۱۸۳	۲۸۷
۵ تا ۱۰ سال	۹۵۷۹۸	۷۸۴۰۷	۳۴۰۵۲	۷۳۴۸	۳۷۳۲	۴۶۲	۹۰۴۱	۲۳۸۴
۱۰ " ۱۵ "	۲۷۵۷۰۲	۲۲۷۳۶۷	۷۳۵۶۴	۲۷۶۸۲	۱۸۰۱۵	۲۴۴۹	۲۵۸۷۱	۸۳۴۱
۱۵ " ۲۰ "	۷۲۲۸۷۷	۴۱۱۰۹۳	۱۳۷۴۹۴	۳۳۹۱۰	۴۴۵۰۲	۷۴۴۰	۴۴۰۷۵	۱۴۲۰۰
۲۰ " ۲۵ "	۹۳۸۷۵۵	۶۳۲۳۴۵	۲۱۰۳۴۹	۵۱۰۳۶	۱۰۹۵۷۹	۱۵۰۵۰	۹۲۷۰۱	۲۷۳۵۷
۲۵ " ۳۰ "	۱۴۴۶۰۸	۱۱۴۹۳	۳۳۳۱۰۶	۸۱۵۱۳	۱۷۲۷۲۵	۲۴۸۸۳	۱۵۵۸۰۸	۴۳۱۲۴
۳۰ " ۴۰ "	۲۳۵۸۵۲	۱۳۳۷۱۴۱	۹۲۵۰۷۸	۲۴۳۰۷۰	۵۵۷۵۸۹	۸۳۲۴۱	۵۱۱۴۹۰	۱۳۰۹۹۱
۴۰ " ۵۰ "	۲۰۳۴۵۲۴	۴۴۳۷۱۱۴	۱۱۷۷۴۴	۳۲۰۸۸۱	۷۸۱۷۴۷	۱۳۴۴۸۱	۸۱۵۲۳۱	۱۷۹۰۸۰
۵۰ " ۶۰ "	۵۰۴۳۰۸۶	۴۲۸۱۷۱۶	۱۰۲۵۴۳۵	۲۸۹۷۲۳	۷۷۴۹۸	۱۳۲۷۴۲	۸۱۷۰۴۹	۲۵۷۸۴۱
۶۰ سال سے اوپر	۶۵۹۷۸۲۹	۵۸۹۴۳۱۶	۱۳۹۰۲۴۸	۲۹۳۷۰۰	۹۱۷۴۵۷	۱۷۰۳۵۸	۹۵۷۳۰۳	۱۶۷۱۹۹
متفرق	۵۲۷۹	۴۱۲۲	۰	۵۷۵	۰	۰	۳۴۴۴	۰
میزان ۵ سال سے اوپر	۲۵۷۲۴۴۹	۱۹۷۲۷۷۷۳	۵۱۹۷۴۲۲	۱۲۴۹۲۵۷	۴۳۰۹۴۳	۵۷۱۰۰۶	۳۴۳۰۴۰۳	۷۴۱۵۱۷
میزان کل بیوگان	۲۵۸۹۱۹۳۶	۱۹۷۳۸۴۶۸	۵۲۰۴۸۵۲	۱۳۵۰۵۰۲	۴۳۴۱۰۵۹	۵۷۱۰۲۶	۳۴۳۱۷۸۷	۷۴۱۸۰۴
میزان کل بیوگان و متعلقات	۲۵۸۹۱۹۳۶	۱۹۷۳۸۴۶۸	۲۶۰۴۴۹۸۷۴	۷۹۷۷۰۸۷	۱۷۲۷۵۷۷۵	۴۷۵۹۳۴۹	۵۶۹۶۴۷۱۷	۴۱۴۲۹۵

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سرسوتی اندر جیون یعنی مہرشی سوامی
دیانند سرسوتی مہاراج
کی
ہندی سوانح عمری
(جو ابھی تیار ہو رہی ہے)

یہ کتاب جس محنت اور خوبی سے لکھی گئی ہے اسکی کیفیت مطالعہ کتب سے ظاہر ہوگی - بھاشا اسکی سرل اور پرمیشور کوئی وشے چھوڑا نہیں گیا یعنی وہ وشے جو اب تک ناگری کے جیون چرتروں میں نہیں تھے دیئے گئے ہیں - کاغذ اور حروف عمدہ چار سو صفحہ ہونے پر قیمت صرف عہ علاوہ اس کے گرہستھ آشرم - گربھادھان بدھی - دیرینہ کشا ہم جلد کیوں مرتے ہیں - دھرم بلی دان ستیہ نارائن کی کتھا - پتری پرکاش - مترانند نیت شردھن - شانتی ہیبک - بھارتھ شانتی - استری گیان گجرا اناتھ پکار - چمتر شبالا -

نیتی سے استری دھرم - اسمرتی سے استری دھرم وغیرہ کتب ملتی ہیں - تصویر مہاتما منشی رام پنڈت لیکھرام - لالہ ہنس راج پنڈت گورودت ایک ایک -

المشتہر
چمن لال بھدر ویش تلہر ضلع شاہجہانپور

لالہ ہیرا نند جگوان چند ٹھوک
پنساری شہر راولپنڈی
ہندوستان بھر کے ہر ایک گوشے سے ہزاروں معزز اشخاص کے تصدیق کردہ اور سالہا سال کے آزمودہ
عرق عشبہ مرکب ہون سامگری
سگندھت دھوپ اور اپنی دیگر سریع التاثیر اور عجیب الاثر ادویات کے علاوہ کشمیر اور کابل کی پیداوار مثلاً کشمیری پٹی - لوکاٹ - رفل - چارخانہ - دھسہ - شال اور میوہ جات - پشاوری لنگی وغیرہ وغیرہ تمام اشیا تحفہ مال سوغات اسباب پوشش فروٹی اور تمام ضروریات زندگی بھی جو راولپنڈی میں دستیاب ہوتی ہیں بذریعہ پارسل وی پی یا نقد قیمت آنے پر ارسال کرتے ہیں فہرست سندات درخواست پر مفت

نرخ عرق عشبہ مرکب فی بوتل خوراک ۱۲ یوم - عہ
" ہون سامگری فی سیر ۹/
" سگندھت دھوپ فی سیر عہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۹۱

بھارت میڈیکل ہال کرنال

ہر خاص و عام کو واضح ہو کہ ہمارے ہاں سے ہر قسم کی انگریزی ادویات بہت کفایت سے ساتھ مل سکتی ہیں۔ مریضوں کا علاج بڑے غور سے کیا جاتا ہے۔ باہر سے آئے ہوئے مریضوں کے ٹھیرنے کے واسطے خاص انتظام کرنے کی تجویز ہے۔ جس کا کرایہ وغیرہ کچھ نہیں لیا جاویگا صرف ادویات کی قیمت ہی دینی پڑے گی۔ شفایابی پر جو کچھ وہ دینا چاہیں ان کی مرضی پر منحصر ہوگا۔ اگر کوئی صاحب گاؤں میں بلا کر مریض کا ملاحظہ کرانا چاہیں۔ اُن سے مبلغ ۵ روپیہ فیس لی جاتی ہے۔ اور شہر والوں سے ۱۰ روپیہ فیس لی جاتی ہے۔ مفصلہ ذیل ادویات آزمودہ ہیں:-

(۱) عرق برائے دافع قے۔ صرف تین چار بوندوں کے استعمال سے قے رفع ہو جاتی ہے۔ قیمت فی بوتل خوراک ۱۲ یوم ۱ر

(۲) عرق امراض آتشک۔ جس کے استعمال سے تمام آتشک کا زہر بہت تھوڑے عرصہ میں خارج ہو جاتا ہے۔ قیمت فیشیشی ۱ر

(۳) طاقت کی گولیاں۔ جس کا استعمال سے جسم میں طاقت آتی ہے کمزوری جلد رفع ہو جاتی کھانا جلد ہضم ہونے لگ جاتا ہے دست کھل کر آتا ہے قیمت فی بکس ایک درجن گولی ۱ر

(۴) آنکھ کے پھولا کاٹنے کی دوا۔ ایک گولی کو عرق لیموں میں گھس کر آنکھ میں لگانے سے جلد آرام ہو جاتا ہے قیمت فی گولی ۲ر

(۵) داد کی مرہم۔ جس کے استعمال سے داد جڑ سے جاتے ہیں اور جلن نہیں ہوتی۔ قیمت فی ایک اونس ۱۲ر نصف ۶ر

(۶) بھڑ۔ بچھو وغیرہ ہر ایک زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج ہے جس کے لگانے سے درد فوراً رفع ہو جاتا ہے سوزش بالکل نہیں ہوتی۔ قیمت فی شیشی ۱ر

(۷) دانت کا منجن (خوشبودار) جس کے استعمال سے مسوڑھوں سے خون اور منہ سے بدبو آنا بند ہو جاتا ہے دانتوں کی میل صاف ہو جاتی ہے اور منہ سے خوشبو آنے لگ جاتی ہے اور دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی تولہ ۲ر

(۸) آشوب چشم کا علاج۔ آنکھ کے درد اور سرخی کو کالعدم جلد آرام ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۸ر

(۹) جوب دافع مرض پلیگ۔ ایک گولی ہر روز استعمال کرنے سے انسان کے اندر اس قسم کی تبدیلی پیدا کر دیتی ہے کہ جس سے وہ اس نامراد مرض کے خطرہ سے محفوظ رہ سکتا ہے خاص مجرب ہے قیمت برائے استعمال ۱ ماہ ۱ر

(۱۰) روح افزا تیل۔ جس کے استعمال سے دماغی کمزوری دماغ کی تازگی بخشتی ہے دماغ کو مفید ہوشیار رکھتا ہے لہو و اعلیٰ کرنے میں بھی اکسیر کا حکم رکھتا ہے قیمت فیشیشی ۱ر

ڈاکٹر سری رام میڈیکل پریکٹشنر سابق پلیگ میڈیکل آفیسر پٹیالہ۔ بھارت میڈیکل ہال کرنال

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ضروری نوٹس

اُمرت رس

اس کی پوری پوری توضیح کرنا تو انسانی طاقت سے باہر ہے اس کے نام سے ہی ناظرین سمجھ جاویں گے کہ یہ ایک اتی اوتم اوشدھی ہے اور پرماتمانے تمام مرضوں کے شفا کرنے کی طاقت امرت رس میں دی ہے۔ تاہم یہ ظاہر کرنا بھی خالی از فائدہ نہ ہو گا کہ یہ امرت رس اُن تمام مرضوں کو جو شیر خوار بچے سے لے کر صد سالہ آدمی تک کو خواہ مرد ہو یا عورت ہو جاتے ہیں صرف فائدہ ہی نہیں کرتا ہے بلکہ مرض کو دوبارہ پیدا ہونے نہیں دیتا۔ سب سے زیادہ قابل تعریف اور قابل توجہ یہ بات ہے کہ یہ دوائی حلق سے نیچے اترتے ہی اپنا اثر دکھانے لگتی ہے۔ ایسی دوائی کے ہوتے ہوئے بھی اگر ناظرین فائدہ نہ اٹھاویں تو یہ اون کا قصور ہے۔ اس لئے میں بڑے زور کیساتھ تحریر کرتا ہوں کہ ہر ایک عیالدار کے گھر میں ایک شیشی اس کی ضرور رہنی چاہیئے

یہ دوائی ذیل امراض کو فائدہ کرتی ہے

پلیگ۔ ہیضہ۔ اروچی۔ ہر ایک قسم کے درد پیٹ۔ درد سر۔ ذات الجنب (نمونیا) زکام۔ کھانسی۔ پھوڑا پستان زہریلے جانوروں کے ہر قسم کے کاٹے ہوئے ڈنکوں پر لگانے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ درد دنداں۔ ورم مسوڑا۔ خون تھوکنا۔ درد سینہ۔ ذات الریہ یعنی ورم پھیپھڑہ۔ ہر قسم کی گلٹی پر لگانا۔ ایڑی کا درد۔ ناسور۔ خارش۔ غرضیکہ ہر قسم کی جلدی بیماریوں پر لگانا یا اندرونی بیماریوں پر استعمال کرنا وغیرہ وغیرہ۔

باوجود اس قدر مرضوں کو فایدہ کرنے کے ہمنے محض پبلک کے فائدہ کو مدنظر رکھ اپنی محنت اور لاگت کا خیال نہ کر کے اس کی قیمت صرف چار فی شیشی رکھی ہے۔ اب چونکہ آریہ بھون فنڈ" کرنال کے ذمہ منجملہ مبلغ پانچ ہزار روپیہ کے تقریباً نصف قرضہ باقی ہے۔ اس لئے میں پبلک کو ۱۷ مارچ ۱۹۰۸ء بمو قوجلسہ گورو کل کانگڑی ک اس بات کا موقعہ دیتا ہوں کہ جو صاحب "آریہ بھون فنڈ" کرنال میں سہایتا کرنا چاہیں (جیسا کہ ہم کو آشا ہے) اس طرح دان دیں یعنی خرانچی یا پردھان آریہ سماج کرنال کے نام قیمت شیشی بدیں مضمون ارسال فرماویں کہ ہم یہ رقم مندر فنڈ میں دان دیتے ہیں۔ اور اس کے عوض ہمیں شیشی امرت رس مرحمت فرمائی جاوے اس وقت میں رسید خرانچی یا پردھان وصول کرنے پر شیشیہاء مطلوبہ معہ رسید خریدار کی خدمت میں ارسال کر دوں گا۔ دان کا دان اور نقد کلیان نمونہ کی قیمت ۸ر۔ اصلی قیمت ۴ر۔

۱۷ مارچ ۱۹۰۸ء جلسہ گورو کل کانگڑی تک درخواستہاء جلد آنی چاہئیں۔

(نوٹ) عرق دافع طحال اس کی تعریف لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور نہ سرٹیفکٹ کے اندراج کی ضرورت ہے اور نہ ہی ہماری طبیعت زیادہ تعریف درج کرنیکی مقتضی ہے۔ حلقہ کرنال اس کی خوبی سے خود واقف ہے۔ قیمت فی شیشی معہ محصول ۱ر عہ۔ ایک ماہ میں دو بوتل سے فائدہ نہ ہو تو محض خریدار کی ایمانداری پر قیمت و کی جاوے گی اس سے زیادہ کوئی صداقت نہیں ہو سکتی ۔

المشتہر منیجر و پروپرائیٹر یونانی دواخانہ کرنال (سکرٹری آریہ سماج کرنال)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۶۰۰ سال کی جنتری ۱۶ تا ۲۷ صدی

صدی کے درمیانی سال	پوری صدیاں			
	۱۶۰۰	۱۷۰۰	۱۸۰۰	۱۹۰۰
	۲۴۰۰	۲۵۰۰	۲۶۰۰	۲۷
۰	۸۴	۵۶	۲۸	د ج ن
۱	۸۵	۵۷	۲۹	ز ب ط و
۲	۸۶	۵۸	۳۰	و ا ج ه
۳	۸۷	۵۹	۳۱	ه ز ب ط
۴	۸۸	۶۰	۳۲	ج ه ز ب
۵	۸۹	۶۱	۳۳	ب ط و ا
۶	۹۰	۶۲	۳۴	ا ج ه ز
۷	۹۱	۶۳	۳۵	ز ب ط و
۸	۹۲	۶۴	۳۶	ه ز ب ط
۹	۹۳	۶۵	۳۷	ط و ا ج
۱۰	۹۴	۶۶	۳۸	ج ه ز ب
۱۱	۹۵	۶۷	۳۹	ب ط و ا
۱۲	۹۶	۶۸	۴۰	ز ب ط و
۱۳	۹۷	۶۹	۴۱	و ا ج ه
۱۴	۹۸	۷۰	۴۲	ه ز ب ط
۱۵	۹۹	۷۱	۴۳	ط و ا ج

صدی کے درمیانی سال	پوری صدیاں			
	۱۶۰۰	۱۷۰۰	۱۸۰۰	۱۹۰۰
	۲۴۰۰	۲۵۰۰	۲۶۰۰	۲۷۰۰
۱۶	۷۲	۴۴	ط و	ب ز
۱۷	۷۳	۴۵	ج ه	ا ح
۱۸	۷۴	۴۶	ب ط	ز ب
۱۹	۷۵	۴۷	ا و	و ا
۲۰	۷۶	۴۸	و ا	ط و
۲۱	۷۷	۴۹	ه ز	ج ه
۲۲	۷۸	۵۰	ط و	ب ط
۲۳	۷۹	۵۱	ج ه	ا ج
۲۴	۸۰	۵۲	ا ج	و ا
۲۵	۸۱	۵۳	ز ب	ه ز
۲۶	۸۲	۵۴	و ا	ط و
۲۷	۸۳	۵۵	ه ز	ج ه

ہدایت

جس سال کے مہینے کی جو تاریخ دیکھنا مطلوب ہو اُسی صدی کے نیچے اور درمیانی سال کے برابر جو حرف ہو اُس سی مہینے کے برابر حروف میں تلاش کرو۔ پھر نیچے اُسی کالم میں جس تاریخ کے مقابل جو دن ہو گا۔ وہی اس تاریخ کو دن ہو گا۔ مثلاً ۳۱ دسمبر ۱۹۰۰ء کا دن دیکھنا منظور ہے تو پہلے خانہ ۱۹۰۰ کے نیچے اور ۱۹۰۰ء کے برابر دیکھ کر حرف (و) ملا اس کو ماہ ستمبر کی برابر کی سطر میں دیکھ کر اسی کالم میں نیچے ۳۱ تاریخ کے مقابل غور کرنے سے منگل نکلا۔ پس ۳۱ دسمبر ۱۹۰۰ء کو یہی دن تھا +

جنوری	اکتوبر	ا	ب	ج	ط	ه	و	ز
فروری	مارچ نومبر	ط	ه	و	ز	ا	ب	ج
جنتری	اپریل جولائی	ز	ز	ب	ج	ط	ه	و
	مئی	ب	ج	ط	ه	و	ز	ا
	جون	ه	و	ز	ا	ب	ج	ط
فروری	اگست	ج	ط	ه	و	ز	ا	ب
	دسمبر	و	ز	ا	ب	ج	ط	ه

نوٹ

واضح رہے کہ مہینوں کے خانہ میں ماہ جنوری و فروری جو دو مہینے نسخ خط سے دوبارہ لکھے گئے ہیں یہ لیپ کے سال کے لئے ہیں یعنی جو سال درمیانی سال کی صورت میں ۴ پر اور صدی کی صورت میں ۴۰۰ پر پورا تقسیم ہو جائے اُسے لیپ کا سال کہتے ہیں۔ اس میں فروری ۲۹ دن کا ہوتا ہے :-

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Interest in Database

Signature with Date

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar